کی ہے اور اتباع کی اصل یہ ہے کہ سارے کام میں خواہ وہ کام دنیا کا ہو خواہ دین کا
خواہ عادت کا ہو خواہ عبادت کا پیروی آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کرے
تب شریعت کی پیروی عادت کو عبادت کر دیتی ہے اور باطن کو روشن کر دیتی ہے
اور بندہ کو یہ بات یاد رکھنی ہے کہ ہم بندے ہیں چنانچہ اس پیروی کی حقیقت انشاء
اللہ تعالیٰ تیسری فصل میں معلوم ہوگی اب اس پیروی کا باعث ہر ایک سچا ایمان اور
اللہ تعالیٰ کی محبت ہے اور یہ دونوں بات ذکر اور مراقبہ سے حاصل ہوتی ہیں اسواسطے
ذکر اور مراقبہ کا بیان ہم شروع کرتے ہیں۔ وہ یہ ہے کہ ذکر اور مراقبہ جیسا کہ
قول الجمیل اور صراط المستقیم اور زاد التقوی وغیرہ معتبر کتابوں میں ہے اور یہی کہ
سیر اور سلوک بھی لکھتے ہیں سو مرشد کامل سے اُنکو سمجھ کے مطابق عمل کرے اور
اس فصل میں ہم پیشتر مسئلہ اور فقرا کے سلوک کی باتیں لکھتے ہیں سو باقی باتون کو

زاد التقوی وغیرہ پر حوالہ کرین گے اور اکثر بلکہ بالکل مضامین حضرت شیخ احمد سرہندی
مجدد الف ثانی قدس سرہ کے مکتوبات کے جلد اول سے ہین کہ اختصار کر کے
لکھین گے اور اگر کہین جلد ثانی کے مکتوب مین سے کچھ لکھین گے تو وہان جلد ثانی
کا نام لکھ دین گے اور جو مسئلے عقائد کے مکتوبات مین ہین سو بہت معتبر ہین
چنانچہ علما خود دیکھا تے ہین اور انہین مکتوبات سے جب جسے کوئی مضمون لکھا تو گویا
عقائد اور معاملہ کی سیکڑون کتابون سے لکھا۔ اب پہلے جاننا چاہیے کہ موافق مضمون
عوارف المعارف اور قول الجمیل کے جسکو رتبہ مشیخت کا حاصل ہو اُسکو مرشد و فقیر کرا
یہ بات تو سب کوئی جانتا ہے مگر اس مقدمہ مین جو ضروری بات ہے اُسکو مکتوب بست و سیوم
مین لکھا ہے اُسکا خلاصہ یہ ہے کہ دنیا کھیتی ہے سو آخرت کی کھیتی کرنے کے واسطے ہے سو جو
شخص کہ اپنی استعداد کی زمین کو معطل اور بیکار رکھے اور اپنے اعمال کے تخم کو ضائع
کرے تو اسکے واسطے سخت عذاب ہے اب جاننا چاہیے کہ زمین کا ضائع کرنا اور معطل
رکھنا یہ ہے کہ اپنی استعداد کی زمین مین کچھ نہ بوے یعنی کسی مرشد سے سلوک
کی راہ نہ سیکھے اور گندہ خراب ڈالنے یعنی تخم بوے یعنی برے ناقص مرشد سے سلوک
سیکھے اور اس قسم کا ضائع کرنا یعنی برے مرشد سے مرید ہونا اور اُس سے سلوک
سیکھنا پہلے قسم کے ضائع کرنے سے یعنی مرید ہونے اور سلوک نہ سیکھنے سے بہت
بڑھ کے برا ہے اور اپنی استعداد کو سخت ضائع کرنا اور فساد برپا کرنا ہے اور یہ
بات تو خوب ظاہر ہے کہ تخم کی برائی اور اُسکا فساد یہ ہے کہ ناقص سالک سے مرید
ہو اور اُس سے سلوک سیکھے اور اُسکے موافق سلوک اختیار کرے یعنی ذکر اور مراقبہ
شغل اور غوری وغیرہ یا نفس کی عقل کے موافق اختیار کرے یعنی سوا اسکے کہ مرشد
سے حاصل کیا ہے تو خواہش نفسانی کا اتباع ہے اور جس چیز مین خواہش نفسانی
[illegible] فقر [illegible] خواہش نفسانی کی تابعداری ہے مدد

ری ہے جیسے مرید کرنا یکی پرنا بھی حاصل ہوتی ہے اور آگے سے بھی زیادہ خراب
ہوا ہے ناقص مرشد نے بعضون اور مریدون کی استعدادون کے مختلف ہونے کو
پہچانا نہین اور اُسکو اس بات کی تمیز نصیب ہوئی بس وہ بغیر پہچانے سکے ہوے پہلے
ہی اُسکو اپنا طریقہ سکھاتا ہے اور مرید کو راہ سے گمراہ کر دیتا ہے جیسا کہ آپ گمراہ ہو چکا
ہے ۔ تو اب ایسے مقام مین مرشد کامل مکمل یعنی جو شخص آپ کامل ہے اور مرید کو کامل
کرنے جانتا ہے جب اس طالب کو تربیت کرنے اور سلوک سکھانے اور صحیح طریقہ
بتلانے چاہے گا تو پہلے اُسکو اس بات کی حاجت پڑیگی کہ اُس طالب نے ناقص
مرشد سے جو راہ اور طریقہ پایا ہے اُسکو پہلے دور کرے اور نکال پھینکے اور اُس طریقہ کے
سبب سے جو طالب بگڑ گیا اور گندہ ہو گیا ہے اُس بگاڑ اور گندہ پن کی اصلاح کرے
یعنی اُسکو سنوارے اور درست کر دے تب اسکے بعد اچھا تخم اور نیک تخم مرید کی
استعداد اور لیاقت کے موافق مرشد کی استعداد کی زمین مین بووے تب
وہ تخم بڑی خوبی کے ساتھ اثر کریگا پھر اس مقام مین جو آیت کا ترجمہ لکھا ہے اُس آیت
کو پوری لکھ دیتے ہین وہ یہ ہے کہ اور اُسکا ترجمہ اور فائدہ ترجمہ ہندی سے
لکھتے ہین فرمایا اللہ تعالی نے سورہ ابراہیم مین اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً
كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ أَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِي السَّمَاءِ تُؤْتِي أُكُلَهَا كُلَّ حِينٍ بِإِذْنِ
رَبِّهَا وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ۝ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ
كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْأَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ۝ تو نے نہ دیکھا
کیسی بیان کی اللہ نے ایک مثال ایک بات ستھری جیسے ایک درخت ستھرا اسکی
جڑ مضبوط ہے اور ٹہنی آسمان مین لاتا ہے پھل اپنا ہر وقت اپنے رب کے حکم سے اور
بیان کرتا ہے اللہ کہاوتین لوگون کو شاید وہ سوچ کرین اور مثال گندی بات
کی جیسے درخت گندہ اکھاڑ لیا اوپر سے زمین کے کچھ نہین اُسکو ٹھہراؤ

ف مسلمانون کا دعوی درست ہے جسکی دلیل صحیح ہے اور ظل مجاز رکھتا ہے
اور وزیر وزیر چہنا ہی اور کافرون کا دعوی جڑ نہین رکھتا۔ تھوڑا دہیان کرنے سے
غلط معلوم ہونے لگتا اور دل مین اوس سے کچھہ نور نہین آتے۔ پھر آگے
فرماتے ہین سو صحبت شیخ کامل مکمل کی کبریت احمر ہے نگہ کیمیا شیخ نے نظر اسکی دعا
ہے اور بات اسکی شفا ہی اور [illegible] النقاد یعنے مرشد موصوف
کی صحبت کے سوا جو ہے سو خار ناک درخت پر ہاتھ لگانا ہے یعنی خاردار درخت
کی شاخ پر ہاتھ لگانا اس غرض سے کہ اسکے پتے جھڑ پڑین سو اسمین اسکی غرض کے
الٹے ہو جاتا ہی کہ لگنے والے کے ہاتھ مین کانٹا چبھتا ہی یعنے ناقص مرشد سے
مرید ہونے مین بھلے کا برا ہو جاتا ہی اور ثابت رکھے ہمکو اللہ سبحانہ اوپر
شریعت مصطفویہ کی اور پر اُس شریعت کے ایک پر مبادی اور سلام اور تحیہ اُسکو
کہ شریعت سارے کام کی درستی کا باعث ہی اور نجات اُسی پر ٹھہری کی [illegible]
اسی پر مقرر ہی اور کسی نے کیا خوب کہا ہی فارسی مین ۔ بیت

محمد عربی کابروی ہر دو سرا است	کسیکہ خاک درش نیست خاک برسر ا

انتہی۔ اور شیخ کامل مکمل کی صحبت کی خواہش دلانے اور ناقص مرشد کی صحبت
پرہیز کرنے کا بیان مکتوب شصت و ہفتم مین بھی لکھا ہے اسکا خلاصہ یہ ہے کہ
بسبب کمال دنارت اور خساست اور گرفتار ہونے دنیا ہونے کے طالب گرفتہ
اندیس عز سلطانہ مین کوئی مناسبت نہین ہی اسواسطے ایک برزخ ذی جہتین
یعنے ایک شخص درمیانی اللہ سبحانہ اور مرید کے درمیان مین درکار ہے اور
درمیانی شیخ کامل مکمل ہے اور اللہ تعالی کی طلب مین خلل پڑنے کا بڑا قوی سبب
اُس ناقص شیخ کے پاس رجوع کرنا ہی جس نے سلوک اور جذبہ کے ساتھ اپنے
کو پورا کر کے ناحق مرشدی کی مسند پر بیٹھا لیا ہی سو اسکی صحبت طالب کیلیے ایسا

زہر قاتل ہی اور ایسے مرشد کی طرف رجوع کرنا مرض مہلک ہی اور طالب کی بلند ہمتی
اسکی صحبت پست کر دیتی ہی اور بلندی سے پستی مین ڈال دیتی ہی۔ مثلاً جو مریض
کہ ناقص طبیب کی دوا کھاتا ہے وہ اپنے مرض کے زیادہ ہونے مین کوشش
کرتا ہی اور اسمین اُس مرض کے دور ہونے کی جو قابلیت ہی سو اُسی قابلیت کو ضائع
کرتا ہی اور اگرچہ وہ دوا شروع مین ایک طرح کی تخفیف بخشتی ہے لیکن فی الحقیقة
اُسمین ضرر بھرا ہی اگر قضا را مریض طبیب حاذق کے پاس پہنچے گا تو وہ طبیب پہلے
اُس ناقص طبیب کی دوا کی تاثیر دور کرنے کی فکر کرتا ہے اور مسہلون سے معالجہ
کرتا ہے اور اُس تاثیر کے دور ہونے کے بعد اُس مرض کے دور ہونیکی فکر کرتا ہی
ان بزرگوارون کے طریق کا مدار صحبت پر ہے قدس اللہ اسرارہم اور کہنے سننے کو
یعنے زبانی باتون سے اور ٹر مارنے سے کوئی کام نہین نکلتا بلکہ طلب مین سستی
پیدا ہوتی ہی انتہی جب یہ سب مضمون ذہن نشین ہوا تو اب خوب جانو کہ اس زمانہ مین
اس ملک مین جیسے مرشد کامل مکمل حضرت مرشد برحق تھے ویسا دوسرا نظر نہین پڑتا
الا ماشاء اللہ اور انکا طریقہ فی الحقیقة طریقہ محمدیہ ہی اور اس طریقہ مین داخل
ہونا بلاشبہہ محمد عربی صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے کی خاک ہونا ہے اور دو
طریقے بھی بلاشبہہ مقبول ہین مگر اس ملک مین اُنھی طریقہ کے خلیفہ لوگ ایسے نظر نہین
پڑتے کہ فقہ عقائد تصوف کے موافق انکا عمل ہو بلکہ معاملہ برعکس نظر پڑتا ہی کہ ان
تینون علوم پر عمل کرنیوالون سے وہ لوگ بالکل ناراض ہین اور طرح طرح سے [illegible]
یا انکار سے ان تینون علم پر عمل کرنے والون کو کہ وہ لوگ اس ملک مین طریقہ
محمدیہ والے مین برا کہتے ہین اور اپنا یہ حال بنائے ہین کہ کوئی کسی بدعت مین گرفتار ہے
کوئی کسی بدعت مین اور اُسی بدعت مین اُنکی عمر گذری جاتی ہی یہانتک کہ باوجود
دعوی صوفی ہونے کے تصوف کی کتاب مثل عوارف المعارف اور تعرف اور امام

قشیری کے رسالہ اور فتوح الغیب کا مضمون سُننے لگ ہو جاتے ہیں کیونکہ کتاب
آنکھ رو میں ہیں اس سے زیادہ ہمکو لکھنے کی حاجت نہیں لوگ خود ناقص اور کامل
مرشد کو پہچان کے ناقص سے پرہیز اور کنارہ کرین اسواسطے اچھے لوگ ہر طریقہ
والے اس طریقہ محمدیہ میں داخل ہوتے جاتے ہیں اور اس خاکسار نے ہزاروں
میں سے صرف دو آدمی کو نشا میں گرفتار اور مجذوب پایا ایک کو اس خاکسار نے
خود دیکھا کہ پہلے کسی راگ سُننے والے درویش کا مرید تھا بعد اسکے حضرت مرشد
برحق سید احمد قدس سرہ کا مرید ہوا بعد لیٹنے ملک میں جا کے لوگوں کو مرید کرنا
اور راگ سُننا اور زبردستی بناوٹ سے حال لانا تعلیم کیا اور طریقہ محمدیہ کی تعلیم سے
بجز واسطہ رکھا یہانتک کہ اپنے مرید کو شجرہ جو دیا تو اسمین فقط اپنے اُس راگ
سُننے والے مرشد کا سلسلہ لکھا حضرت سید صاحب کا سلسلہ نہ لکھا اور ایک
آدمی کا حال سُنا کہ پہلے حضرت مرشد برحق سے مرید تھا اُن کے جہاد میں جانے
بعد دوسرے شخص سے بیعت کیا اور شغل اشغال کی تعلیم ناقص طور سے کرتا رہا
اور طریقہ محمدیہ سے بالکل علاقہ نہ رکھا سو دونوں کے حال لکھنے کی حاجت نہیں
اللہ غفور رحیم ہے اُن دونوں کو بخشے ایسے لوگوں کا حال دیکھ کے ایک بڑا
اچھے مسلمان نے لکھا کہ پیر کے ہاتھ پر بیعت کر کے پھر کسی کے ہاتھ پر بیعت کرنا بہت
برا ہے اور حقیقت میں وہ لوگ نام کی نہیں ہیں خدا جانے کیونکر ہے ہیں یا جب
بھی نہیں ایسے ایسے لوگوں کا حال لکھنا فقط اسواسطے ہے کہ لوگ ہوشیار کریں اور
حقیقت یہ ہے کہ طریقہ محمدیہ میں داخل ہونے سے غالب سارے طریقوں میں داخل
ہو جاتا ہے اور طریقہ محمدیہ کے انکار کرنے سے سارے طریقوں کا انکار لازم
آتا ہے کیونکہ طریقہ محمدیہ سارے طریقوں کا خلاصہ ہے جیسا کہ شریعت محمدی سارے
شریعتوں کا خلاصہ ہے اور جناب اس شریعت کی گویا تابع ہے ساری شریعتوں کی

…یں مضمون کو مکتوب نمبر دوسم اور نمبر ہفتم میں دیکھیں بعد طریقہ محمدیہ کی بنا ہے
…اح شریعت محمدیہ پر اور اسکے سلوک کی بنا ہے دونوں جناح یعنے دونوں بازوؤں کے
…تھ عالم حقیقت میں طیران کرنے پر سو اسکا بیان یہ ہے

دوسری ہدایت

…یقہ محمدیہ کے سلوک میں بموجب مضمون خاتمات نامہ کے جو بات ضروری ہے وہ اصل
…ہے سو اسکا بیان مکتوب نود و یکم اور نود و چہارم میں دیکھو اسکا خلاصہ یہ ہے کہ پہلے
…عقائد کو صحیح کرنا ہے موافق رائے علماء اہل سنت و جماعت کے جو فرقہ ناجیہ
…ہیں۔ اور دوسرے عمل کا بجا لانا بموجب احکام فقہیہ کے بعد جان لینے اُن احکام
کے جو فرائض اللہ اور سنتیں اور واجبات اور مستحبات اور حلال ہے حرام اور مکروہ اور مشتبہ
…ن سے ہیں جب یہ دونوں بازو اعتقادی اور عملی میسر ہوئے تب اگر اللہ جل سلطانہ
…ی توفیق مدد کرے تو عالم حقیقت میں طیران کرنے اور اُڑنے سکتا ہے اور بغیر
حاصل ہونے ان دونوں بازوؤں کے عالم حقیقت میں پہنچنا محال ہے۔ بیت

محال است سعدی کہ راہ صفا		توان رفت جز در پئے مصطفیٰ

…مقصود اعمال شریعت اور احوال طریقت اور حقیقت سے تزکیہ یعنے پاک کرنا نفس
اور تصفیہ یعنے صاف کرنا قلب کا ہے جب تک نفس پاک نہو جاوے اور قلب صاف
…ا نکرے تب تک ایمان حقیقی کہ جسکے اوپر نجات موقوف ہے میسر نہو اور یہ معنی
…سب کی اُسوقت حاصل ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا ہرگز دل میں خطرہ نکرے
…ہزار سال گزر جاوے غیر اللہ کو دل میں نہ آوے اسواسطے کہ اسوقت میں اُنکو
…سوا اللہ سے پر نسیان میسر ہوا ہے اگر بہ تکلف دل کو ماسوا اللہ یاد دلاوین
…نکرے اس حالت کو فنا بولتے ہیں اور یہ اس راہ میں قدم اول ہے دیکھو
…سط الفناء نہی غرض الفناء کے معنی اوپر لکھے گئے یعنی پہلے کا برا ہو یا…
…ب جو شخص فقہ پر عمل نکرے یا اُسکا عقیدہ اہل سنت و جماعت کے عقیدہ کے

خلافت ہو وہ شخص طریقۂ محمدیہ کا امام ہے سبحان اللہ اسی سبب سے اس طریقہ
میں داخل ہونے کا شوق خواہ مخواہ حق کے طالب اخلاص والے کے دل میں جوش
مارتا ہے اور اسیواسطے ہر طریقہ کے بزرگین تبرکاً اس طریقہ میں بیعت کر لیتے ہیں اور جو شخص
جسکو اخلاص اور مقام عبودیت کا حاصل کرنا منظور ہے وہ شخص خواہ مخواہ اس طریق
میں داخل ہوا چاہے اسی واسطے حضرت مرشد برحق کے مرشد حضرت مولانا شاہ عبد العزیز
محدث دہلوی قدس سرہ کی اجازت سے اُن کے مرید لوگ حضرت مرشد
برحق سے بیعت کئے اور حضرت محدث دہلوی رحمہ اللہ جو مرشد برحق سے بیعت
کرنے کی خواہش رکھتے تھے اُسکا ذکر ہم قریب ہی کرتے ہیں انشاء اللہ تعالیٰ
اور چونکہ اس دورہ کے مجدد اور صاحب طریقہ حضرت مرشد برحق ہیں اسواسطے
اُن کے طریقہ سے فیض لینا اچھے لوگوں اور اخلاص والوں کا کام ہے اور حق
یہ ہے کہ اس زمانے میں اُن کے طریقہ کا فیض سبکو پہنچتا ہے گو کہ اُن کو خبر ہو
اس بات کی مثال الطاف القدس میں حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ
نے لکھا ہے کہ آفتاب خربوزہ اور تربوز کو پختہ کرتا ہے گو کہ آفتاب نجانے
کہ زمین میں خربوزہ بویا ہے اور گو کہ خربوزہ نجانے کہ اُسکا پختہ ہونا آفتاب کی تاثیر
سے ہے اور اس بیان کی حقیقت صراط المستقیم میں پانچویں افادہ مذکورہ میں مقام
رابعیت ادوار و اطوار کے بیان میں دیکھیں اُسکا خلاصہ یہ ہے کہ جب ایک دورہ
تمام ہوتا ہے اور دوسرے دورہ کا شروع نمود ہوتا ہے تب ایک شخص
جو بڑا کامل ہوتا ہے اُسکو پیدا کر کے حق سبحانہ سابق کے دورہ کی ہدایت کو زرد
کر دیتا ہے اور اُسکو نیا زمان مقرر کر کے آدمی لوگوں کو نئی احکامات کی طرف یعنی
دین کی تازگی کرنے والی نئی ہدایت کی طرف دعوت فرماتا ہے اور اُس بڑے کام
شخص کو اُس دورہ کی امامت بخشتا ہے اور سارے اہل کمال جو اس دورہ میں

ہوتے ہیں در حقیقت اُس امام کے تابعدار ہوتے ہیں اگرچہ وہ اہل کمال اُس
امام کو جانیں یا نجانیں جو اہل کمال کی تابعداری کا جو بیان کیا ہے اُسکا خلاصہ یہ ہے
یہ ضرور نہیں کہ یہ سب اہل کمال اُس امام کے خلیفہ یا شاگرد ہوں بلکہ جس خدمت
کے واسطے وہ امام پیدا ہوا ہے اور اُس خدمت کے مناسب جو علوم اللہ تعالیٰ نے
اُس امام کے دل میں ڈال دیا ہے اُس کے دل میں ڈالنے کے بعد وہی علوم
اُن اہل کمال کے دل میں ڈالا جاتا ہے اور سارے ملک کے اہل کمال بھی اُسکو
جاری کرنے لگتے ہیں جو بات وہ امام جاری کرتا ہے۔ اب اگر آدمی تھوڑا سا
انصاف سے غور کرے تو سمجھ جاوے خلاف ڈھول باجے بھی فاتحہ وغیرہ بات
کہ جو حضرت مرشد برحق مٹاتے تھے تو دوسرے بزرگین ہندوستان و بنگالہ
کے بھی اسکو مٹانے لگے باوجودیکہ حضرت مرشد برحق سے اُن سے ملاقات نہیں
ہو سکی اسکے اور بھی بہت سی باتیں ہیں کہ وہ بزرگین اسمیں حضرت مرشد برحق کی
موافقت اور تابعداری کرتے تھے اُسکے بیان کا موقع نہیں۔ بیت

مصلحت نیست کہ از پردہ برون افتد راز	ورنہ در محفل رندان خبری نیست کہ نیست

اور اس مضمون کو اگر کوئی اور بھی تفصیل کے ساتھ دریافت کیا چاہے تو تفہیمات
جو بڑی عمدہ کتاب شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ کی تصنیف ہے اسکے
پہلے مجموعہ میں دیکھے اُسکا خلاصہ ہم شرح کر کے لکھتے ہیں تاکہ سبکی سمجھ میں آوے اور وہ
یہ ہے کہ حق سبحانہ تعالیٰ نے جب حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو خلق کی ہدایت
کے واسطے نبی کر کے بھیجا تب اپنی ایک مدد اور عنایت کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کے دین کی حفاظت کیواسطے لگا رکھا اور فرمایا چودہویں سیپارہ سورۂ حجر میں
اِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ۞ اور ہم آپ اُسکے نگہبان ہیں تاکہ سبب اُس مدد کے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دین سارے دین پر غالب رہے اور جو کچھ کہ

اُس دین کے ظاہر کرنے سے عرب اور عجم کا درست کرنا مقصود ہے سو بخوبی
حاصل ہوا اور چونکہ دین کے ایک ظاہر ہے یعنے اُسکا ظاہری اسباب ہیں کہ
قرآن اور احکام شرعی ہے اور ایک باطن ہے یعنے اُسکا باطنی اسباب ہیں کہ
طاعت کے انوار اور آثار کا ظاہر ہونا اور مشاہدہ اور حق الیقین کا حاصل ہو
ہے بواسطے اللہ تعالیٰ کی مدد اور عنایت بھی دو قسم ہوئی ایک قسم یہ ہے کہ قرآن
اور احکام شرعی کو خوب جاری کریں اور اُسمین تحریف نہونے پاوے اور دوسری
قسم یہ کہ دین کی باطنی باتیں مانند مراقبہ اور مشاہدہ کے جو احسان کے مرتبہ میں داخل
ہیں لوگوں کو تعلیم کریں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بخوبی اس دونوں کو
انجام دیا پھر جب آنحضرت کا انتقال عالم علوی کی طرف ہوا تب بموجب وعدے
محافظت دین محمدی کے آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وارثوں میں یعنی خدا
دین میں یعنے دین کے علما میں جو دین کا بوجھ اوٹھائے ہیں بقدر اُنکی استعداد
اور لیاقت جبلی کے وہ عنایت ربانی ظاہر ہوئی اور اُن وارثوں کا بیان یہ
کرتے ہیں تب اُنہیں وارثوں میں سے ایک فرقہ موافق استعداد ازلی کے
اُس عنایت الٰہی کے نشانہ ہوئے یعنی وہ عنایت اُن کے شامل حال ہو
اُن سے ظاہر شرع کی محافظت کرانے کے واسطے اور وہ کون فرقے ہیں
اور محدثین اور غازی لوگ اور قاری لوگ ہیں سو اُن پر اللہ تعالیٰ نے عنایت
تاکہ یہ لوگ ہر زمانے میں اپنے اپنے زمانہ میں بڑی کوشش کریں کہ دین میں کوئی
تحریف نکر سکے اور دین کے حاصل کرنے کی رغبت اور خواہش لوگوں کو دلاویں
اور پھر سو برس کے سرے پر مجدد پیدا ہوتا رہے اور دین کو تازہ کرتا رہے
شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اس بات کا بڑا بیان ہے اُسکے بیان کا دوسرا
ہے سو اُس بیان کا خلاصہ یہ ہے کہ مجدد لوگ جو پیدا ہوا کریں گے تو انکے

میں کہ یا تو ایک ہی مجدد دین کے سارے احکام کی موافقت کریگا اور یا الگ الگ ایک
احکام کی موافقت کیواسطے ایک ایک مجدد ہوا کریگا مثلاً قرآن شریف کے متن کی محافظت
کے واسطے قاریوں میں سے ایک مجدد ہوا کریگا ایسا ہی فقہا اور محدثین میں سے
ایسا ہی اسلام کو سرسبز رکھنے والے اہل اسلام کی ... کیواسطے غازی مجدد ہوا
کریگا ایسا ہی باطن شریعت کی موافقت کیواسطے جسکا بیان تصوف میں ہے صوفیہ
میں سے مجدد ہوا کریگا وعلی ہذا القیاس مثلاً لغت کے علم اور صرف نحو وغیرہ علوم
ادب کی موافقت کیواسطے مجدد ہوا کریگا ایسا ہی لکھا ہے اشعۃ اللمعات شرح
مشکوۃ میں — پھر شیخ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اور اُنہیں وارثوں میں سے
دوسرے فرقے موافق استعداد ازلی کے اُس عنایت الٰہی کے نشانہ ہوئے
دین کے باطن کے نگاہ رکھنے اور موافقت کیواسطے اور دین کا باطن جو ہے اُسکو
شریعت میں احسان کہتے ہیں اُسی کا بیان تصوف میں ہوتا ہے — سو اُس عنایت کے
فرقے پر عنایت الٰہی ظاہر ہوئی اسواسطے تاکہ ہر قرن میں یہ لوگ اُس زمانہ کے
لوگوں کے مرجع ہوں اور لوگ اُنکے پاس جمع ہوں اور اُنکو وہ لوگ طاعات
کے انوار حاصل کرنے اور طاعات کی حلاوت اور لذت پانے اور اچھی
خصلتیں اور بلند احوال کے حاصل کرنے کی کیفیت اور طریقہ تعلیم کریں حاصل
کلام کا یہ ہے کہ ہر قرن میں اولیاء اللہ میں سے ایک مرد پیدا ہوتا ہے کہ دین کا باطن
اور اُسکا مغز جو احسان ہے اُسکے سمجھانے اور مشہور کرنے کیواسطے اُس مرد میں
عنایت الٰہی ظہور فرماتی ہے اور اس کام کا سرانجام اُسکے ہاتھ سے اللہ تعالیٰ
کرواتا ہے — بیت

کار زلف تست مشک افشانی اما عاشقان ٭ مصلحت را تہمتی بر آہوی چین بستہ اند

یعنی حقیقت میں دین کے بس سب کام کا سرانجام دینا اللہ سبحانہ کا کام ہے

ہر صلوٰت کے واسطے ان سب دین کے منافعوں کو کہ جس نے وسیلہ مقرر کیا ہے
پھر جب یہ مضمون اولیاء اللہ میں سے کسی ولی میں ظاہر ہوتا ہے یعنی شریعت
کے باطن کے ظاہر کرنے کے واسطے جب کوئی ولی مجدد پیدا ہوتا ہے تب
اسکے مجدد ہونے کا نشان یہ ہے کہ اسکی شان کی بلندی سارے لوگوں کے
دل میں ڈال دیتا ہے اور سارے لوگوں کے دل کو اسکی طرف پھیر دیتا ہے
اور لوگوں میں اسکی ذکر خیر مشہور کر دیتا ہے اور اس زمانے کے لوگوں کی طبیعتوں
کے مناسب دین محمدی کے وظائف میں سے جو اشتغال ہوتا ہے اسکو اللہ تعالیٰ
اس ولی کے دل میں الہام کرتا ہے اور اسکی صحبت اور اسکی بات میں ایک جذب اور
کشش اللہ کی طرف کی اور ایک تاثیر پیدا کرتا ہے اور طرح طرح کی کرامت مانند کشف کے
دل کی صفائی کے سبب دور کے مکانات یا غائب چیزیں اسکو ظاہر ہوتی ہیں اور مانند اسکے کہ کسی کے
دل کا ارادہ اور خیال اسکو معلوم ہو جاتا ہے اور مانند اللہ کی قوت اور مدد سے
خلق میں تصرف کرنے کے مثلاً بیمار کے مرض کا دور کر دینا یا گنہگار پر ایسا توجہ
دینا کہ وہ توبہ کرے اور مانند استجابت دعا کے کہ اسکی دعا قبول ہو جاتی ہے
اور جو باتیں اس قسم سے ہیں اس سے ظاہر کرتا ہے اور اسکے پاس طالبوں کے
جمع رہنے سے اور اس مجددی کے مقام کے مناسب جو باتیں ہیں ان میں اس
مجدد کے لگے رہنے سے مثلاً وہ مجدد اشتغال اور اوراد کی ترتیب بیان کرتا ہے
کہ پہلے یہ شغل کریں تب یہ کریں اور اوسمیں تعین کرتا ہے کہ فلانے شغل میں اس
نام کا ذکر کرنا اور اسمیں اس طرح سے نشست کرنا ہے اور فلانے میں دم بند کرنا ہے
وغیرہ اس قسم کی باتوں کے سبب سے اسکا خانوادہ نکلتا ہے اور لوگ اس خانوادہ
میں سلوک کرتے ہیں اور اپنے مطلب کو جلد پہنچتے ہیں اور مددگار اور خیر خواہ
اس خانوادہ کا ہمیشہ مظفر اور منصور رہتا ہے اور اس خانوادہ کا بدخواہ اور اسکے

...ے اور بغض رکھنے والا اور اسکی مدد نہ کرنے والا ہمیشہ رسوا رہتا ہے اور حق اور خلق
...لامت ہوا رہتا ہے اور اس خانوادہ کے گروہ کا رعب اور ہیبت عوام اور خواص
کے دل میں اللہ تعالیٰ ڈال دیتا ہے اور حق سبحانہ و تعالیٰ الہام کے قسم اور کشش باطن
کے جواب دینے کے قسم سے ایسے اسباب درست کر دیتا ہے کہ اس خانوادہ میں
وہ اسباب لوگوں کے جمع ہونے کا سبب ہوتا ہے اور ناگاہ جبکہ وہ عنایت الٰہی دوسرے
شخص کی طرف متوجہ ہو اسی خانوادہ میں عنایت الٰہی رہکر کے دوسرا خانوادہ نیا پیدا
کرتی ہے تب وہ پہلا خانوادہ جیسا کہ ایک جسم بے روح کا رہ جاتا ہے اور ایک سلوک
رہ جاتا ہے یہ جذب کا نہیں اور اس بات کی شرح یہ ہے کہ وہ پہلا سلوک جو ہے سو
اسکی خرابی میں شبہ نہیں مگر وہ سلوک اس زمانہ کے قبل کے لوگوں کی طبیعتوں کے
مناسب تھا اور دوسرا مجدد جو اب ہوا ہے سو اب اس زمانہ کے لوگوں کی
طبیعتوں کے مناسب ہے اب جو سلوک ہوگا سو قائم کرے گا۔ مثلاً حضرت مرشد
برحق کے زمانہ میں لوگ شرک اور بدعت اور لامذہبی کے مرض میں گرفتار تھے
انھوں نے اپنے سلوک میں اس مرض کی دوا کو مقدم کیا اور اپنے خانوادہ
میں شرک اور بدعت کا منع کیا اور پیشواؤں کی تقلید اور اتباع شریعت کا حکم دیا اور ان کے
زمانے میں کافروں کا ایسا غلبہ ہو گیا تھا مثلاً لاہور کے علاقہ میں کہ سکھ لوگ کافر
لوگ نہایت ذلیل سمجھتے تھے اور ہر طرح سے مسلمانوں کو بیگار پکڑتے تھے
مرشد برحق نے اپنے طریقہ میں جہاد کی بڑی ترغیب دلایا اور خود آپ جہاد کو
گئے تب مسلمانوں کو طریقہ محمدیہ میں داخل ہونا بہتر تھا اسی مصلحت سے مرشد
برحق کے ہاتھ پر بیعت جہاد کی کرنا فرض دریافت دینی میں داخل تھا اسی مصلحت کے واسطے
حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی قدس سرہ ان سے بیعت کرنے کی
لوگوں کو ترغیب دلاتے تھے۔ پھر اسی مجدد کے آگے زمانے میں کبھی ایک تابع

ہیں بہت سے قطب لوگ ہوتے ہیں ہر قطر میں جیسے ایک کنارے میں ایک
قطب ہوتا ہے انکو جذب کی حقیقت حاصل ہوتی ہے یعنی صرف اللہ پر اُسکی
نگہ لگی ہوتی ہے اور کسی خانزادہ کا اقرب طرق الی اللہ ہوتا ہے یعنی اُس خانزاد
کا ایسا ہونا کہ اُسکے موافق سلوک کرنے سے اللہ تعالی کا قرب جلد حاصل ہوتا ہو
یہ بات اُس عنایت الہی کے درجہ کا اثر ہے نہ کہ اُسی خانزادہ کا یہ خاصہ ہو
اُنکی خیال یہ ہے کہ حوض کے پانی میں تاروں کی صورت کا عکس جو پڑتا ہے تو اگر تہ
بالکل […] تن کا پانی بدل جاوے اُس صورت کا کچھ زیان نہیں ہوتا بیت

دم بدم گر شود لباس بدل		مرد صاحب لباس را چہ خلل

یعنے ہر خانزادہ میں عنایت الہی سے فائدہ ہوتا ہے اور خانزادوں کا بدلنا کچھ
زیان نہیں کرتا اصل مقصد جو دین کا تازہ اور جاری کرنا ہے سو سب خانزادوں
میں موجود رہتا ہے فقط مصلحت کیواسطے خانزادہ بدلا جاتا ہے لیکن ہر زمانے
میں قطب لوگ اور اُن کے حواری یعنے اُن کے طریقہ کے مددگار لوگ ایسے
ہوتے ہیں جیسا کہ اُنہوں نے اپنے خانزادہ کی ترجیح لکھی ہے اور اُس خانزادہ میں اللہ
تعالی کے قرب کا جلد حاصل ہونا ثابت کرتے ہیں سو وہ لوگ سچے ہیں جیسی انباء
جو ہم نے اوپر بیان کیا یعنی سب خانزادوں میں اللہ سبحانہ کے قرب جلد حاصل
ہونے کی راہ موجود ہے حاصل کلام کا خانزادے بہت ہیں اور بہت تھے اور
بہت ہوں گے اور خانزادوں کا حصر کرنا کہ اسقدر ہیں معقول نہیں یعنے عقل
قبول نہیں کرتی کیونکہ شریعت میں مجددوں کے قیامت تک پیدا ہوتے جانے
کی خبر ہے۔ پھر بعضے خانزادے میں سابق کے خانزادیکا زندہ کرنا بھی ہوتا
یعنے پڑجانے زمانے کے اوس خانزادے کے لوگوں کے گذر جانے کے
[…] ہوگیا تھا گویا کہ نہایت ہی حال کے خانزادے […]

کہ اُس سابق کے خانزادے کو از سر نو زندہ کرو یا اور بعضے خانزادے میں
کئی خانزادوں کا خانوادہ جمع ہوتا ہے اور بعضے میں صرف ایک خانزادہ کی ایجاد […]
ہے میں اگرچہ بسبب فرق […] بیعت کرنے کے کسی خانزادے سے
[…] ہوتا ہے اور بعضوں نے جو لکھا ہے کہ خانزادے چودہ ہیں جیسا کہ
[…] یہ اور عیاضیان اور ادہمیان اور ہبیریان اور چشتیان اور جنیدیان
[…] اور بعضوں نے لکھا ہے کہ خانزادے مقبول بارہ ہیں جیسا کہ جنیدیہ
اور […] اور محاسبیہ اور خفیفیہ اور نوریہ اور طیفوریہ وغیرہ سو حقیقت حال یہ
ہے کہ ہر کسی نے اپنے علم اور ادراک کے موافق بات کہی ہے اور بعد زمانے ان خانزادوں
کے دوسرے خانزادے پیدا ہوئے جیسا کہ [...] اور قادریہ اور اکبریہ اور
سہروردیہ اور کبرویہ اور […] اور خانزادہ خواجگان اور خانزادہ جنیدیہ کہ
اُسمیں زندہ کرنا طریقہ چشتیہ کا ہی ہند میں اور نقشبندیہ کہ اُسمیں زندہ کرنا خانزادہ
خواجگان کا ہی اور […] کہ اُسمیں زندہ کرنا خانزادہ […] کا ہے اور بعد اسکے
اور بھی دوسرے خانزادے نکلے جیسا کہ قدوسیہ منسوب بشیخ عبد القدوس
گنگوہی اور غوثیہ منسوب بشیخ محمد غوث گوالیری اور باقویہ منسوب بخواجہ محمد باقی
اور احمدیہ منسوب بشیخ احمد سرہندی اور آدمیہ منسوب بشیخ آدم بنوری اور
[…] منسوب بامیر ابو العلی اور ان مذکور خانزادوں کے سوا اور بھی بہت
خانزادے ہیں بعضے اس قسم کے ہیں کہ انکا اثر اور نشان باقی رہا ہے اور
بعضے کا باقی نہ رہا انتہی۔ فائدہ عجیبہ اب اس بیان سے خانزادوں
کی حقیقت خوب کھل گئی اور یقینی معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کے دین کے قیامت تک جاری اور غالب رکھنے کیواسطے ایسے سب وار […]
مذکور کہ اللہ تعالی نے مقرر کیا قیامت تک طریقے بھی نکلتے جاویں گے اور دین کو […]

میں تصنیف ہوئی ہیں تو یقینی اور فقہی مسائل جو کہ قیامت تک بدلنے والے نہیں
اس واسطے اقوال میں چار واماموں میں سے ایک کے مذہب کی تقلید واجب ہوئی
اور ان چاری مذہب کے انحصار پر اجماع ہو گیا اب پانچویں مذہب کی تقلید
درست نہیں کیونکہ شارع کے سارے احکام ان چار مذہب میں موجود ہیں اور طریقہ
جو ہوتا ہی سو آدمی کے نفس کے تزکیہ اور نفس کی فساد کی اصلاح کے واسطے ہوتا ہے
اور نفس کا فساد ہر ملک و ہر زمانے میں جدا کرتا ہے اس واسطے طریقہ بھی اس وقت
کے لوگوں کے نفس کے فساد کی اصلاح کے مناسب ہوا کرتا ہی تو اگر کوئی شخص
حدیث قرآن پر عمل کرنے کے حیلہ سے چار واماموں میں سے ایک کی تقلید کو یا
یا طریقہ کو کسی مذہب کی طرح سے سابق کے طریقہ پر منحصر سمجھ کے حال کے طریقہ میں
داخل ہو تو اس صورت میں ان دانشوں کی سعی کو بیکار سمجھنا اور انکی تقلید اور
تابعداری سے اس تقلید اور تابعداری کی حاجت کا زمانہ اور وقت آنے کے
بعد منہ موڑنا اور اس تقلید نہ کرنے کا عذر اور حیلہ بیان کرنا بلاشبہ واجب کا ترک
کرنا اور طرح طرح کی خرابی اپنے حق میں قبول کرنا ہی مثلاً صحابہ کے زمانے میں
قرآن شریف میں نقطہ اور اعراب نہ تھا جب حاجت پڑی تب اللہ تعالے
نے اس بات کے عالم کو پیدا کر کے اپنی عنایت اور مدد کو اسمیں ظاہر کیا ایسا ہی
صرف نحو تجوید قرأت فقہ حدیث عقائد تصوف وغیرہ علوم کے ظاہر کرنے اور
ہر ایک علم کے عالم کے پیدا کرنے کا حال سمجھو کہ صحابہ کو ان سب علوم کی حاجت
نہ تھی اور نہ انکے وقت میں یہ سب علوم نکلے تھے اور نہ انھوں نے ان علوم کے
علماء کی تقلید کیا ان آنحضرت کے بعد صحابہ کے زمانے میں علم فتوا کا نکلا تھا
اور انکے عالم صحابہ کے شاگرد تابعین لوگ تھے سو صحابہ فتوا میں انکی پیروی آپ
بھی کرتے تھے اور لوگوں کو انکی پیروی کا حکم بھی دیتے تھے اس بات کا بیان

عوارف المعارف اور نجم الرحمن میں تمہید سادس کے تیسرے فائدہ میں لکھا
ہے غرض صحابہ کے وقت کے ابتدا میں یہ قرآن شریف جو مروج اور
جاری ہے سو جمع نہ ہوا تھا پھر جب ان کے آخر وقت میں جمع ہوا تب انکے حق
و صحیح ہونے پر اور انکے موافق قراءت کرنے اور عمل کرنے پر سارے صحابہ
نے اجماع کیا کیونکہ صحابہ لوگ جانتے تھے کہ دین کے جاری اور غالب رکھنے کا
جو مضمون پیدا ہوتا ہی سو اللہ تعالی کی مدد اور عنایت سے ہوتا ہے اسی واسطے
وہ لوگ اس مضمون کے موافق ہو جاتے تھے اور تقلید اور مذہب کا بیان انصاف
میں جو حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ کی تصنیف ہو دیکھو اس کے
بیان کا خلاصہ یہ ہو کہ پہلے اور دوسرے سو میں ایک شخص معین کے مذہب کی
تقلید پر اس وقت کے لوگوں کا جمع ہونا نہ تھا پھر بعد دوسو کے جو لوگ ہوئے انکے
زمانہ میں مجتہدوں کے مذہب معین ہو کے ظاہر ہوئے تب ایسا کوئی نہ تھا
کہ مذہب معین کی تقلید نہ کرے اور یہ تقلید کرنا اس وقت میں واجب ہو گیا تھا انتہی
تو اب اس وقت میں تقلید کے مقدمہ میں اس پہلے دوسو کے زمانے کے لوگوں کی
مثال لانا بڑا کید ہی جیسا کہ لامذہب لوگ جاہلوں کے گمراہ کرنے کو بھی کید کرتے
ہیں اور اس بات میں لاکھوں دیندار علما کا نادان کرتے ہیں اب اس تقریر سے
صاف کھل گیا کہ دین کے علوم کی جتنی قسمیں مثل فقہ عقائد تصوف کی لاکھوں کتابیں
جو ظاہر ہوتی ہیں اور لاکھوں علما انکو قبول کرتے اور انپر عمل کرتے چلے آئے ہیں
سو سب حق پر ہیں اور سبکی نسبت دین محمدی کے غالب رہنے کی ہی اور اس مدد
اور عنایت الٰہی کے سبب تابعدار ہیں اور اس کے خلاف جو لوگ ہیں سو اس
مدد اور عنایت الٰہی کے منکر ہیں اور دین محمدی کی مخالفت اور سب دینوں پر
اسکے غالب رہنے سے عداوت میں اہل سنت وجماعت کے سوا سارے فرقوں

کا ردّ اس تقریر سے بخوبی نکلے گا اس عاجز کے دل میں حق سبحانہ نے محض اپنے فضل
وکرم سے بطور الہام اس تقریر کو ڈال دیا تب اس عاجز نے اس تقریر کو کئی
اور گویا کہ سند کو کر رسے میں کیا والحمد للہ علی ذلک اس سب تقریر سے صاف
کھل گیا کہ طریقہ محمدیہ اس زمانہ کے لوگوں کی طبیعتوں کے مناسب ہے اور جو عنایت
الٰہی اپنے شامل حال کرنے چاہتے ہیں اُن کے واسطے اس طریقہ میں داخل ہونا
بڑی مصلحت ہے اگرچہ کسی شیخ کے وسیلہ سے کسی طریقہ میں داخل ہو چکے ہوں اور
اس بات میں کچھ قباحت نہیں پہلے مرشد کو بھی مرشد جانیں اور اس دوسرے
مرشد کو بھی مرشد جانیں اصل مقصد جو دین کا جاری اور تازہ کرنا منظور ہے سو سب
طریقوں میں موجود ہے اور کئی مرشد سے بیعت کرنے کا مسئلہ اور اسکی تفصیل قول الجمیل
میں دیکھو اور حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کا بیعت کرنا امام محمد باقر اور قاسم
ابن محمد رضی اللہ عنہما سے ہمارے شجرہ میں دیکھو یہ بات اسی شخص کو پسند آوے گی
اور فائدہ کرے گی جو مقام عبودیت اور اخلاص حاصل کرنے کا خواہاں ہوگا
اور آخرت کو دنیا پر پسند کرے گا اور جس نے دنیا کو آخرت پر پسند کر لیا ہے
اور اپنے نفس کی خواہش کی پیروی میں گرفتار ہے اسکو یہ بات بہت شاق گزرے گی مصنف
نے ہمعات میں جو بطور مثال کے اون خمسہ خانوادوں کا ذکر کیا اور بہت سے
خانوادوں کو چھوڑ دیا تو اُن کے لکھنے سے بیان کھل گیا کہ خانوادہ صرف
چودہ ہی نہیں ہیں پھر مصنف رحمہ اللہ کو جب ظاہر ہوا جو مشہور خانوادوں
کے مشائخ سے بوسیلہ بیعت کے ارتباط اور علاقہ حاصل ہوا اور جب باطن
کے خاص خانوادوں کی مشائخ کی ارواح سے جو ارتباط اور علاقہ حاصل ہوا ہے
اُسی کا حصہ میں آگے چل کے اُنکا ذکر بھی کیا ہے تو اُن کے اس بیان سے
معلوم ہوتا ہے کہ بیعت سے مرشدوں کی اُنکو بیعت حاصل تھی اور بیعت کے مرشدوں

سے بیعت کرنا درست ہے مگر اُسکی تفصیل ہے اُس تفصیل کی تحقیق ہم قریب ہی دوسری
جگہ میں لکھیں گے انشاء اللہ تعالیٰ ۔ اب جو علما کہ وارث انبیا کے ہیں ان کا
بیان کرنا بھی ضرور ہے تاکہ جو عالم کہ وارث نہیں ہے اُسکی بات سُننے سے لوگ گمراہ
نہ ہوں جیسا کہ اس ملک میں لامذہب لوگ اور بنگالے کے خارجی لوگ اور
وحدت وجودی لوگ دھوکا کھا کے گمراہ ہو گئے اب اس بیان سے انشاء
اللہ تعالیٰ سب لوگ درست ہو جاویں گے اور اپنی غلطی سے استغفار کریں گے
بیان یہ ہے کہ شیخ مکتوب دو صد و شصت و ششم میں فرماتے ہیں حدیث میں
آیا ہے کہ اَلْعُلَمَاءُ وَرَثَةُ الْاَنْبِیَاءِ عالم لوگ جو ہیں سو نبی لوگوں کے
وارث ہیں سو جو علم کہ انبیا علیہم الصلوات والتسلیمات سے باقی رہا ہے دو قسم پر ہے
ایک علم احکام کا اور دوسرا علم علم اسرار کا یعنے اللہ تعالیٰ کی معرفت کے بھید کا
اور سوائی کا علم جو علم تصوف کا موضوع ہے یعنی جیسا کہ احوال جوارح کا بیان فقہ میں
ہے ویسا ہی قلب کے احوال کا بیان تصوف میں ہے اور وہی علم اسرار کا ہے
اور علم اسرار کا بیان اس حدیث میں ہے کہا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہ فرمایا
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اِنَّ مِنَ الْعِلْمِ کَهَیْئَةِ الْمَکْنُوْنِ لَا یَعْلَمُهٗ
اِلَّا الْعُلَمَاءُ بِاللّٰهِ فَاِذَا نَطَقُوْا بِهٖ لَا یُنْکِرُهٗ اِلَّا اَهْلُ الْغِرَّةِ بِاللّٰهِ یعنی بیشک
علم سے بعضے علم پوشیدہ چیز کی شکل کے مانند ہیں کہ نہیں جانتے اُسکو مگر
اللہ کے جاننے والے پھر جب وہ اس علم کو بیان کرتے ہیں تب اُسکا انکار نہیں
کرتے مگر جو لوگ اللہ سے غافل ہیں یہ حدیث میں العلم شرح عوارف سب میں
موجود ہے اور عوارف میں سند کے ساتھ بیان کیا ہے کہ وہ علم اللہ تعالیٰ کے
اسرار اور پوشیدہ بھید ہیں جو اسکو ظاہر کرتا ہے اُمناء اولیاء کے پاس
بیٹھنے والے اور لوگ اُنکے امانت دار ہیں اور سادات النبلاء یعنی بڑے

بڑے درویشوں کے سرداروں کے پاس بغیر سُننے اور سبق پڑھانے کے وہ علم
ان اسرار میں سے ہو کہ آپ بے خبر نہیں ہوتے مگر خواص اور اشعۃ اللمعات شرح
مشکوٰۃ میں حدیث جبریل کی شرح میں جو لکھا ہو کہ اسلام کی بنا تین علم پر ہو یعنی
فقہ عقائد تصوف پر ہے سو اسکی یہ تحقیق ہو کہ علم احکام کا تو علم فقہ کا ہے کہ
اعمال جوارح سے علاقہ رکھتا ہو اور علم عقائد اور تصوف علم اسرار کے ہیں کیونکہ
دونوں علم باطن سے علاقہ رکھتے ہیں۔ اب ایک مضمون یاد رہے کہ حدیث
اور قرآن تو عین دین ہو اُسکے اوپر عمل کرنے کے واسطے فقہ عقائد تصوف مقرر ہوئے
ہیں پس ان تینوں سے جو بات نہ ملے سو تجوش اور دین کے خلاف ہو اگر کوئی
کہے کہ تفسیر جو تینوں کے سوا چوتھی قسم ہو تہا رہے اس تین ہی علم کی قید لگانے
سے وہ بھی نکل گئی تو اسکا جواب یہ ہو کہ حقیقت میں تفسیر بھی ان تینوں کے سوا نہیں
اور تفسیر کو بھی ان تینوں سے ملانا ہوگا جو تفسیر کہ ان تینوں میں سے ایک کے
خلاف ہوگی سو عمل کے قابل نہ ہوگی دیکھو تفسیر کشاف میں وضو میں پاؤں کا مسح
کرنا لکھا۔ یہ فقہ کے خلاف ہوا اور اللہ کی رویت اور دیدار جو آخرت میں ہوگی اُسکا
انکار کیا یہ عقائد کے خلاف ہوا اسواسطے وہ تفسیر غیر معتبر ٹھہری اور علمانے
لکھا کہ تفسیر کشاف میں سارے علوم موجود ہیں سوائے علم تفسیر کے اور ہم سوال
کے واسطے حضرت مجدد کا لکھنا کفایت ہو مگر پھر بھی مومنوں کی تسکین خاطر کیواسطے
حضرت مجدد کے قول کا دوسرا شاہد ہم بتا دیتے ہیں اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ
مصابیح میں کتاب العلم کی تیسری فصل میں جو ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے حدیث
روایت ہو جسکا شروع یہ ہے حَفِظْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ
عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وِعَائَیْنِ سو اس حدیث کی شرح میں حضرت شیخ عبد الحق محدث
دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اور علما نے بیان کیا ہو کہ مراد پہلے علم سے

[illegible] احکام اور اخلاق ہے یعنی فقہ کہ وہ مشترک ہو خواص اور عوام کے درمیان اور
[illegible] دوسرے علم سے مراد ہو علم اسرار جو محفوظ اور مصئون ہے نااہلوں کی اگاہی سے
[illegible] ان سے اُس علم کی پوشیدگی اور باریکی کے سبب سے اور اُس علم تک غیروں کے
[illegible] نہ پہنچنے کے سبب سے اور یہ علم اسرار کا مخصوص ہو خاص اللہ کے خواص لوگوں کے
[illegible] واسطے جو اہل عرفان میں سے ہیں انتہیٰ۔ پھر حضرت مجدد قدس سرہٗ لکھتے
[illegible] ہیں اور وارث وہ شخص ہو کہ جسکو دونوں نوع کے علم سے کچھ حصہ
[illegible] ملے وہ شخص وارث نہیں ہو کہ اُسکو ایک نوع سے حصہ ملے اور دوسری نوع
[illegible] سے حصہ نہ ملے کیونکہ یہ بات ارث کی منافی ہے اسواسطے کہ وارث کو میت
[illegible] کے ہر قسم کے ترکہ سے حصہ مقرر ہوتا ہے ایسا نہیں کہ بعضے قسم کا حصہ ملے
[illegible] بعضے قسم کا نہ ملے اور جس شخص کو کہ بعضی معین چیز سے حصہ ملتا ہو وہ شخص داخل
[illegible] ہے بعضے قرض پانیوالوں کے ہو کہ اُسکے حق باقی رہنے کے سبب سے میت
[illegible] ترکہ میں اُسکا بھی علاقہ لگ گیا ہو اور ایسا ہی فرمایا علیہ وعلی آلہ الصلوٰۃ والسلام
[illegible] عُلَمَاءُ اُمَّتِیْ کَاَنْبِیَاءِ بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ میری اُمت کے عالم اگلے
[illegible] نبی اسرائیل کے انبیا کے مانند ہیں تو اس حدیث میں علما سے وارث علما مراد ہیں غرما
[illegible] مراد ہیں کہ بعضے ترکہ سے حصہ لیا ہو کیونکہ وارث کو قریب نسبت کے سبب سے
[illegible] وارث کے مانند کہہ سکتے ہیں بخلاف غرما یعنی قرض پانیوالے کے کہ وہ اُس
[illegible] نسبت کے علاقہ سے خالی ہو تو پس جو شخص کہ وارث نہ ہوگا وہ شخص عالم بھی
[illegible] کہا گیا یہ ہو سکتا ہو کہ اُسکے علم کو ایک قسم کے علم کے ساتھ مقید کریں اور کہیں
[illegible] یہ شخص عالم علم احکام کا ہو یا فلانے علم کا عالم ہو اور عالم مطلق وہ شخص ہے
[illegible] دونوں قسم کے علم سے اُسنے بہت سا حصہ پایا ہو اکثر لوگ گمان کرتے ہیں
[illegible] علم اسرار سے مراد ہو علم توحید وجود کا اور شہود وحدت کا کثرت میں اور مشاہدہ

…دیا کا ر کھتے ہین اور کمالات ولایت کے اُنکے مقابلہ مین ایک قطرہ ہین لیکن کیا کرین کمالات نبوت کو نہ پہچاننے کے سبب سے ایک گروہ نے کہا ہے کہ ولایت افضل ہی نبوت سے اور دوسری گروہ نے اس بات کی توجیہ مین بیان کرنے اور بات بنانے کیواسطے کہا ہی کہ ولایت نبی کی افضل ہے نبی کی نبوت سے اور ان دونون گروہ نے نبوت کی حقیقت کو نہ جان کے غائب پر حکم کیا ہی یعنے اٹکل پچو بات کہا ہی اور اسی حکم کے نزدیک صحو پر سکر کے ترجیح دینے کا حکم ہی اگر حقیقت صحو کی جانتے تو سکر کو ہرگز صحو کے ساتھ نسبت نہ دیتے۔ مصرع ع چہ نسبت خاک را با عالم پاک ✱ شاید کہ ان لوگون نے خواص کے صحو کو عوام کے صحو کے مانند جان کے سکر کو صحو پر ترجیح دیا ہی یعنے عوام کے صحو مین دنیا کی یاد اور دین سے غفلت ہوتی ہی اور عوام لوگون کی حالت سکر مین دونون سے غفلت ہوتی ہی تو انکا سکر اُنکے حق مین بہتر ہی دنیا بھول جانیکے سبب سے اور خواص لوگون کے صحو مین سوای دین کے دنیا کا خیال مطلق نہین رہتا اور اُنکے سکر مین سواے حق تعالیٰ و جمال محبوب کے دوسرا خیال نہین ہوتا تو خواص لوگون کا صحو حالت استتار ہی اور اُنکا سکر حالت تجلی ہے تجلی اور استتار کا بیان زاد التقوی مین دیکھین اسیواسطے حضرت مجدد رہ آگے فرماتے ہین کہ کاش وہ لوگ خواص کے سکر کو بھی مانند سکر عوام کے جانکے سکر کو صحو پر ترجیح دینے مین جرأت نکرتے یعنی ایسا کرنا اُنکے حق مین بہت اچھا ہوتا اسواسطے کہ عقلا کے نزدیک یہ بات مقرر ہی کہ صحو بہتر ہی سکر سے یعنی ہوش مین رہنا بیہوشی سے بہتر ہی تو اس صورت مین اگر صحو اور سکر مجازی یعنے ظاہری ہوتا تب بھی یہ حکم ثابت ہی اور اگر صحو سکر حقیقی ہو یعنے جسکا بیان تصوف مین ہی جیسا کہ ابھی قریب ہی ذکر ہوا تب بھی یہ حکم

کثرت کا وحدت مین یعنے بہت چیزون مین ایک کو دیکھنا اور ایک چیز مین بہت سی چیزون کو دیکھنا اور کہنا یہ سب اُس تعالیٰ کے اعادہ اور گھیر لینے اور سرایت مین جانے اور قرب اور معیت کے معرفتون سے اُس طور پر کہ ارباب احوال اپنے کشف اور مشاہدے مین بیہوشی اور سکر کی حالت مین جیسا دیکھتے ہین جانتا اور کہتا ہی تم جانتا و کہتا یعنے ایسا کبھی نہین ہو سکتا ہی کہ اُن لوگون کے یہ علوم اور معارف اُن علم اسرار مین سے ہون جو مرتبۂ نبوت کے لائق ہون اسواسطے کہ یہ اور اصل اُن لوگون کی معارف کی سکر وقت یعنی بیہوشی اور غلبۂ حال کا ہی جو منافی اور مٹانے والا صحو کا ہے یعنی بیہوشی کے بعد پھر ہوش مین آنے کا منافی ہی اور علم انبیا علیہم الصلوات والتحیات کا علم احکام کا ہو یا علم اسرار کا سب صحو در صحو یعنے بالکل ہوش ہی ہوش ہی کہ تھوڑا سا سکر بھی اس علم مین ملنے نہین پایا بلکہ یہ بیہوشی کی معرفتین ولایت کے مقام کے مناسب ہین کیونکہ ولایت کا سقاطحکر مین قدم مضبوط رکھتا ہی تو بس یہ علوم بیہوشی کیوقت کی معرفت کے جو ہین سو ولایت کے اسرار مین سے ہونگے نہ کہ نبوت کے اسرار مین سے انبیا علیہم الصلوات والتسلیمات کیواسطے اگرچہ ولایت بھی ثابت ہی لیکن اُسکے احکام مغلوب اور دبے ہین اور نبوت کے احکام کے مقابلہ مین مضمحل اور مٹے ہوئے ہین

بہ ہر جا بود مہر آشکارا	سہا را جز نہان گردن چہ یارا

انتہی۔ سکر اور صحو کا بیان زاد التقوی مین دیکھو اور ولایت یعنی دوستی اور محبت حقیقت یہ ہی کہ اللہ تعالیٰ کی محبت کا غلبہ ولی لوگون کے حال کو دبا لیتا اور بیہوش کر دیتا ہی اور نبی لوگون کی نبوت کے احکام کے مقابلہ مین انکی ولایت کے علیہم دبے رہتے ہین اور انکو بیہوشی نہین ہوتی پھر فرماتے ہین حضرت نے اپنی کتابون اور رسالون مین لکھا ہی اور تحقیق کیا ہی کہ کمالات نبوت کے حکم دیا

ثابت ہے یعنے صحو کا بہتر ہونا سکر سے ثابت ہے تو ولایت کو نبوت سے افضل کہنا اور سکر کو صحو پر ترجیح دینا ویسا ہی ہے جیسا کہ کوئی شخص کفر کو اسلام پر ترجیح دے اور جہل کو علم سے بہتر جانے اسواسطے کہ کفر اور جہل ولایت کے مقام کے مناسب اور مشابہ ہیں یعنے جیسا کہ کفر اور جہل میں دین کا خیال نہیں ہوتا فقط اپنی نفس کے مزے سے کام رکھتا ہے ویسا ولایت میں محبت اور عشق کے غلبہ اور جوش کی حالت میں شریعت کے آداب کا مطلق خیال اور لحاظ نہیں رہتا اور مشاہدہ اگرچہ بڑی عمدہ چیز ہے مگر چونکہ اسمیں بھی نفس کو مزہ ملتا ہے بس یہ عاشق اسی سے کام رکھتا ہے اور وصل اور شہود سے اور قرب اور صحبت سے خوش رہتا ہے اور اسلام اور معرفت مناسب اور مشابہ مرتبہ نبوت کے ہیں اور نبوت کے مقام سے مناسبت رکھتا ہے کیونکہ نبوت کے مرتبہ میں نرا ہوش ہی ہوش ہے اور ہر حال میں شریعت کے آداب کا خیال اور لحاظ رہتا ہے اور نبی لوگ حق کی مرضی اور مراد پا کے اوپر کے مقام سے نیچے کو اترتے ہیں اور وصل کو چھوڑ کے اپنے اوپر ہجر کو پسند کرتے ہیں اور وہ لوگ حق کی مراد پر قائم ہیں اور اپنی مراد کو فنا کیا ہیں ۔ بیت

ہجرے کہ بود مراد محبوب ۔	از وصل ہزار بار خوشتر

انکے حال کے موافق ہے ۔ مکتوب دولت و ہفتاد و دوم سے اس مضمون کا بیان دوسری فصل کی آٹھویں ہدایت کے ساتویں وعظ میں ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ ۔ الغرض مقام ولایت اور مرتبہ نبوت کی مناسبت جو مذکور ہوئی اس بات پر بطور مثال کے فرماتے ہیں کہ منصور لکھتے ہیں ۔ شعر

کفرت بدین اللہ والکفر واجب	لدیّ و عند المسلمین قبیح

کافر ہوا میں نے اللہ کے دین میں اور یہ کفر واجب ہے میرے نزدیک اور مسلمانوں

کے نزدیک برا ہے یعنی حالت غلبہ اور سکر بیہوشی میں میں نے دین کے خلاف کی بات کہا اور اسی حرکت ناشائستہ بیہوشی کے واجبات اور لوازمات سے ہے اپنے اختیار سے نہیں اور مسلمانوں کے نزدیک جو شرع کے تابع ہو ہوش والے ہیں یہ حرکت بہت بری ہے یعنی سکر کے سبب سے منصور نے کفر کو واجب کہا اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کفر سے پناہ مانگتے تھے اور بہت سی مسنون دعاؤں میں کفر سے پناہ مانگنا موجود ہے حزب الاعظم وغیرہ میں دیکھو فرمایا اللہ تعالیٰ نے پندرہویں سپارہ سورہ بنی اسرائیل میں قُلْ كُلٌّ يَعْمَلُ عَلَىٰ شَاكِلَتِهِ ۔ ترجمہ ہر کوئی کام کرتا ہے اپنے ڈول [illegible] انتہی ۔ یعنے مرتبہ ولایت کا ایک ڈول ہے اور مرتبہ نبوت کا ایک ڈول ہے [illegible] اسباب سے کوئی نادان ولایت کے درجے کو بڑا جانے کیونکہ ولایت اللہ تعالیٰ کی دوستی کا نام ہے اور مومن ولی اللہ یعنے اللہ تعالیٰ کے دوست ہیں [illegible] کہ زعم والسر یعنے اللہ تعالیٰ کے دشمن ہیں ۔ اس مقام میں درجے کی چھوٹائی بڑائی کا بیان کیا ہے اور ولایت کے درجہ کی چھوٹائی کی دلیل میں بیہوشی کا بیان اور ولایت کے درجہ کو کفر نہیں کہا ہے بلکہ مشابہت بیان کیا ہے کہ ولایت میں اللہ تعالیٰ کی محبت اور عشق سے ایسی بیہوشی ہوتی ہے جیسا کہ کفر میں دنیا کی محبت سے بیہوشی ہوتی ہے سبحان اللہ کیا اچھی محبت ہے کہ اپنے واسطے ہے دوسرے کا [illegible] ہوش نہ رہے اسواسطے نبوت کا درجہ بڑا ہے کہ اسمیں بالکل ہوش ہی ہوش ہے اور ولایت کی محبت کو محبت عشقی اور نبوت کی محبت کو حب ایمانی کہتے ہیں اسکا بیان صراط مستقیم میں دیکھیں بہتر فرماتے ہیں اور جیسا کہ عالم مجاز یعنی عالم ظاہری میں اسلام بہتر ہے کفر سے اسیطرح سے عالم حقیقت میں بھی اسلام کو کفر سے بہتر جاننا چاہیے اسواسطے کہ مجاز جو ہے سو پل ہے حقیقت کا ۔ انتہی ۔

یعنی مجاز کے خلاف چلنے میں ڈوبتا اور ہلاک ہوتا ہے اس بیان سے حضرت مجدد قدس سرہ کی یہ غرض ہے کہ وحدت وجود کی بات اور سکر کو صحو پر ترجیح دینے کی بات اور ولایت کو نبوت سے افضل کہنے کی بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف ہے اسکو علم اسرار کہنا نری جہل اور نادانی ہے۔ پھر آگے فرماتے ہیں کہ اگر لوگ کہیں یعنی سوال کریں کہ ولایت کے مقام میں جیسا کہ جمع کے مرتبہ میں کفر اور سکر اور جہل ثابت ہے ویسا جمع کے بعد فرق کے مرتبہ میں آنے سے کہ وہ بھی ولایت کے مقام کی ہے اسلام اور صحو اور معرفت بھی ثابت اور متحقق ہے تو اس صورت میں کفر اور سکر اور جہل کو ولایت کے مقام کے مناسب کہنا کس وجہ سے ہے تو اسکے جواب میں ہم کہیں گے کہ صحو اور مانند اسکے کو فرق کے مرتبہ میں ثابت کرنا بہ نسبت جمع کے مرتبہ کے ہے کہ سراسر سکر اور استتار ہے یعنے جمع کے مرتبہ میں جو کہ نری بیہوشی ہوتی ہے اور فرق کے مرتبہ میں بہ نسبت جمع کے مرتبہ کے کچھ ہوش ہوتا ہے اسواسطے اسکو صحو جانتے ہیں اور نہیں تو حقیقت میں اس فرق کے مرتبہ میں جو صحو ہوتا ہے وہ بھی سکر کے ساتھ ملا ہوا ہوتا ہے اور اس مرتبہ کا اسلام بھی کفر کے ساتھ ملا ہوا ہوتا ہے اور اس مرتبہ کی معرفت بھی جہل کے ساتھ ملی ہوئی ہوتی ہے یعنی بیہوشی کے سبب سے۔ اور اگر ہم کہنے میں گنجائش جانتے تو فرق کے مرتبہ کے احوال اور معارف کو تفصیل ذکر کرکے اس مرتبہ میں سکر اور مانند اسکے کے ہونے کو بیان کرتے ارباب فطانت اور دانائی والے لوگ بھی شاید اس مضمون کو تھوڑی سی دانائی سے دریافت کریں گے۔ العجب کل العجب یعنی بڑا تعجب اور حد درجہ کا تعجب ہے یعنے ولایت کو نبوت سے افضل کہنے اور سکر کو صحو پر ترجیح دینے میں بڑا تعجب ہے تو اب یہ قدر سمجھنا چاہیے کہ انبیا علیہم الصلوات والتسلیمات نے یہ سب جو کچھ بڑائی جو پائی ہے سو نبوت کی راہ سے پائی ہے

ولایت کی راہ سے نہیں پایا ہے اور ولایت جو ہے سو نبوت کے ایک خادم کے زیادہ نہیں ہے اگر ولایت کو نبوت پر زیادتی ہوتی تو ملائکہ ملاء اعلیٰ کے جو ہیں اور انکی ولایت ساری قسم کی ولایتوں سے یعنی ولایت صغری و ولایت کبری ولایت علیا تینوں قسم کی ولایتوں سے کامل زیادہ ہے وہ لوگ انبیا علیہم الصلوات سے افضل ہوتے اور ان گروہ میں سے ایک گروہ نے جب ولایت کو نبوت سے افضل جانا اور ملاء اعلیٰ کی ولایت کو انبیا علیہم الصلوات والتسلیمات کی ولایت سے کامل زیادہ دیکھا تب ضرور کو بڑے درجے کے ملائکہ کو انبیا علیہم الصلوات والتسلیمات سے افضل کہا اور اہل سنت وجماعت کے گروہ سے جدا ہو پڑے یہ سب نا نبوت کی حقیقت سے خبر نہ رکھنے کے سبب سے ہوا ہے کہ لوگوں کے دیکھنے میں بسبب دور پڑ جانے زمانہ نبوت کے نبوت کے کمالات ولایت کے کمالات کے مقابلہ میں حقیر معلوم ہوتی ہیں اس سبب سے اس مقدمہ میں بات کا کشادہ کرنا ضرور ہوا اور اس معاملہ کی حقیقت کو کسیقدر ظاہر کر دیا انتہی۔ اس سب تقریر سے معلوم ہوا کہ ایسی ایسی باتیں جنکا رد حضرت مجدد نے کیا ہے علم اسرار کی بات نہیں ہیں اور ایسی بات کہنے والے لوگ انبیا کے وارث عالم نہیں ہیں اسی طرح سے لا مذہب لوگوں کے عالم بھی انبیا کے وارث نہیں کیونکہ علم احکام کا جو فقہ ہے سو اس سے ان لوگوں کو انکار ہے اور خدا نے جن علماء لوگوں کو فقہ پر عمل کرنے کو منع کرتے ہیں اور ہر جاہل کو حدیث پر عمل کرنے کا حکم دیتے ہیں اور اسکو عمل بالحدیث کہتے ہیں اور جس مقام میں فقہ کے انکار کا موقع نہیں پاتے وہاں جب کوئی پوچھتا ہے کہ تم فقہ پر عمل کرتے ہو تب کہتے ہیں کہ ہم فقہ پر کسواسطے عمل نہ کریں گے جو فقہ کہ قرآن اور حدیث کے موافق ہے اسکو ہم مانتے ہیں اور یہ بڑا کید ہے کیونکہ قرآن حدیث کے موافق غیر موافق ہونا مجتہد کے سوا کون معلوم کر سکتا ہے تو یہ ایسا کہنا ہے کہ کوئی نابینا

قیامت تک خدا کا منکر رہے گا اور کتنا ہی پڑھے گا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وراثت سے محروم ہی رہے گا اور اسیطرح سے بنگالے کے خارجی لوگوں کے عالم ہی انبیا کے وارث نہیں کیونکہ علم اسرار سے جو تصوف ہے ان لوگوں کو انکار ہے اور تصوف کی کتابوں میں جو عمدہ عمدہ بھید کی باتیں بیان ہیں کلمات اشارہ میں سے مثل جمع تفرقہ تجلی استتار تجرید تفرید وجد وجود تواجد غلبہ مسامرہ سکر صحو وغیرہ کے اور جو کچھ مقامات کا بیان کرتے ہیں مثل توبہ ورع تقوی زہد فقر شکر خوف رجاء توکل رضا وغیرہ کے اور جو کچھ احوال کا بیان کرتے ہیں مثل محبت انس حیا اتصال قبض بسط فنا بقا کے جو زاد التقوی میں مذکور ہے ان سب عمدہ باتوں سے محروم رہتے ہیں اور جو پاکیزہ مضمون ہے اس رسالہ نور علی نور میں بیان کیا ہے مثل چار قسم کی سیر یعنے سیر الی اللہ اور سیر فی اللہ اور سیر من اللہ باللہ اور سیر فی الاشیاء باللہ جس سے ولایت صغری اور ولایت کبری اور ولایت علیا حاصل ہوتی ہے اور درجہ مرشدی کا ملتا ہے اور عالم خلق کے پانچوں لطیفے نفس آب آتش خاک باد کہ ان چاروں کو لطیفہ قالبیہ بھی کہتے ہیں اور عالم امر کے پانچ لطیفے لطیفہ قلب لطیفہ روح لطیفہ سر لطیفہ خفی لطیفہ اخفی کہ ان دسوں سے انسان مرکب ہے اور عالم امر کے پانچ لطیفوں کے اصول اور جڑ جو عرش مجید کے اوپر ہیں اور ان اصول کی جڑ جو اسماء حسنی کے ظلال ہیں اور ان ظلال کی جڑ کہ اسماء حسنی ہیں اور اسماء حسنی کی اصل کہ اسم ذات ہے اور تین قسم کی تجلی یعنے تجلی افعال تجلی صفات تجلی ذات وغیرہ پاکیزہ پاکیزہ مضمون سے محروم رہتے ہیں اور دین کے باطن کی مخالفت کرنے والے جو لوگ ہیں مثل مجدد قطب ارشاد قطب مدار غوث قطب الاقطاب کے ان سب کی خدمتوں کے منکر رہتے ہیں اور مثلہ ہذا اقتباس اس قسم کی بہت سی نعمتوں سے محروم رہنے کے سبب سے نفس اور شیطان کے

غلام بنے رہتے ہیں اور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع سے منہ موڑتے ہیں اس سبب سے مثل بہائم کے زندگی گذارتے ہیں اور ایسے لوگوں کو مثل بہائم کے تحت العلم میں کہا ہے اب امید ہے کہ اس ملک کے مومنوں سے کہ مومن لوگ اپنے شیاطین الانس استادوں کو جو اپنا پوجا کروانے کیواسطے بچارے بے علم مسکینوں کو وا فور بنا رکھا تھا خوب سخت پکڑیں اور ان چند سطروں کو سمجھ کے پٹ پاٹ کر انکو آدمی بناویں تاکہ بدی کے بدلے نیکی کرنے سے اتباع کو ثواب پاویں والسلام۔

تیسری ہدایت ۔ مرشد کے تلاش کرنے اور اسکے پہچان لینے اور اسکی صحبت کے ڈھونڈنے اور مرشد سے اعتقاد رکھنے اور کسی مرشد سے بیعت کرنے کی تفصیل کے بیان میں ۔ تصوف کی معتبر کتابوں سے مثل عوارف المعارف اور امام قشیری کے رسالہ وغیرہ کے مضمون سے صاف ثابت ہے کہ ایک بزرگ نے کئی بزرگ کو مرشد مقرر کیا ہے اور تصوف کی کتابوں میں مثل عوارف المعارف وغیرہ کے کئی مشائخ سے تصوف کے مسائل کو روایت کیا ہے اور محدثین نے بھی بہت سے مشائخ سے حدیث روایت کیا ہے اور حضرت امام اعظم رحمہ اللہ کے بھی چار ہزار استاد تھے اور ان سب سارے استاد اور مشائخ کو شیخ اور مرشد اور پیر کہتے ہیں اور سب سے دین سیکھنا اصل مقصود ہے کسی سے ظاہر دین کو سیکھتے ہیں اور کسی سے باطن دین کا جیسا کہ قریب ہی پہلے ہو گئے مضمون سے معلوم ہوا سو مرشد کا پکڑنا طالب کو ضروری ہے مگر اسکا پہلے پہچان لینا بھی ضرور ہے کہ کون شخص مرشدی کے قابل ہے اور کون نہیں اس شعر کو رسالہ مکیہ میں فرماتے ہیں اسکا خلاصہ یہ ہے اور ضرور ہے مرید کو ایک شخص کامل کو پکڑنا تا جو پیروی کے قابل ہو کیونکہ وہ شیخ زادہ کا رفیق اور ساتھی ہو

اور اس بات کو مرید جان لے کہ مرشد کے پہچاننے کیواسطے کسوٹی اور ترازو
ضرور ہے اور وہ کسوٹی قرآن اور حدیث اور اجماع امت کا ہے یعنی یہی تین
اصول فقہ ہیں اور چوتھی اصل مجتہد کا قیاس ہے اور انھیں چاروں سے فقہی مسئلے
نکلے ہیں تو جو شخص مجتہد نہیں ہے وہ فقہ کو کسوٹی سمجھے اور ان اصول مذکورہ
سے اپنے مسئلے نکالنے کو حرام سمجھے سو جو مرشد کسوٹی کے موافق ہو وہ بے عیب
ٹھہرا اسکو مرشد بنانا درست ہے اور جو کسوٹی کے خلاف ہو اسکو کھوٹا اور باطل
ہے اور جو لوگ مجتہد نہیں ہیں وہ عامی کہلاتے ہیں اگرچہ حدیث اور قرآن
اور تفسیر اور فقہ اور اصول فقہ اور عقائد اور تصوف کے علم سے واقف ہوں تو
مجتہد کے سوا جنمیں شرط اجتہاد کی نہیں ہے وہ سب عامی ہیں اور عامی کے
معنے امی کے نہیں ہیں کیونکہ امی تو وہ شخص ہے جسکو ایک آیت قرآن کی بھی یاد
نہیں جیسا کہ اکثر سب لوگ جو سب کے سب جاہل ہیں اسی واسطے ہیں پڑے رہتے
اور جہالت کے سبب سے انہیں سے جو شخص حدیث اور قرآن کا کسیقدر
ترجمہ پڑھ لیتا ہے یا کسی علم سے ذرا سا واقف ہوتا ہے وہ جانتا ہے کہ ہم بھی کچھ
نہیں ہیں اور حدیث اور قرآن سے مسئلہ نکالنے کا دعوا کرتا ہے اور آپ بھی گمراہ
ہوتا ہے اور لوگوں کو بھی گمراہ کرتا ہے اسی طرح سے ناواقف لوگ ایسے شخص
سے مرید ہو جاتے ہیں جو مرشدی کے رتبہ میں نہیں پہنچا ہے اور مرشدی کے
رتبہ کا بیان قریب ہی چوتھی ہدایت میں ہم کرتے ہیں انشاء اللہ تعالی اور کسیقدر
اس تیسری ہدایت میں بھی معلوم ہوا اور ہوگا بلکہ جس سے ناواقف لوگ
مرید ہو جاتے ہیں وہ خود بھی ایسے شخص سے مرید نہیں ہوا جو مرشدی کے
رتبہ میں پہنچا ہے بلکہ وہ خود بھی ابھی تک جانتا نہیں کہ مرشدی کا رتبہ کیا چاہتا
ہے بلکہ اس نے کبھی اپنے مرشد کی تلاش بھی نہ کیا تو ایسا شخص ہے جو بے مرشد ہے

تو وہ مرشد تلاش کرنے کے بیان میں فرمایا اللہ تعالی نے سورۂ مائدہ میں یا ایہا
الذین امنوا اتقوا اللہ وابتغوا الیہ الوسیلۃ اے ایمان والو ڈرتے
رہو اللہ سے اور ڈھونڈھو اوس تک وسیلہ اور فرمایا صلے اللہ علیہ وسلم
نے اصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم میرے اصحاب مانند تاروں
کے ہیں اون میں سے جسکی پیروی کروگے سیدھی راہ پاؤگے اور امام غزالی
رحمہ اللہ نے احیاء العلوم میں روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا کہ شیخ اپنے قوم اور گروہ میں ایسا ہے جیسے نبی اپنے امت میں اور کہا امام غزالی
نے کہ یہ بات مال کی زیادتی اور شکل صورت کی خوبی اور قوت کی زیادتی سے نہیں
حاصل ہوتی بلکہ زیادتی تجربہ سے جو اوسکی عقل کا ثمرہ ہے حاصل ہوتی ہے کہ
حقائق اور معارف سے خوب واقف ہوا اور اسیواسطے تو دیکھتا ہے کہ جسکو اللہ تعالی
شیخ کرتا ہے اسکو عوام لوگ بالطبع تعظیم کرتے ہیں یعنے انکی طبیعت خواہ مخواہ اسکی
تعظیم میں رغبت کرتی ہے اور خواص لوگ تو تعظیم کیا ہی کرتے ہیں تو شیخ وہی شخص ہے
جو طریق حق یعنے شریعت اور طریقت اور حقیقت کی راہ جانتا ہے اور خوف اور خطر
ہونے کی راہ کو پہچانتا ہے پھر مرید کو حق راہ بتاتا ہے اور مرید کے فائدہ اور ضرر
کی بات سمجھا دیتا ہے تو اب ایسا شیخ جسمیں صفات مذکورہ موجود ہیں وہ خود
اور انکی صحبت جلیس صالح یعنے نیک ہمنشین سے کم نہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے مثل جلیس صالح کی مانند مثل عطر فروش کے ہے اگر تو نہ پاوے اسکا
عطر تو مہک جاوے تجھ میں اور تیرے کپڑے میں اسکی خوشبو اور مثل جلیس سوء
یعنے برے ہمنشین کی مانند مثل لوہار کے ہے اگر نہ جلاوے تجھکو اسکی آگ
تو پہنچے تجھکو اسکا دھواں اور اسکی بدبو انتہی۔ نقل ہے کہ ایک بادشاہ ایک
مرشد کامل کی مجلس میں آیا جب وہ پھر کے اسکی مجلس سے چلا گیا تب اس

مرشد میں غصہ کا اثر ظاہر ہوا اور اُس بادشاہ میں حلم اور برداشت کا اثر ظاہر ہو گیا تو
صحبت کی تاثیر ہے۔ اور پھر آگے جو رسالہ مکیہ میں فرمایا ہے اُسکا خلاصہ اختصار
کے طور پر یہ ہے کہ جب مرید مرشد کے پاس پہنچے تب خیال کرے اور خوب پہچان لے
کہ وہ مرشدی کے قابل ہے اور اُسکی پیروی درست ہے یا نہیں اسواسطے کہ بہت
سے طالب لوگ اس مقام میں ہلاک ہو گئے ہیں بلکہ سارے لوگوں کا ہلاک ہونا
گمراہ کرنے والے پیشواؤں کی پیروی سے ہوا ہے اور مرشد کے پہچاننے
کا یہ طریق ہے کہ مرید جان لیوے کہ سارے انبیا علیہم السلام کی متابعت فرض
لازم اور حق اور صواب ہے خصوصاً ہمارے نبی محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی متابعت
جو خاتم الانبیا ہیں اور اُن سب کا دین اصول میں ایک ہی یعنے معرفت اور پہچاننا
اللہ تعالی کا اور اُسکی صفات کا اور کتابوں کا اور رسولوں کا اور فرشتوں کا اور
امور آخرت کا یہی دین ہے ان سب باتوں میں خلاف اور نسخ کی گنجایش نہیں اسواسطے
کہ یہ سب حقائق یعنے ثابت اور یقینی چیزیں ہیں یہ سب اپنے احکام میں نسخ کو
قبول نہیں کرتیں بلکہ جو پہلے تھیں سو اب بھی ہیں اور ابتک جان لیوے کہ اختلاف
ائمہ کا فروع اسلام یعنے مسائل شرعی میں جو ہے سو کچھ منافی نہیں بلکہ وہ خلاف
اُمت کیواسطے رحمت ہے اور سب مجتہد فروعی یعنے فقہی مسئلہ میں اجتہاد کرنیوالا
صواب پر ہے یعنی اگر اجتہاد میں خطا کیا اور حق کو نہ پہنچا تو ایک حصہ ثواب پانے
کا مستحق ہے اور اگر حق کو پہنچا تو دو حصہ ثواب پانے کا مستحق ہے جیسا کہ حدیث
میں آیا ہے تو بعضے علم کلام والے لکھتے ہیں کہ مجتہد کبھی خطا کرتا اور چوک جاتا ہے
اور کبھی حق کو پہنچتا اور ٹھیک مسئلہ نکالتا ہے اور تصوف کی کتابوں میں مثل عوارف
وغیرہ کے لکھا ہے کہ سب مجتہد صواب پر ہیں اسواسطے کہ [illegible]
اور بعضوں نے بھی لکھا ہے کہ سب مجتہد خدا پر ہے اپنے اعتقاد اور

نیت کے سبب سے کہ اُسکی نیت حق کو پہنچنے کی ہے سو اپنی نیت کے سبب سے مستحق
ثواب کا ہوتا ہے اور سب مجتہد کی نیت صواب پر ہے بعد اسکے مصنف فرماتے
ہیں اور لیکن خطا کرنے والا اصول میں یعنی عقائد کے مسئلے میں جو ہے سو وہ گمراہ
ہے۔ اور دین میں بدعت کرنے والا اور عاصی ہے یعنی قرآن حدیث اجماع کی
مخالفت اور نافرمانی کرنے والا ہے اور اُس بدعت سے اُسکی نجات کی راہ قرآن
و حدیث اور اجماع کی متابعت کرنا ہے اللہ تعالی کی ذات اور صفات کی معرفت میں
پھر آگے جو رسالہ مکیہ کا مضمون ہے سو اُسکی شرح کیواسطے [illegible] جو شاہ ولی
محدث قدس سرہ کا وصیت نامہ مشہور ہے پہلے اُسکا ایک مضمون ہم لکھتے ہیں
تاکہ وہ مضمون اور مصنف کی غرض بخوبی سمجھ میں آجاوے وصیت نامہ میں
فرماتے ہیں اگر اس زمانہ میں ایسے بزرگ سے ملاقات ہو کہ جسکی صحبت میں جذبہ
یعنی اللہ کی طرف کی کشش اور اللہ کی طرف دل کا کھنچ جانا حاصل ہو اور اُسکی
صحبت کی تاثیر لوگوں میں اثر کرتی ہو اُسکے ساتھ صحبت رکھے جبتک کہ حالت
سلوک یعنی یادداشت اور دوام حضور اُسکا ملکہ ہو جاوے بعد اسکے گوشہ
میں بیٹھے اور اُس ملکہ میں مشغول رہے اس زمانہ میں کوئی شخص ایسا نہیں
ہے مگر جسکو اللہ نے چاہا ہے کہ سب طرح سے کمال رکھتا ہو اگر ایک طرف
سے کمال رکھتا ہو تو دوسری طرف سے کمال سے خالی ہو تو بس اُسی کمال
کو اُس شخص سے حاصل کرنا چاہیے اور دوسری چیزوں سے نظر کو چھپانا
چاہیے۔ خذ ما صفا ودع ما کدر کے ترجمان ہو اور چھوڑ دے
جو رسمیں ہر صوفیہ کی [illegible] بڑی نسبت میں اور اُنکی رسمیں کچھ کام کی نہیں انتہی
غرض یہ کہ مرشد کا معصوم ہونا شرط نہیں ہے اور معصوم سوائے انبیا اور ملائکہ
کے کوئی نہیں ہے اگر معصوم مرشد کی تلاش [illegible]

بزرگون نے فرمایا ہے کہ سب سے نیک اور بہتر محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہین اور سب سے برا شیطان ہے درمیان مین سب طرح کے بھلے برے لوگ ہین جس سے دین کا فائدہ ملے لے لیوے اور اُسمین اُسکی پیروی کرے اور اور بے فائدہ بات کو چھوڑ دیوے اور اُسمین اُسکی پیروی نکرے مگر اتنا دیکھ لیوے کہ اہل سنت جماعت کے عقیدہ کے خلاف نہو اور شریعت کا تابعدار ہو اور بدعت پر ہٹ نکرتا ہو اور عقیدہ مین بدعتی نہو مثل معتزلا اور رافضی اور خارجی اور تفضیلیہ وغیرہ فاسد العقیدہ کے۔ پھر اگر باوجود سب خوبی کے شاید کوئی کام بدعت کا اُس سے ہو پڑتا ہو تو اُس سے چشم پوشی کرے شاید اسی مرید کی فہم کا قصور ہو یا کوئی دوسرا سبب ہو پھر موقع پا کے اُس مرشد سے اکیلے مین عرض کرے یہ ویسا ہی مسئلہ ہے جیسا کہ اگر کسی میت کے گھر والے نوحہ کرتے ہون تو اُس میت کے جنازے کی نماز پڑھے اور اُنکی بدعت کے سبب سے اپنا واجب ترک نکرے غرض کسی طریقہ کے مرشد سے بدگمان نہو ہان تا خبر دیکھلے سو یہ سب بات کب ہے جب اُس مرشد مین کوئی خلاف شرع کام پاوے یعنی کسی حرام کو یا مفسد مین اُسکو مبتلا دیکھے اور جب تک وہ مرشد کسی مباح کام کو کرتا ہے تب تک چونکہ شریعت سے اُسپر کوئی ملامت نہین ہے اُسپر اعتراض نکرے ہان اگر کسی مباح کام کے ترک کرنے مین مرید کو مصلحت معلوم ہوتی ہے اور مرشد اُس مباح کام کو کرتا ہے تو معلوم کرے کہ اُسکے نزدیک اُس مباح کام کرنے مین مصلحت ہوگی کیونکہ اُسکا علم بہت زیادہ ہے باقی فرض واجب سنت مستحب مباح حرام مکروہ مفسد کا بیان اور اُسکا حکم نور الانوار وغیرہ اُصول کی کتابون اور فقہ کی کتابون مین دیکھ لین اُسکا خلاصہ یہ ہے کہ فرض کا حکم یہ ہے کہ ثواب ہے اُسکے کرنے مین اور عذاب ہے بے عذر چھوڑنے مین اور کفر ہے

انکار مین اور واجب کا حکم مانند حکم فرض کے ہے کرنے مین اعتقاد مین نہین برابر کہ اُسکا منکر کافر نہین ہوتا اور سنت کا حکم یہ ہے کہ ثواب ہے کرنے مین اور عذاب ہے چھوڑنے مین اور مستحب کا حکم یہ ہے کہ ثواب ہے کرنے مین اور چھوڑنے مین عذاب نہین اور مباح وہ ہے کہ جسمین بندے کو اختیار دیا گیا ہے کرنے اور نکرنے مین اور حکم اُسکا یہ ہے کہ نہونا ثواب اور عذاب کا کرنے اور نکرنے مین اور حرام کا حکم یہ ہے کہ ثواب ہے اُسکے چھوڑنے پر اللہ کے واسطے اور عذاب ہے اُسکے کرنے مین اور کفر ہے اُسکے حلال سمجھنے مین اور مکروہ تحریمی کا حکم یہ ہے کہ ثواب ہے اُسکے چھوڑنے مین اللہ کے واسطے اور قریب عذاب کا ہے اُسکے کرنے مین اور اُسکے حلال سمجھنے مین کفر نہین اور مفسد اُسکو کہتے ہین کہ جو باطل کرے کسی عمل شروع کردہ کو اور حکم اُسکا یہ ہے کہ عذاب ہے اُسکے کرنے مین عمداً جانتے اپنے ارادہ سے اور سہواً اور جہل سے اُسکے ہو جانے مین عذاب نہین ایسا ہی ہے خلاصہ کیا ہے مین باقی پیر کے ساتھ آداب نگاہ رکھنا جیسا کہ چاہیے اُسکا بیان بعضے ہدایت مین کرین گے انشاء اللہ تعالیٰ اس بات کا بیان ربط القلب بالشیخ کے بیان کے بعد بہت مناسب ہے اب رسالہ مکیہ کا مضمون سنو فرماتے ہین پھر اگر مرید ویسا شیخ پاوے جیسا کہ اوپر بیان ہوا اور دستور کے موافق ہو تب بعد ان سب باتون کے دریافت ہو جانے کے اُسکے عمل کی تلاش اور تحقیق کرے کہ اُسکا عمل طریقت اور حقیقت کے موافق ہے یا نہین پھر اگر وہ مرشد کوئی بدعت کرتا ہو مگر طریقت اور حقیقت کے موافق اُسکا عمل ہو اور اس بات کو بزرگون کی زبانی دریافت کرے اور اُس فرقہ کی جماعت کے بزرگون کے احوال سے جو اُسکی پیروی کرتے ہین اور اُسکو دوست رکھتے ہین اور اُسپر انکار نہین کرتے دریافت کرے پھر جب مرید کو معلوم ہوا کہ اُس مرشد کے زمانے کے لوگ اُسپر انکار نہین کرتے اور بعضے

عالمون کو دیکھے کہ اُنکی پیروی کرتے ہیں اور دانا لوگ بڑے اور جوان اُس سے
بیعت کرتے ہیں اور طریقت اور حقیقت کی طلب میں اُسکے پاس رجوع کرتے ہیں تو یقین
جانے کہ وہ مرشد اُستاد اور ہوشیار ہے اس علم میں اور اگر وہ مرشد اپنی پیروی
کرنے کے واسطے قبول کرے یعنی اُسکو مرید کرے تو اُس سے مرید ہونا اور اُسکی
پیروی کرنا عین مصلحت ہے پھر طریقت کے معاملات میں وہ مرشد جو اسکو فرماوے
اُسمین اُسکی پیروی اور تابعداری کرے اور اپنے دلمین یہ اعتقاد رکھے کہ اُسکے واسطے
سواے اُس مرشد کے اور کوئی دوسرا مرشد نہیں ہے اور اُسکو اللہ تک پہنچاویگا
گر یہی مرشد اور اسکو توحید مطلب کہتے ہیں اور یہ توحید مطلب بڑا رکن ہے اسمین غلطی
کیا بہت سے مریدون نے اور دور پڑے اللہ تعالی کی راہ سے جبکہ اُنھون نے
تردد کیا مرشدون کے حق میں یعنے اپنے وہم باطل اور خیال سے تردد میں پڑے
کہ فلانے پیر اچھے ہیں یا فلانے پیر اور یہ مرشد کہ طریقہ میں سے ایک تردد پیدا ہوا اور
پریشان ہوئے توحید مطلب کے یہ معنی ہیں کہ طالب اپنے دل میں خوب تحقیق اور
ثابت کرے بڑی مضبوطی کے ساتھ کہ مقرر اُسکو اپنے مطلوب اور مقصود تک پہنچانا
ممکن نہیں ہے مگر ایک مرشد معین کے ہاتھ سے جسمین وہ سب صفتیں موجود
ہوں جو ہمنے پہلے ذکر کیا ہے پھر جبتک جو مرید کہ پراگندہ ہووے اُسکے دل
تصدیق یعنے کسی مرشد کا اعتقاد اُسکے دل میں نہ جما تو اللہ تعالی کو کچھ پروا
نہیں کہ جس میدان میں چاہے اُسکو ہلاک کرے سو جیسا کہ حق ایک ہی اور
قبلہ ایک ہے ویسا چاہیے کہ مطلب یعنی مرشد بھی ایک ہو تا کہ مرید میں شیطان
تصرف نہ کرے اور نہ بہکاوے اور ڈانوان ڈول نہ کر دے اُسکو نفس اور سزاوار
ہے کہ مرید صادق اور مخلص ہو یعنے سچا اور اخلاص والا ہو سو صدق اور سچائی
کے یہ معنی ہیں کہ مرید مستقیم ہو اور مضبوطی اور استقامت کے ساتھ اللہ تعالے

کے ساتھ ہر ظاہر میں اور باطن میں پوشیدہ اور کھلا یعنے ظاہری افعال اور باطنی
افعال کے ساتھ پوشیدہ اور کھلا عمل اور کے ساتھ ہو اور سزاوار ہے کہ اپنے سارے
اقوال اور احوال کے ساتھ اللہ تعالی کا طالب ہو یعنے اپنے بدن اور نفس اور قلب اور
عقل اور سر اور روح کے ساتھ اور اخلاص کے یہ معنی ہیں کہ ساری حرکات
اور سکنات اور قیام اور قعود اور تقلبات یعنی اُٹھنا بیٹھنا اور افعال اور اقوال مرید کا
سب اللہ تعالی کے واسطے ہو اور اُسمین دوسری غرض مخلوط اس راہ کے
ساتھ مرید کیواسطے امید ہے اللہ تعالی کی ذات اور اُسکی صفات کی معرفت کا حاصل
ہونا اور یہ صدق اور اخلاص حاصل ہوگی توحید مطلب کے سبب سے ابو درداء
ہے ابی درداء سے انہے روایت کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ اپنے فرمایا
کہتا ہے اللہ تعالی جس نے مجھکو طلب کیا اُسنے مجکو پایا اور جس نے میرے سوا
دوسرے کو طلب کیا وہ مجکو نہ پاویگا اور اس حدیث میں طالبوں کیواسطے حق تعالی
وتعالی کے پانے کی بڑی امید ہے اسواسطے کہ اُس سبحانہ نے طلب کرنے
اور پانے کو اپنی ذات کی طرف نسبت کیا لیکن طلب میں شرط ہے کہ کمال اعتقاد
کے ساتھ صدق کا ہونا اور طلب کرنی اور خالص کرنا دوسرے کی طلب کی
آمیزش سے یہانتک کہ ہووے مرید اپنی طلب میں صادق مخلص موحد اور توحید
صوفیہ کے نزدیک یہ ہے کہ نہ یاد کرے کسی چیز کو سواے اللہ تعالی کے
اور نہ جانے کسی چیز کو سواے اُسکے اور نہ سمجھے کسی چیز کو سواے اُسکے اور
نہ دوست رکھے مگر اُسیکو پھر دوست رکھے اُسکی ذات کو اُسکی ذات کیواسطے
بس اسی ترتیب کے ساتھ صوفیہ کے نزدیک توحید ہے انتہی ایک مرشد سے
اسطرح سے اعتقاد رکھنے کا مضمون فی الحقیقت بڑا سچا اور مجرب ہے اور [illegible]
ہے کہ جب تک کہ اسطرح سے پکا اعتقاد کسی سے نہ ہو گا تب تک اُسکی تعلیم اور

حکم سے اللہ تعالی کی راہ اور اُسکی محبت مین جان مال عزت آبرو کو کس طرح
فدا کرے گا اور عجب عجب چیزون کا یقین مثل دیکھنے کے اُسکو کسطرح سے حاصل ہوگا
اسی واسطے دوسرے مرشد سے بیعت کرنے کا جہان جہان مذکور ہے وہان
پر پہلے مرشد سے جو اعتقاد ہے اُس اعتقاد کے درست رکھنے کا بھی مذکور ہے اسی
واسطے ایک شخص معین کی تقلید کرنا اور اپنے امام کو صواب پر جاننا فقہا کے
نزدیک واجب ہے کیونکہ اگر اپنے امام کے صواب پر ہونے مین شک اور تردد
ہوگا تو اُسکے اعمال اخلاص کے ساتھ نہ ادا ہون گے اور اُس دوسری بیعت
کا نام بیعت تبرک ہے یعنے بقصد برکت حاصل کرنے کے صالحین کے سلسلہ
مین داخل ہونا بمنزلہ اسناد حدیث کے ہے کہ اُسمین بلا شبہ برکت ہے اور
اس زمانہ مین جو لوگ شرک اور بدعت اور گناہ ترک کرنے کے واسطے کسی عالم
کے ہاتھ پر بیعت کر لیتے ہین اسکا نام بیعت توبہ ہے اسکا بار بار کرنا منافی
نہین اور اصل بیعت جو شاہد وار ایمان تحقیقی اور معرفت کے حاصل ہونے کے
واسطے ہے اُسکو کسی نے بیعت تاکد عزیمت کہا جیسا کہ قول الجمیل مین ہے اور
تاکد عزیمت کے یہ معنی ہین کہ مضبوط کرنا دل کے قصد کا اخلاص کے ساتھ
امر الہی کے بجالانے اور اُسکے مناہی کے ترک کرنے پر ظاہر اور باطن سے اور
اللہ تعالی کے ساتھ دل کا علاقہ لگا رہنے پر اور کسی نے بیعت توحید المطلب
لکھا ہے جیسا کہ رسالہ مکیہ مین ہے اور کسی نے خرقہ ارادت کا لینا لکھا ہے
جیسا کہ عوارف اور مکتوبات مین ہے تو اس صورت مین جس نے پہلے بیعت توبہ
کی کیا ہو اور اُسکو مذکورہ مضمون کا مرشد پیچھے سے ملا تو اُسکو ضروری ہے کہ اس مرشد
سے اصل بیعت کرے اور اصل بیعت کے بعد پھر دوسرے مرشد سے اصل
بیعت کی حاجت نہین مگر جب مرید کامل نہ ہونے پایا اور ناقص رہ گیا ہو اور اُسکے

مرشد نے سفر آخرت کو کیا ہو تب وہ پھر اصل بیعت کر سکتا ہے اور اپنے مرشد کے
ہاتھ پر بار بار بیعت کرنا تو پہلے سے درست ہے اور صحابہ کی جماعت بھی الفاظ کی
بار بیعت کرنے کو عمل اور طرائق من کر درست نہین بلکہ اُسکی تفصیل کو یاد رکھنا
ضرور ہے اور اگر کسی نے اپنی نادانی اور جہالت کے سبب سے جو مرشد کسوٹی کے
موافق نہین ہے اُس سے اصل بیعت کر لیا تو حقیقت مین وہ اصل بیعت نہ ہوئی۔
اُس بیعت سے توبہ کرے اور پھر دوسرے مرشد سے جو کسوٹی کے موافق ہے
اصل بیعت کرے یہ سب مضمون جو ہمنے لکھا ہے سو رسالہ مکیہ اور قول الجمیل
اور وصیت نامہ اور مکتوبات مین غور کرنے سے سمجھ مین صاف آجاوے گا اب
اس مضمون کی خوب تحقیق مکتوب و وصیت و وصیت رحیمیہ سے سنو۔ فرماتے ہین
وہ اس طریق مین پیری اور مریدی طریقہ کی تعلیم اور تعلیم مین سکھانے اور سیکھنے پر
ہے کلاہ اور شجرہ دینے سے نہین ہوتی جیسا کہ اکثر مشائخ کے طریقہ مین رسم ہوگئی ہے
یہان تک کہ اُن لوگون میں سے جو مشائخ ہین بہت مضمون نے پیری اور مریدی کو
کلاہ اور شجرہ پر منحصر کر دیا ہے اسی سبب سے وہ لوگ کئی پیر کا ہونا تجویز نہین کرتے
ہین اور جیسا طریقت کو جو سلوک الی اللہ تعلیم کرتا ہے اور تصوف کے مسائل سمجھاتا ہے
اُسکو مرشد کہتے ہین اور اُسکو پیر نہین جانتے اور پیری کے آداب اُسکے حق مین بجا
نہین لاتے سو یہ اُنکی نادانی جہالت اور نارسائی کے سبب سے ہے اور انہین جانتے
کہ اُنکے مشائخ بیچکے سلسلہ مین وہ مرید ہین پیر تعلیم ہیں جس سے پہلا مرید ہوا اور تعلیم
پایا ہے اور پیر صحبت بھی جسکی صحبت مین نفس کے تزکیہ کے واسطے اور اللہ تعالی کے
قرب اور محبوب بن جانے کیواسطے رہا کرتا ہے دونون کو اُن لوگون نے پیر کہا ہے
اور کئی پیر کے ہونے کو اُن لوگون نے تجویز کیا ہے بلکہ پہلے پیر کے جیتے حیات مین
اگر کوئی طالب اپنی رشد اور ہدایت کو دوسری جگہ دیکھے تو اُسکے واسطے درست ہے

کر چکے پیر سے انکو نہ کرے یعنی دوسرے پیر کو نہ لیا کرے اور حضرت خواجہ
بہاء الدین نقشبند قدس سرہ نے اس بات کے دریافت کرنے میں علماء بخارا
سے فتوی بھی لیا تھا کہ اگر ایک پیر سے خرقہ ارادت کا پایا ہو پھر ایک پیر
صوفیہ کے طریقہ کا سلوک سیکھنے کو اپنے پہلے عمل میں جو ہے اور اسکے
واسطے پیر سے ایک تازہ ارادہ میں داخل ہو سکتا ہے یا نہیں ہے انکو جواب دیا تھا کہ
اور جیسا کہ سالک بہتر ہے جیسا انکو توحید مطلب بنانا چاہیے ہو تو انکو بیعت
کی بیعت اس سے کیا ہو تو دوسرے سے خرقہ ارادت کا نہ لے بلکہ انکو توحید کے
بیان کے تاکہ بیعت کی جیت اسی سے کر سکتا اور اس طرح سے مرید نہ ہو کر پہلے
پیر سے اس اعتقاد مذکور کو باطل کرے اور اس پہلے مرشد ہونے کو نہ سمجھے اس
دوسرے پیر سے مرید ہو اور پہلے پیر سے برگشتہ نہ ہو بیا وجہ ہے کیونکہ اس میں شک
اور تردد میں گرفتار ہوگا بلکہ اگر دوسرے پیر سے خرقہ لے تو خرقہ تبرک کا لے
یعنی برکت کے واسطے دوسرے پیر سے بیعت کرے تو خرقہ لینا صوفیہ کی بولی میں مرید
ہونے کو کہتے ہیں تو اس بیان سے یہ بات لازم نہیں آئی کہ مطلقاً دوسرے پیر
سے مرید نہ ہو بلکہ درست ہے کہ خرقہ ارادت کا ایک پیر سے لے اور طریقت دوسرے
سے سیکھے اور تیسرے کی صحبت میں رہا کرے اور اگر یہ تینوں دولت ایک ہی شخص
سے میسر ہو تو کیا بڑی نعمت ہے اور درست ہے کہ تعلیم اور صحبت کا فائدہ کئی پیروں
سے لے آپ جانتا ہے کہ پیر وہ شخص ہے جو مرید کو حق سبحانہ کے ملنے کی راہ
بتاوے اور یہ بات طریقت کی تعلیم میں زیادہ نظر پڑتی ہے اور خوب ظاہر ہے
اور پیر تعلیم کا تیسرا ہے جو علم شریعت کی تعلیم کرتا ہے اور
طریقت کی باتیں جو تصوف کی باتیں تعلیم کرتا ہے اور توحید المطلب بتانے کے
قابل ہو اور پیر خرقہ جس سے ہو ند تبرک کی کر لیا ہے یا موافق رسم کے

وہ شجرہ لے لیا ہے تو بس پیر تعلیم کے آداب کو زیادہ نگاہ رکھنا چاہیے یعنی جو شخص
درجہ قربت اور حقیقت کی تعلیم کے قابل ہو اسکا بڑا ادب ہے اور باقی پیری کا کام پہچانے اسی
سے جب حق ادا کرنا ہوتا تھا بانی کی بیعت سے مرید ہونے کے درست ہونے کو
بیان نزل مجلس میں دیکھو حضرت مرشد برحق سے ایک شخص نے کہا کہ دو تین
سے ہر ایک بیعت لے
حضرت مرشد نے فرمایا کہ نہایت کار روز پاؤں پھسلنے کا وقت ہو جیسے علاج
کرنے کا وقت نہیں ہے اور جب کسی کا پاؤں پھسلتا ہے تو اگر ایک آدمی اسکا ہاتھ پکڑ
لیتا ہے تو اسکو بڑی قوت ہو جاتی ہے اور اگر دو تین آدمی اسکے ہاتھ تھام لیتے ہیں تو اسکو
بہت زیادہ قوت ہو جاتی ہے سبحان اللہ کیا خوب جواب دیا سچ ہے کہ قیامت کا دن
تنہائی ہے اور مرشد دین سے دستگیری کی امید ہے اللہ کے حکم سے
تعالی مرید پیروں کا اعتقاد پیروں سے درست رکھتے ہیں تب یہ
اور مثلاً کوئی شخص ایک مرشد سے مرید ہوا اور انکی صحبت میں رہنے اور ذکر و شغل
سیکھنے اور تصوف کے مضامین کے تحقیق کرنے کا اتفاق نہ ہوا اور ناتمام رہ گیا
اور ان باتوں کے بتانے کے قابل کوئی دوسرا پیر ملا تو اس سے ضرور مرید ہو
اور یہ باتیں اس سے سیکھے اور ہرگز ہرگز وسوسہ نہ کرے اور صحابہ لوگ جو
آنحضرت سے بیعت کئے تھے اور انکو قیامت تک پھر کسی سے بیعت کرنے کی
حاجت نہ تھی اور نبی اور نعمت سے آسودہ ہو چکے تھے سو وہ لوگ بھی نیک نیت
اور دین کی ترقی اور دینی مصلحت کے واسطے پھر حضرت صدیق سے بیعت کئے پھر
حضرت عمر اور حضرت عثمان اور حضرت علی سے بیعت کئے رضی اللہ عنہم اس مضمون
کو یاد رکھے اور جس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر صحابہ لوگ بار بار
بیعت کرتے تھے اسی طرح سے اپنے مرشد کے ہاتھ پر بیعت کیا کرے اور اس

زمانہ میں حضرت امیر المومنین سید احمد قدس سرہ کے طریقہ میں داخل
نعمت جانے اور جو شخص بدعتوں اور شرک میں اور گناہ کبیرہ میں گرفتار
ہو وہ احتساب اور تعزیر کے قابل ہے اس سے بیعت کرنا حرام ہے او
ر بیعت ہو چکا ہے تو انکی بیعت سے توبہ کرنا اور اس بدعتی سے کنارہ کرنا واجب
فرمایا اللہ تعالیٰ نے سورۂ اعراف میں وَاَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِيْنَ یعنی کنارہ کر
جاہلوں سے اس ملک میں جو بعضے جاہلوں نے اپنے مرید کو تعلیم کر دیا
ہے ہماری صورت کا خیال اپنے سامنے ہر وقت رکھے اور نماز کے وقت سجدہ
کے مقام میں انکی صورت کا خیال کرنے اور انکے پاؤں پر سجدہ کرے
اور کسی نے مرید کو یہ مراقبہ تعلیم کیا خیال کرے کہ گویا اسکے دل پر ایک تخت
ہے اس پر انکا مرشد بیٹھا ہے اور انکی پیشانی پر سنہرے حرف سے لفظ یار لکھ
ی ہے سو ایسا جاہل مرشد چھوڑنے کے قابل ہے اور اسکی بیعت سے تو
بہ کرنا اور اس سے کنارہ کرنا واجب ہے اور بڑا افسوس ہے کہ بعضے اشراف لوگ
اور پڑھے لکھے آدمی ایسے جاہلوں کی مریدی پر لوٹے رہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم حضرت
پیر دستگیر شاہ [illegible] کے مرید ہیں حالانکہ یہ بڑی شرم کی بات ہے اور نماز میں
جو اللہ جل جلالہ کی تعظیم کا مقام ہے مرشد کا خیال کرنا گدھے اور گائے کے خیال
سے زیادہ برا ہے کیونکہ گدھے اور گائے کا خیال حقارت کے ساتھ ہوتا ہے
اور مرشد کا خیال تعظیم کے ساتھ ہوتا ہے اور یہ شرک ہے آپ حضرت مرشد برحق
سید احمد قدس سرہ جو مرشد صاحب تاثیر تھے اور انکے صاحب طریقہ ہونے کا
بیان جو حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی قدس سرہ نے فرمایا تھا
حکایت کر سنو حکایت اس حکایت سننے کے پہلے یاد رکھو کہ حضرت مولانا شاہ
عبدالعزیز قدس سرہ حضرت سید احمد صاحب کو انکے ابتدا وقت سے مرید

کیا کرتے تھے اور حضرت مولانا عبدالحی صاحب اور ہم سب جانتے تھے کہ میاں صاحب
کہا کرتے تھے اور مولانا عبدالحی مولانا محمد اسمٰعیل کو میاں محمد اسمٰعیل کہا کرتے تھے
پھر کہا اس حکایت کو ہم جیسے انکے بلفظہ بیان کرینگے اور یہ شخص انہیں میں [illegible]
ان شخصوں کے یاد رکھے گئے اب وہ حکایت سنو کہا ہمارے بزرگوں نے
حضرت خالد ربانی مولانا عبدالحی رحمۃ اللہ سے عرض کیا کہ آپ جو اسقدر میاں صاحب
سے اعتقاد رکھتے ہیں اور وہ آپ سے چھوٹے ہیں [illegible] بزرگی کے
میاں صاحب کی محبت اتنا رکھتے ہیں اور آپکے [illegible] اور انکے سوا آپ کے
پاس [illegible] نہیں اور آپ جب میاں صاحب کے [illegible] ہیں تو
[illegible] اور [illegible] دعا کرتے ہیں تو آپ ہم سے سچ بیان کیجئے کہ آپ نے میاں
صاحب سے کیا پایا [illegible] حال ایسا بنا یا سبب ہوا [illegible] فرمایا کہ [illegible]
[illegible] سچ بیان کرو [illegible] میرا یہ حال تھا کہ میں سالک الی اللہ اور صاحب سلسلہ
ہونے کا [illegible] میں نے حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز قدس سرہ سے
عرض کیا کہ مجھکو آپ سلوک الی اللہ تعلیم کیجئے اور [illegible]
والی مرشد [illegible] سے توجہ [illegible] تھا مگر میرا مقصود حاصل نہ ہوا تب آپ نے
مجھکو حضرت شاہ غلام علی قدس سرہ کے پاس بھیجا [illegible]
میرا مقصود حاصل نہ ہوا تب میں نے حضرت مولانا سے [illegible] عرض کیا کہ [illegible]
کے توجہ کا محتاج ہے اور [illegible] مقام میں پہنچے [illegible] مجھکو [illegible]
بیٹھے تب حضرت مولانا نے فرمایا کہ میاں میں بہت [illegible] مجھ میں
بہت [illegible] پہنچنے کی قوت نہیں یہ مقصد تمہارا میر احمد صاحب سے حاصل ہوگا
تم انسے بیعت کرو تب اس [illegible] کا یہ فرمانا مجھکو بہت [illegible] اور میں [illegible]
[illegible] جب [illegible] بھر گئی [illegible] اور میں مرض گیا [illegible] چند روز

بہرا کمی درجہ ہوا کہ میں اور حضرت میاں صاحب اور میاں محمد اسمعیل مدرسہ کے
ایک ہی مکان میں رہا کرتا تھا ایک شب کو بعد عشا کے جب ہم تینوں شخص پلنگ
پر سوئے تب میاں صاحب نے فرمایا کہ مولانا مجھکو حضرت رب العالمین نے
محض اپنے فضل و کرم سے بطور الہام کے خبر دیا ہے کہ فلانی تاریخ فلانے سفر
میں تو ہوگا فلانے مقام میں یہ ہوگا فلانے مقام میں وہ ہوگا اور اسقدر لوگ مرید
ہونگے وعلی ہذا القیاس سب باتیں بیان کیا پھر دوسرے روز بھی ایسی ہی عجیب
و غریب باتیں بیان کیا اسیطرح سے کئی روز تک از ابتدا تا انتہا مراد جہاد
کی اقسام کا بیان بتفصیل تمام فرمایا تب ہمنے اور میاں محمد اسمعیل نے مشورہ کیا
کہ اگر یہ سب باتیں سچ بیان کرتے ہیں تو بلا شبہ یہ بہت بڑے شخص اور قطب ہیں
اُنسے کچھ فیض لینا بہت ضرور ہے سو آؤ کسی بات میں انکا امتحان کریں تب میاں
محمد اسمعیل نے کہا کہ آپ جیسے بڑے ہیں آپ ہی تجویز کرکے کسی بات میں امتحان
کیجئے آخر کو جب پہر رات گئی میاں صاحب نے پکارا کہ مولانا تب ہمنے عرض کیا
کہ حضرت آپکی بزرگی میں کچھ شبہ نہیں مگر ان سب باتوں سے کیا فائدہ کچھ کام کی بات
کہئے تب فرمایا کہ مولانا کیا مانگتے ہو تب ہمنے کہا کہ حضرت ہم یہی مانگتے ہیں کہ جیسی نماز
صحابہ کرام ادا کرتے تھے ویسی ہی دو رکعت ہمسے ادا ہو یہ کہنا اور میاں صاحب
بلبلا کر خاموش ہو گئے اور اس روز پھر کچھ نہ بولے تب ہم لوگوں نے جانا کہ
فقط زبانی باتیں ہیں ان باتوں سے انکو کچھ علاقہ نہیں مگر بسبب کی دوستی اور
صحبت کی مروت سے ہم لوگ کچھ نہ بولے کہ اب شرم دنیا کیا فرد ولا اور چپ کرکے
سور ہے پھر آدھی رات کے کچھ قبل یا بعد حضرت میاں صاحب نے پکارا مولانا
آ کر بیٹھنے سے مجھکو تشویش ہوا بعد میں پردہ میں کھڑے ہو گئے اور اپنی
جناب سے مجھکو بڑا امتنان دیا گیا تب میں نے جواب میں کہا حضرت تب فرمایا کہ

جاؤ اسوقت اللہ کیواسطے وضو کرو تب میرے بدن پر خوف و شوق ظاہر ہوا اور بحکم آنجناب کے
گیا کہ بہت خوب دو تین قدم میں چلا تھا کہ پھر پکارا مولانا تشریف لائیے پھر کے حضرت
کے پاس حاضر ہوا فرمایا کہ تمنے خوب سمجھا جو کہا گیا میں نے کہا کہ اللہ کیواسطے
وضو کرو پھر میں نے کہا بہت خوب اور چلا دو تین قدم چلا تھا کہ پھر پکارا اور
اُسی طرح فرمایا اسی طرح تین بار کہا اور تیسری بار جاکے میں وضو کرنے لگا تو پایا
حضور دل اور حق سبحانہ کے خوف سے میں نے ادب کے ساتھ وضو کیا کہ ایسا
وضو کبھی نہ کیا تھا پھر وضو کرکے حضرت کے حضور میں حاضر ہوا فرمایا کہ جاؤ
اللہ رب العالمین کیواسطے اسوقت دو رکعت نماز پڑھو سو خوب میرے بدن پر
تشعریرہ ہوا اور نماز کیواسطے چلا اور دو تین قدم چلا تھا کہ پھر پکارا اور میں حضور
میں حاضر ہوا فرمایا کہ تم نے خوب سمجھا یا نہیں میں نے کہا کہ جاؤ اسوقت
اللہ رب العالمین کیواسطے دو رکعت نماز پڑھو میں نے کہا کہ بہت خوب اور
نماز کے واسطے چلا پھر تیسری بار پکارا اور ویسا ہی سمجھایا تب میں نے
ایک گوشہ میں نماز شروع کیا تو تکبیر تحریمہ کے ساتھ ہی ایسا شاہد و جلال
میں غرق ہوا کہ ہوش نہ باقی رہا اور بیقرار رو پڑا کہ آنسوؤں سے ڈاڑھی تر ہو گئی اور سرشار
نماز میں غرق ہو گیا کہ دنیا کی یاد مطلق نہ باقی رہی اور نہایت خوف اور لذت
کے ساتھ میں نے دو رکعت نماز پڑھی جب دو رکعت پڑھ چکا تو خیال کیا کہ میں نے
سورۂ فاتحہ نہ پڑھا تھا پھر سلام پھیر کے دوبارہ دوسری بار دو رکعت
کی نیت کیا پھر جب پڑھ چکا تو خیال کیا کہ فاتحہ میں سورہ کو ضم نہ کیا تھا پھر
شروع کیا اسی طرح ہر بار ایک ایک واجب کے ترک کرنے کا خیال آتا
تھا اور نماز کو ناقص سمجھ کے دہراتا تھا واللہ اعلم سو رکعت یا زیادہ کم پڑھا
ہوگا کہ صبح صادق کا قرب ہوا پھر آخر کو ناچار ہو کے سلام پھیرا اور بیت

شرمندہ ہوا کہ میری استعداد اس طرح کی ناقص ہے کہ دو رکعت پوری بھی حضور دل کے ساتھ نہ پڑھ سکا اور اتنے بڑے کامل شخص کو میں نے آزمایا اب اگر وہ پوچھیں گے کہ دو رکعت اللہ کے واسطے پڑھا تو میں کیا جواب دونگا میں تو حضور دل کے ساتھ جیسا کہ حق نماز پڑھنے کا ہے ویسا دو رکعت بھی پڑھ نہ سکا اسی سوچ میں شرم کے دریا میں غرق ہو گیا اور اپنے قصور کا معترف ہو کے اللہ سبحانہ کے خوف سے استغفر اللہ استغفر اللہ کہنے لگا یا جب اذان ہوئی تب کو ہوش ہوا اور یاد پڑا کہ صحابہ کرام کا یہی حال تھا کہ تمام رات عبادت کرتے اور پچھلی رات کو استغفار کرتے تھے انکی شان میں اللہ تعالے نے فرمایا والمستغفرین بالاسحار اور سوچا کہ بلاشبہ یہ بڑے کامل مرشد ہیں کہ انکے کلام سے میرا عقیدہ پورا ہوا اللہ جو نعمت مدت دراز کی محنت میں حاصل ہوتی تھی وہ انکے ایک دم کے فرمانے سے حاصل ہوئی پھر میں مسجد میں گیا اور قبل نماز فجر کے میں نے حضرت میاں صاحب کی بیعت کیا بعد صبح کی نماز کے بھی میاں محمد اسمعیل سے میں نے رات کا قصہ پورا بیان کیا ہوگا وہ بھی ہمارے صادق بات تھے انھوں نے بھی حضرت میاں صاحب کی بیعت کیا پھر تین دن کو حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز کے پاس گیا اور رات کا قصہ بیان کیا اور اپنے بیعت کرنے کا بیان کیا آپ نے فرمایا بارک اللہ بارک اللہ خوب کیا میاں میں تم سے اسیواسطے کہا کرتا تھا کیوں میاں تمنے میر صاحب کا کمال دیکھا تب میں نے عرض کیا کہ حضرت میں نے بہت دنوں آپ کی خدمت کیا اور بہت طریقوں کے موافق میں نے شغل اور مراقبہ کیا پر مقصد کچھ نہ حاصل ہوا حضرت سید صاحب نے ایک بات زبان سے کہدیا اور میں نے اپنی مقصد پا گیا حضرت یہ کون طریقہ کہلاتا ہے تب فرمایا کہ میاں ایسی

لوگ کسی طریقہ کے محتاج نہیں ہوتے ایسے لوگ جو زبان سے کہیں وہی طریقہ ہے ایسے لوگ خود صاحب طریقہ ہوتے ہیں اور ایسے لوگ طریقہ نکالتے ہیں حضرت مولانا کے فرمانے سے اور بھی زیادہ مجھکو حضرت میاں صاحب کے مرشد صاحب طریقہ ہونے کا یقین ہوا اور میرا اعتقاد اور بھی زیادہ ہوا اس سبب سے میں میاں صاحب کی غلامی میں حاضر ہوں اور انکی غلامی کے قابل ہی میں بھی شک نہیں پاتا تمام ہوئی تقریر مولانا عبدالحی مرحوم کی بس حضرت مرشد برحق کے صاحب طریقہ ہونے کے واسطے ہندوستان اور بنگالے کے سارے اہل سنت و جماعت کے نزدیک حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز کا اسقدر فرمانا کافی ہے

حکایت اور ایک روز اس عاجز نے مولانا عبدالحی سے عرض کیا کہ کشف اور مشاہدہ کی حقیقت بیان کیجئے تب مولانا نے فرمایا کہ جسقدر کتابوں میں لکھا ہے اسقدر میں بیان کر سکتا ہوں اور تم بھی دیکھ سکتے ہو مگر جس غرض سے تم پوچھتے ہو سو میاں صاحب سے پوچھنے سے حاصل ہوگی تم میاں صاحب سے پوچھو تب اس عاجز نے میاں صاحب سے پوچھا میاں صاحب نے فرمایا کہ کشف اور مشاہدہ حاصل ہونے کا طریقہ جیسا کہ کتابوں میں لکھا ہے ویسا میں نے صراط المستقیم میں لکھوا دیا ہے مگر دستور ہے کہ جب کوئی مبتدی سے پوچھتا ہے کہ دو اور دو کیا ہوتا ہے تب وہ کہتا ہے کہ چار پھر جب کہتا ہے کہ چار چار کیا ہوتا ہے تب وہ کہتا ہے آٹھ پھر کہتا ہے کہ آٹھ اور آٹھ کیا تب وہ کہتا ہے سولہ پھر کہتا ہے سولہ اور سولہ کیا تب کہتا ہے بتیس پھر جب کہتا ہے بتیس اور بتیس کیا تب وہ کہتا ہے چونسٹھ پھر وہ کہتا ہے کہ چونسٹھ اور چونسٹھ کیا تب وہ آنکھ بند کر کے غور کر کے کہتا ہے کہ ایک سو اٹھائیس ہے میاں صاحب نے بھی ہمارے سمجھانے کو آنکھ بند کر کے یہ بات فرمایا تھا اسوقت کے فرمانے کی صورت گویا کہ یہ عاجز دیکھ رہا تو پھر فرمایا کہ میں

کھوے مراقبہ کرتا ہون اور مجھکو مشاہدہ حاصل ہوتا ہی تم بھی انکو کھوے کھوے مراقبہ کیا کرو بس میان صاحب کے ارشاد دینے سے میں اپنے مقصد کو پہنچا اور مشاہدہ اور فنا اور بقا اور [illegible] سب کچھ کھل گیا اور اب اپنی ساری طہارت اور عبادت اور ذکر کو مشاہدہ سے خالی نہین پاتا جزاهم الله عنا خير الجزاء و الحمد لله على ذلك ۔

چوتھی ہدایت

اس بات کے بیان مین کہ رتبہ شیخت کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نیابت ہی اور اس رتبہ والے کا یہی کام ہے کہ مرید کو اللہ تعالی کا محبوب بنا دیتا ہی اور اللہ تعالی کو مرید کا محبوب بنا دیتا ہی اور سالک اور مجذوب کے بیان مین اور مرشد اور خادم کے فرق کے بیان مین ۔ جاننا چاہئے کہ شیخ یعنی مرشد اور پیر مشائخ اور شیخت انکی جمع ہی اور شیخت معنی مرشدی کے بھی آتا ہی عوارف المعارف کے دسوین باب مین رتبہ شیخت کی شرح مین یہ فرماتے ہین [illegible] بہت ہی مختصر یہ ہی فرماتے ہین حدیث مین آیا ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا قسم ہے اُس مالک کی کہ محمد کی جان اسکے ہاتھ مین ہی اگر تم چاہو تو مین تم سے قسم کہا کے کہون یعنی یہ بات بڑی یقینی ہی کہ اللہ کے بندون مین سے اللہ کے نزدیک بڑے پیارے وہ لوگ ہین کہ اللہ کو دوست بنا دیتے ہین اللہ کے بندون کے نزدیک اور اللہ کے بندون کو دوست بنا دیتے ہین اللہ کے نزدیک اور زمین پر چلتے ہین مسلمانون کی خیرخواہی اور خیراندیشی کے ساتھ یعنی انکی اوقات مسلمانون کی خیرخواہی و خیراندیشی اور انکی مدد کرنے مین گذرتی ہی اور زمین مین نصیحت کرتے پہرتے ہین اللہ تعالی کا دین اور اسکے رسول کی سنتون کی عزت اور بزرگی ظاہر کرنے اور قوت دینے کیواسطے اور اللہ تعالی کی کتاب کے احکام ظاہر کرنے کیواسطے

اور بادشاہون کے بادشاہ کے اور سارے مسلمانون کے دین کے کام اور دنیا کے کام جو دین حاصل کرنے کے واسطے ہین سبکی اصلاح اور درستی کیواسطے اور یہ مضمون جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر کیا یہی رتبہ شیخت کا اور رتبہ کا ما حاصل ہی یعنی اللہ تعالی کیطرف بلانے والون کا ہی اسواسطے کہ شیخ دوست کر دیتا ہی اللہ تعالی کو اسکے بندون کے نزدیک فی الحقیقت اور دوست کر دیتا اللہ تعالی کے بندون کو اللہ تعالی کے نزدیک اور رتبہ شیخت کا سب رتبون سے اعلی اور بڑھ چڑھ کے ہی صوفیہ کے طریق مین ۔ اور یہ جو کہ اللہ تعالی کی طرف بلانے مین نبوت کی نیابت ہی لیکن شیخ جو اللہ تعالی کے بندون کو اللہ تعالی کے نزدیک دوست کر دیتا ہی سو اسکی وجہ یہ ہی کہ شیخ چلاتا ہی مرید کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا اور پیروی کی راہ اور جس شخص کو آنحضرت کی اقتدا اور پیروی ٹھیک اور درست ادا ہوئی اُسکو اللہ تعالی دوست رکھتا ہی فرمایا اللہ تعالی نے تیسرے سیپارہ سورۃ آل عمران مین قل ان کنتم تحبون الله فاتبعوني يحببكم الله ترجمہ اگر تم محبت رکھتے ہو اللہ کی تو میری راہ چلو کہ اللہ تمکو چاہیگا اور طریقہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کے طریق کو بیان فقہ کی کتابون مین کہ طہارت سے شروع ہے اور میراث کے بیان تک ختم ہوا ہی سو اس ملک مین لامذہب لوگ نکلے ہین کہ وہ فقہ پر عمل کرنے سے منع کرتے ہین اور لوگون کو مرید کیا کرتے ہین سو وہ جو تمام رشد اللہ ہی لامذہب مرشد دونون جاہل مرشد ہین انسے جو مرید ہوا ہو اسپر واجب ہی کہ انسے کنارہ کرے کیونکہ یہ جاہل ہین و انسے کنارہ کرنے کا بیان قریب ہی آیت واعرض عن الجاهلين سے کہہ چکے اللہ تعالی مسلمانون کو توفیق دے کہ سچے مرشد کو تلاش کرین اور اسکو پہچان کے اُس سے مرید ہون اور بندون کی چال سے پرہیز کرین یعنی جیسا کہ

بندہ لوگ برہمن کو اپنا گرو بنا لیتے ہین اُنکی بھلائی برائی کی تلاش نہین کرتے ہین
دنیا مسلمان لوگ نہ کرین اور شیخ جو اللہ تعالیٰ کو اُسکے بندون کے نزدیک دوست
کر دیتا ہے سو اُسکی وجہ یہ ہے کہ شیخ بتلاتا ہے مرید کو نفس کے تزکیہ یعنی پاک کرنے
اور تجلا کرنے کی راہ اور جب بندے کا نفس پاک ہوا تب اُسکے دل کے آئینہ
کی جلا ہو گئی اور انوار عظمت الٰہیہ کا عکس اُسمین پڑا اور جمال توحید کا اُسمین ظاہر ہوا
اور بصیرت کی تیلیان انوار قدم کے جلال کے دیکھنے مین اور کمال ازل کے
دیکھنے مین کھنچ گئین یعنی اُسکو مشاہدہ اور حق الیقین حاصل ہوا تب بندہ نے
خواہ مخواہ اپنے رب کو دوست رکھا جب اللہ تعالیٰ کیطرف متوجہ ہونے کا ملکہ
اور اشتیاق نفس ناطقہ کو حاصل ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ سے ایک علاقہ اُسکو لگ جاتا ہے
اور یہ علاقہ لگ جانا نفس ناطقہ کی صفت ہو جاتی ہے کہ ایکدم جدا نہین ہوتی
مثل دیکھنے سننے وغیرہ صفتون کے تب اس ملکہ کو بصیرت کہتے ہین جیسا کہ
آنکھ کی بینائی کو بصارت کہتے ہین اور اسی ملکہ کو نسبت کہتے ہین اور یہ محبت
سبب ہے نفس کے تزکیہ کی فرمایا اللہ تعالیٰ نے سورہ والشمس مین قَدْ اَفْلَحَ
[illegible] یعنی تحقیق خلاص ہوا وہ شخص جس نے پاک کیا اُس نفس کو اور یہ فلاح
اور [illegible] اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل ہونے سے ہوتی ہے اور یہ بھی ہے کہ
دل کے آئینہ کی جب جلا ہو گئی تب دنیا کی برائی اور نیکی حقیقت اور ماہیت
کے سامنے ظاہر ہو گئی اور آخرت ظاہر ہو گئی اور اُسکا کنہ اور غایت اور انجام
ہو گیا تب کھل جاتی ہے بصیرت بر حقیقت دارین کی یہ حاصل دونون منزلون کا
جب دو قسمہ کا ہم نے بیان کیا اور یہ غنیمت کرتا ہے فنا ہونے والی ہین تب ظاہر
ہوتا ہے کہ نفس کے تزکیہ اور مرشد کی کوشش اور تربیت کا تو مرشد جو ہو
اللہ تعالیٰ کی جو ہدایت کرون ہے کہ اللہ تعالیٰ سیدھی راہ دیتا ہے مرشد کے

وسیلے سے مریدون کو اور مرشد کے وسیلے سے طالبون کو جو اُسکی ذات کے
مرید ہوا اُسکی خوشی کے طالب ہین انتہی اس مضمون سے صاف ظاہر ہے کہ اللہ تعالیٰ
کی عادت یون ہی جاری ہے کہ اپنے بندون کو مرشد کے وسیلے سے ہدایت کرے
اور جسکو وہ سبحانہ گمراہ کرتا ہے اُسکو مرشد نہین ملتا فرمایا اللہ تعالیٰ نے پندرھوین سیپارہ
سورہ کہف مین وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا اور جسکو وہ گمراہ
کرے پھر تو نہ پاوے اُسکے کوئی رفیق راہ پر لانے والا پھر آگے اسی باب مین جو مضمون فرمائے
ہین اُسکا خلاصہ سنو زہری ابن عبداللہ نے کہا کہ مین نے سنا عبداللہ ابن بشر
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے وہ کہتے تھے کہ جب اکٹھا ہوں
کسی جماعت یا کسی مقام مین بیس مرد یا زیادہ پھر اگر نہ ہوا ان مین وہ شخص کہ ڈرے
اللہ عزوجل سے تو سمجھو قریب ہوئی قیامت سو مشائخ کے اوپر لازم ہے اللہ تعالیٰ
کی تعظیم اور اُس سے ڈرنا یعنے مرشد لوگ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہین اور اُسکی تعظیم
کرتے ہین اور مرشدون سے مرید لوگ آداب شرعی سیکھتے ہین ظاہر مین بھی
اور باطن مین بھی فرمایا اللہ تعالیٰ نے ساتوین سیپارہ سورہ انعام مین اُولٰٓئِكَ
الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ وہ لوگ تھے جنکو ہدایت دی اللہ
نے سو تو چل اُنکی راہ سو مشائخ نے جب سیدھی راہ پایا تب اُن کامل ہوے
لوگون کی اقتدا اور پیروی کرین اور وہ لوگ متقیون کے امام مقرر کئے گئے
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جب میرے بندہ
پر غالب ہوتا ہے میری ذات کا اشتغال یعنی میری ذات کے مراقبہ مین غرق ہو جاتا
ہے تب مین لگا دیتا ہون اُسکے دل کے قصد اور لذت کو اپنی یاد مین پھر جب مین
اُسکے دل کے قصد اور لذت کو اپنی یاد مین لگا دیا تب بندہ مجھکو سب سے زیادہ
دوست رکھتا ہے اور میرا عاشق بن جاتا ہے اور مین اُسکو سب سے زیادہ دوست رکھتا ہون

اور سرے اور آخر نبی ہے اُنکے درمیان میں جو ہر نبی ہے ہر نبی کی ولی پر دامن کو اُنکے
بدل میں انگو بیٹا ہو وانی قوت طبیعت میں حاصل ہوتا ہے جب ورد بیٹے دیکھو انھیں اور
میں جو بیج ہو کہ جیسو قسم کے لوگ جو بنے ہیں ایسے بنے ہیں جو میں ان کے تمام ہم جانتے
وہ لوگ ہیں ابدال ہیں جو حق وہ لوگ ایسے ہیں کہ جیسا ہم ان کو بناتا ہوں زمین
پر کسی عذاب آنا ہو گا تب مجھ کو ان کی برکت سے
پر سے عذاب کو پھیر لیتا ہوں انکی ہیں وہ
لوگ ہر شہر کے قابل ہوتے ہیں ان سب لوگوں کو دنیا
ذکر کیا اب ابدال کی تحقیق میں کیا ذکر ان ایک جماعت ہیں
لوگوں میں کہ کرنے دنیا خالی نہیں ہوتی جب انمیں سے ایک شخص مرجاتا ہے انکے بدلے
میں اللہ تعالیٰ دوسرے شخص کو انکی جگہ پر مقرر کر دیتا ہے ابدال کا واحد بدل ہے
بدل معنی جو چیز کہ دوسری چیز کی جگہ پر ہو مشکوٰۃ مصابیح میں باب ذکر الیمن و الشام
و ذکر اویس قرنی کی تیسری فصل میں ابدال کے بیان کی حدیث ہے شیخ ابن
عبید نے حضرت علیؓ سے روایت کیا ہے اسکو دیکھیں اس حدیث کا اور شرح لمعات
میں جو اسکی شرح کیا ہے اسکا خلاصہ یہ ہے کہ ابدال لوگ چالیس مرد ہیں جب انمیں کہ
ایک مرد مرجاتا ہے اللہ تعالیٰ اُنکے بدلے میں دوسرے کو لاتا ہے انکے رہنے
سے اور انکی برکت سے مینہ برستا ہے اور انکی مدد سے دشمنوں پر لوگ غالب
ہوتے ہیں اور انسے اپنا بیر اور کینہ نکالتے ہیں اور اپنا بدلا لیتے ہیں اور انکی
برکت سے شام کے لوگوں سے عذاب پھیر دیا جاتا ہے چونکہ ابدال لوگ شام
میں رہتے ہیں اسواسطے شام کو ذکر کیا اور انکی برکت اور مدد تمام عالم کو شامل ہے
جیسا کہ اوپر گذرا اور شیخ ابن حجر نے ان حدیثوں کے ذکر کرنے کے بعد دوسری
حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کیا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نے کہ اخیار امت کے ہر زمانہ میں لوگ پانچ سو مرد ہیں اور ابدال چالیس ہیں پس
سو نہ وہ پانچ سو کبھی کم ہوتے ہیں اور نہ یہ چالیس جب چالیس میں سے ایک مر
جاتا ہے تب اُسکے بدلے میں پانچسو میں سے ایک مرد بھرتی ہوتا ہے صحابہ نے
عرض کیا یا رسول اللہ آپ ہمکو بتا دیجیے اُنکے عمل کہ وہ لوگ کون عمل کرتے
ہیں جس مرتبہ کو پہنچتے ہیں فرمایا کہ وہ لوگ معاف کرتے ہیں اُس شخص کو جو اُنپر ظلم
کرتا ہے اور نیکی کرتے ہیں انکے ساتھ جو اُنکے ساتھ بدی کرتا ہے اور جو کچھ اللہ تعالیٰ
نے دیا ہے اُس میں سے فقیروں کی حاجت روائی اور غمخواری کرتے ہیں اور اس
مضمون کی تصدیق قرآن شریف میں فرمایا اللہ تعالیٰ نے چوتھے سیپارہ و سورہ
آل عمران میں وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ وَاللَّهُ يُحِبُّ
الْمُحْسِنِينَ اور دبانے ہیں غصہ اور معاف کرتے ہیں لوگوں کو اور اللہ دوست
رکھتا ہے نیکی کرنے والوں کو قطب ارشاد اور قطب مدار اور غوث اور قطب الاقطاب
اور امامت اور دوسری فصل کی تحریر ہدایت کے میں
اور غوث آگے جو خوارق بڑی طول تقریر کیا
خلاصہ یہ ہے کہ مرشد جیسا اپنے نفس کی تقویت کرتا ہے ویسا ہی مرید کے نفس
کی تقویت کرتا ہے نفس کی تاثیر جب مرید میں آجاتی ہے تب فرزند مرشد
کا ہوتا ہے جیسے کہ بیٹا باپ کا جز ہوتا ہے ولادت جسمی میں اور یہ ولادت
معنوی ہوتی ہے جیسا کہ منقول ہے عیسیٰ علیہ السلام سے کہ انھوں نے کہا
ہرگز داخل نہوگا آسمانوں کے ملکوت میں جو شخص کہ نہ پیدا ہوگا دو مرتبہ تو یہ
ولادت سے مرید کو ایک علاقہ از عالم ملک یعنی ظاہر موجودات سے ہوتا
اور اس ولادت سے مرید کو ایک علاقہ عالم ملکوت یعنی باطن موجودات
ہو جیسے ہر کوئی عالم ظاہری چیزوں کو دیکھتا اور دریافت کرتا

سکے وہ لذت کے ساتھ عبادت کرنے لگا اور اُسکو محبوب اور مراد کہتے ہیں اور قرآن
شریف میں ان دونوں قسم کا صاف صاف بیان ہے آور یہ جو دونوں قسم کا ذکر ہوا
سو اُنکی حقیقت یہ ہے کہ صالحین اور سالکین لوگ چار قسم ہیں ایک سالک مجرد دوسرا مجذوب
مجرد تیسرا سالک متدارک بالجذب چوتھا مجذوب متدارک بالسلوک تو سالک مجرد
وہ ہے جسنے نرا سلوک اور عبادت کیا ہے اور اُسکو مشاہدہ نہیں حاصل ہوا ہے سو وہ
مرشدی کے لائق نہیں ہے - اور وہ مرشدی کے رتبہ کو نہیں پہنچا اس سبب سے
کہ اسمیں اُسکے نفس کی صفات باقی ہے سو ایسے شخص کو اللہ تعالیٰ کی رحمت کا جو حصہ
ملا ہے اُسکے سبب سے معاملہ اور ریاضت کے مذہب پر ٹھہرا رہتا ہے اور ایسے حال تک
نہیں پہنچا کہ رنج کی سوزش سے راحت پاوے یعنی اُسکو مشاہدہ اور حق الیقین نہیں
حاصل ہوتا مگر اُسپر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہے اس سبب سے معاملہ اور ریاضت میں لگا رہتا
ہے یعنے طہارت نماز روزہ وغیرہ احکام شرع کو بجا لاتا ہے اور تیں . مجذوب مجرد یعنے نرا
مجذوب جو بغیر سلوک کے اللہ تعالیٰ نے اُسپر ابتدا میں یقین کی نشانیاں ظاہر
کر دیا ہے اور اُسکے دل سے کسیقدر پردہ اٹھ گیا ہے اور یہ مجذوب مجرد معاملہ کے طریق
میں داخل نہیں ہوتا ہے اور معاملہ کا ثمرہ اثر ہوتا ہے یعنے محبوبیت عبودیت وغیرہ مقامات
معاملہ سے حاصل ہوتے ہیں اور معاملہ کا بیان ہم جلدی کرینگے اُسکے مقام میں
انشاءاللہ تعالیٰ اور ایسا شخص بھی مرشدی کے لائق نہیں ہے اور ایسے شخص کو اللہ
تعالیٰ نے جو حصہ دیا ہے اُسکے سبب سے اپنے حال سے خوش رہتا ہے اور اعمال کے
ادا میں نہیں لگا رہتا سوائے فرض یعنے فرض نماز روزے وغیرہ عبادت ادا
کرتا ہے نوافل اور مراقبات اور اذکار میں مشغول نہیں رہتا انتہی اس سے معلوم
ہوا کہ جسکو عوام الناس مجذوب کہتے ہیں اور وہ لوگ مطلق عبادت نہیں کرتے اس
چار قسم کے باہر ہیں اور مصنف نے جو معاملہ کے بیان کرنے کا وعدہ کیا سو اُسکا

و بیان مرشد کی تعلیم قبول کرنے سے بے عبودیت عالم باطن کی سیر کرنے لگتا ہے اور اُسی
سیر سے یقین کامل حاصل ہوتا ہے فرمایا اللہ تعالیٰ نے ساتویں سیپارہ سورہ
انعام میں وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ
مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ۔ اور یہی طرح ہم دکھلانے لگے ابراہیم کو سلطنت آسمان اور زمین کی
اور تاکہ اُسکو یقین آوے اور ہو اور خالص ہو یہ کامل یقین اس دوسری ولادت
میں حاصل ہوتا ہے اور اس ولادت کے سبب سے نبیوں کی میراث پانے کا
مستحق ہوتا ہے اور جس شخص نے نبیوں کی میراث نہ پایا وہ شخص جنا نہ گیا اور پیدا ہوا
اگرچہ اُسمیں پوری دانائی ہو اسواسطے کہ دانائی نتیجہ عقل کا ہے اور عقل جب نور
شرع سے خالی ہوتی ہے تب عالم ملکوت میں داخل نہیں ہوتی اور ہمیشہ عالم
ملک میں آمد و رفت اور دوڑ دھوپ کیا کرتی ہے اور اسی سبب سے
عقل ٹھہری رہتی ہے ریاضی علوم کی برہان اور دلیل روشن پر یعنے علم ریاضی
سے ظاہر موجودات کو پہچانتی . اور ثابت کرتی ہے اسواسطے کہ عقل عالم ملک
میں پھرا کرتی ہے اور عالم ملکوت پر نہیں چڑھ سکتی ہے آگے عوارف میں لکھتے
ہیں کہ ہمارے شیخ شیخ الاسلام ابو النجیب سہروردی بہت کہا کرتے تھے
کہ میرا فرزند وہ ہے جو ہمارے طریقہ پر اور ہمارے سیری چال پر اور وہ شیخ جنکے
طریقہ میں سلوک کرکے احوال حاصل ہوتا ہے اتحد یعنی تفرقہ تجلی استتار مشاہدہ
تا بہ حق الیقین وغیرہ کے . وہ آپس شیخ میں سے کوئی شیخ اپنے ابتدا حال میں
محبوب کے طریقہ پر پیدا کیا گیا ہے یعنی وہ اللہ کی محبت اور اُسکے قرب حاصل ہونے
کے لئے وہ پہلے مجاہدہ کرتا ہے تب اُسکو مشاہدہ حاصل ہوتا ہے اور اُسکو محب اور
مرید کہتے ہیں اور کوئی اپنے ابتدا حال میں محبوبین کے طریق پر پیدا کیا گیا ہے یعنی اُسکو
اللہ تعالیٰ نے پہلے اپنا محبوب بنالیا ہے اور اُسکو مشاہدہ پہلے حاصل ہوا تب مجاہدہ

بیان تیسوین باب سے پچاسوین باب تک کیا ہے اُن بابون مین طہارت اور صلوۃ
و صوم اور آداب طعام و لباس اور قیام اللیل اور نیند سے جاگنے اور استقبال قبلہ
بنے فجر سے عبادت صبح تک اور تمام روز گذارنے وغیرہ معاملات کا بیان کیا ہے
اور انہین عبادتون کو جو ہاتھ پاؤن وغیرہ اعضاے ظاہری سے ادا ہوتی ہین
معاملہ کہتے ہین پھر آگے فرماتے ہین اور جو سالک کہ متدارک بالجذبہ ہے ... وہ
شخص ہے کہ وہ پہلے شروع مین مجاہدہ اور محنت کرتا تھا اور معاملہ یعنی ساری عبادت
کرتا تھا اس کے ساتھ ذکر کرتا تھا اور مشتاق کے روز کی شہادتون کو دفع کرتا تھا بعد
اسکے وہ رنج کی سوزش سے حال کے آرام اور نسیم کی طرف پہنچایا گیا تب منزل کے بعد
شبہ پایا اور انس و ذوق کے قبیل کی نسیم اور خوش ہوا سے آرام دیا گیا اور رنج تشنگی کی
سختی کے تسلی کی سنا ذکی مین پایا اور قرب کی خوشبو سے آرام دیا گیا
اور اُسکے واسطے مشاہدہ کا ایک دروازہ کھولا گیا تب اُسنے اپنی دوا پایا اور اس کا
برتن بھایا ہوا اور اُس سے دانائی اور معرفت اور فہم مسئلہ کی باتین نکلتی تھین
اور نیک لوگون کے دل اُسکی طرف مائل ہوئے اور غیبی فتوح اور کشایش اُسپر پیدا
ہونے لگین اور ظاہر اُسکا راست و درست ہوا اور باطن اُسکا مشاہدہ کرنے لگا
اور مرشد کے پاس سے رخصت ہو کے خلوت مین بیٹھنے کے قابل ہوا اور اُسکی خلوت
جلوت مین ہوئی یعنے خلوت در انجمن اور دست بکار دل بیار اُسکا حال ہوا پھر
وہ غالب رہتا ہے اپنے حال پر اور اُسکا حال اُسپر غالب نہین ہوتا یعنے وہ مغلوب
الحال نہین ہوتا کہ حال کی بیقراری مین خلاف شرع حرکت کرے بلکہ وہ حال
کو دبائے رہتا ہے اور سکون کے ساتھ رہتا ہے اور غلبہ اور سکون کا بیان اوپر
کی چھتیسوین فصل مین دیکھو اور وہ یعنی علامت اور نشانی دیکھ کے لوگون کا حال
دریافت کرتا ہے اور اُسکا حال کوئی دریافت نہین کر سکتا اور ایسا شخص مرشدی

کے لائق ہے اسواسطے کہ یہ شخص اپنے ابتدا حال مین محبین کے طریق پر پیدا کیا گیا ہے
کہ پہلے ابرار اور صالحین کے طریق کے موافق اعمال اور عبادت کیا ہے تب بعد اسکے
اس شخص کو مقربین کا حال ملا ہے اور ایسے شخص کے تابعدار لوگ ہوتے ہین کہ اس شخص
سے علوم معرفت کے اُن تابعدارون کو حاصل ہوتے ہین اور اس شخص کے طریق
مین سلوک کرنے سے برکت ظاہر ہوتی ہے لیکن کبھی یہ شخص اپنے حال مین مجبور
اور مغلوب بھی ہوتا ہے اور حال کا محکوم ہوتا ہے اور حال کے قید سے رہائی نہین پاتا ہے
اور کمال بخشش اور عطا کے درجہ کو نہین پہنچتا یعنے جیسا کہ مجذوب متدارک بالسلوک
کا درجہ ہوتا ہے اُس درجہ کو نہین پہنچتا بلکہ اُسکو جو بہرہ اور حصہ ملا ہے اُسپر ٹھہرا
رہتا ہے اور وہ حصہ کامل اور مجید عطا فرمایا اللہ تعالی نے اٹھائیسوین سیپارہ
سورۃ مجادلہ مین یرفع اللہ الذین امنوا منکم والذین اوتوا العلم درجت
اللہ اونچے کرے اُنکے جو ایمان رکھتے ہین تم مین سے اور جنہین دیا گیا علم درجے
لیکن بہت بڑا انعام مرشدی کے رتبہ مین چوتھا قسم ہے اور وہ مجذوب متدارک
بالسلوک ہے کہ پہلے ہی سے ظاہر کر دیتا ہے اللہ تعالی کشف اور انوار تجلی
اور اُسکے دل سے پردے اُٹھا لئے جاتے ہین اور کھل جاتے ہین بسبب
انوار مشاہدہ کے اور اُسکا دل یکسو ہو جاتا ہے ... دنیا سے
اور ... ہو جاتا ہے بہشت کی طرف اور سیراب ہو جاتا ہے حال کے دریا سے
اور بچ جاتا ہے کینہ اور ساری بیماریون سے یعنی اللہ تعالی کے وصول سے
روکنے والی بیماریون سے اور کہتا ہے زبان حال سے مین عبادت نہین کرتا
اُس رب کی جسکو نہین دیکھتا یعنے بغیر مشاہدہ کے مین عبادت نہین کرتا ہون
حدیث مین ہے کہ عبادت کرے تو اللہ کی گویا کہ اُسکو دیکھتا ہے یا جیسا کہ رسالہ مکیہ مین
ہے کہ جس وقت دعبل یمانی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ یا امیر المومنین کیا

آپ نے اپنے رب کو دیکھا ہے تب فرمایا میں عبادت نہیں کرتا اُس رب کو جسکو نہیں دیکھتا تب کہا دعبل نے کیونکر دیکھا آپ نے اسکو تب کہا تیرا بھلا ہو اے دعبل اُسکو کھلا کھلی آنکھیں نہیں دیکھتیں لیکن دیکھتے ہیں اسکو دلین ایمان کی حقیقتوں کے ساتھ اور اُسکے باطن سے اُسکے ظاہر پر انوار محبت کے پہنچتے ہیں تب سالک مجاہدہ اور معاملہ کا اُسکو بغیر رنج کے حاصل ہوتا ہے بلکہ اُسمین کمال لذت پاتا ہے اور اُسکا قلب یکے دل کی سختی بگڑ جاتا ہے اس سبب سے کہ اُسکے دل میں اُسکے رب کی محبت پیدا ہو جاتی ہے اور اُسکا جسد نرم ہو جاتا ہے جیسا کہ اُسکا دل نرم ہو گیا ہے اور اُسکے بدن کے نرم ہونے کی یہی علامت ہے کہ اُسکا قالب عقل کے حکم کو قبول کر لیتا ہے جیسا کہ اُسکے قلب نے قبول کر لیا ہے تب اُسکو اللہ تعالیٰ ایک ارادے کے ساتھ چاہتا ہے اور اُسکو ایک محبت خاص دیتا ہے جو مرادین کی محبت میں سے ہے تب وہ ماسوا اللہ سے الگ ہو جاتا ہے اور اُسکو اللہ اپنی رحمت ازلی سے لالیتا ہے اور ماسوا اللہ سے منہ پھیر لیتا ہے اور اللہ کی طرف سے اُسپر الہام ہونے لگتے ہیں اور اُسکے نفس کی افسردگی اور تحیر اُس سے دور ہو جاتا ہے اور روح کی گرمی سے اُسکا نفس تاپتا اور گرم ہو جاتا ہے اور اُسکے دل سے نازکی اور کھینچا کھینچی کرنے والی نفس کی تہین دور ہو جاتی ہیں فرمایا اللہ تعالیٰ نے تیئسوین سیپارہ سورۂ زمر میں اللہ نزل احسن الحدیث کتابا متشابھا مثانی تقشعر منه جلود الذین یخشون ربهم ثم تلین جلودھم وقلوبھم الی ذکر الله اللہ نے اتاری بہتر بات کتاب آپس میں ملتی دہرائی ہوئی بال کھڑے ہوتے ہیں اُسکے کھال پر اُن لوگوں کے جو ڈرتے ہیں اپنے رب سے پھر نرم ہوتی ہیں اُنکی کھالیں اور اُن کے دل اللہ کی یاد پر اس آیت میں حق سبحانہ نے خبر دیا کہ جلود نرم ہوتے ہیں جیسا کہ قلوب نرم ہوتے ہیں اور یہ نہیں ہوتا ہے مگر محبوب مراد کا سو شیخ اول جو طریق محبین میں پیدا کیا گیا ہے نفس کی

بندگی اور غلامی سے آزاد ہے ولیکن کبھی قالب کی بندگی اور غلامی میں باقی رہتا ہے یعنے نفس کی مخالفت کرتا ہے اور جو اعمال شرعی اُسکے نفس پر گران گزرتے ہیں اُنکو بجا لاتا ہے شریعت کی تابعداری کے سبب سے مگر اُسمین اُسکو نفع نہیں اور اپنے دل کے حال میں مثل مشاہدہ وغیرہ کے لذت پاتا ہے جیسا کہ اوپر مذکور ہوا مگر کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایسا شیخ حال کے قید سے رہائی نہیں پاتا اور یہ جو تیسرا شیخ جو محبوبین کے طریق میں پیدا کیا گیا ہے سو قالب کی بندگی اور غلامی سے آزاد ہے جیسا کہ وہ نفس کی بندگی سے آزاد ہے اور یہ جو دونوں شیخ کے فرق کو ہم نے ذکر کیا سو اُسکی حقیقت یہ ہے کہ نفس جو ہے سو پردہ تاریک ارضی ہے یعنی نفس سفلی ہے اور سفلی چیزوں کی خواہش اور نفسانی کی خواہش اُسمین بھری ہے جو اُسکا تابع ہوتا ہے وہ نفسانی اور گناہ میں گرفتار رہتا ہے سو پہلا شیخ نفس کی تابعداری سے آزاد کیا گیا اور خوف اور طمع سے عبادت کرنے لگا اور قلب جو ہے سو پردہ نورانی سماوی ہے یعنے قلب آسمانی ہے اور آسمانی چیزوں کی خواہش اُسمین بھری ہے جو اُسکا تابع ہوتا ہے اُسکو بہشت اور اچھے حال یعنی مشاہدہ وغیرہ کی خواہش ہوتی ہے اور اُسی کو غنیمت جانتا ہے سو اس نورانی پردے سے بھی دوسرا شیخ آزاد کیا گیا تب اپنے رب کا ہو گیا قالب کو نہ باقی رہا اور وقت کے پیدا کرنے والے کا ہو گیا وقت کو نہ باقی رہا یعنے نرا بندہ بن گیا اب عبادت کرنے لگا اب کہ حق جان کے اور اُسپر ایمان لایا صدق دل سے یعنی وہ اخلاص کے ساتھ عبادت کرتا ہے اور اللہ کی رضا کے سوا اور کچھ نہیں چاہتا اور کسیکی طرف التفات نہیں کرتا اور سجدہ کرتا ہے اللہ کو اُسکا ظاہر بدن اور اُسکا خیال یعنے باطن اور ایمان لاتا ہے اب پر اُسکا دل اور اقرار کرتی ہے اُسکی وحدانیت کا اُسکی زبان جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے یعنے سجدے میں کہا یعنے یہی عرض کیا کہ سجدہ کیا تجھکو میرے ظاہر بدن نے اور میرے خیال

نے اور ایمان لایا تمہیں پر دل اور اقرار کیا تیری وحدانیت کا میری زبان نے
اور ایسا شیخ عبودیت اور رتبے بندے بن جانے سے پیچھے نہیں ہٹتا اور اسکی
عبادت اللہ کی عبادت کے ہم شکل اور مشابہ ہو جاتی ہے فرمایا اللہ تعالیٰ نے
تیرھویں سیپارہ سورۂ رعد میں وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا
وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ اور اللہ کو سجدہ کرتا ہے جو کوئی ہے آسمان و
زمین میں خوشی اور زبردستی سے اور انکی پرچھائیاں صبح اور شام تو غالب جو ہیں سجدہ
پرچھائیاں سجدہ کرنے والی ہیں کہ ارواح مقربہ کی پرچھائیاں ہیں کہ اس ارواح
کو اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے اپنے جناب میں قریب کیا ہے تو عالم شہادت
یعنی عالم ظاہر اور دنیا میں جسکو عالم ملک کہتے ہیں اصل یعنی جسم جو نظر پڑتا ہے
نفس ہے اور یہ اسکا سایہ اور پرچھائیں ہے اور عالم غیب میں جسے عالم باطن میں جو
نظر نہیں پڑتا ہے کہ عالم ارواح کہتے ہیں اصل یعنی ارواح جو نظر نہیں پڑتیں اسکے ہیں
اور انکے سایہ یعنی جسم کثیف ہیں تو سجدہ کرتا ہے اللہ کو بندہ کیا لطیف اور کثیف دونوں
اور یہ وصف جمیع کے طریق میں پیدا کیا گیا ہے انکا حاصل نہیں ہے اسواسطے [illegible]
ناخوش اور جو مسلم کہ ظاہری عمل کو یعنی ظاہری اعمال ادا کرتا ہے لیکن اسمیں لذت نہیں
پاتا اور مجبور ہوتا ہے اور افسردہ ہو جاتا ہے حال کے نہ پانے سے [illegible]
یعنی مشاہدہ و اتصال ہونے کو جو ایمان حقیقی کا حاصل ہے [illegible] جانتا ہے [illegible]
اور عبادات ظاہری کو بھی ادا کرتا ہے مگر اسمیں لذت نہیں پاتا بلکہ یہ سب اعمال
اسپر شاق گذرتے ہیں اور انکو ناخوش معلوم کرتا ہے اور یہ ناخوش اور بدمزہ
معلوم کرنا شک کے تھوڑا [illegible] لینے کے سبب سے ہے اگر اسکو زیادہ
علم ہوتا تو وہ [illegible] کے [illegible] اعمال کے ساتھ لگے رہنے کو ایسا معلوم
کرتا جیسا کہ [illegible] جسم کے ساتھ [illegible] معلوم کرتا کہ اعمال سے لاپروائی

اور چشمی نہیں ہے جیسا کہ عالم شہادت یعنی عالم ظاہری میں ظاہروں سے علاوہ واقع
نہیں سو جب تک کہ غالب ہیں باقی ہیں تب تک عمل بھی باقی ہیں اور جو شخص کہ پہنچا اس
مقام میں جسکا ذکر اوپر بیان ہو چکا وہی شیخ مطلق ہے کہ حال کے قید سے رہائی
پائی ہے اور وہی عارف محقق ہے اور محبوب آزاد ہو گیا ہے کہ نفس اور قلب دونوں کی
بندگی سے آزاد کیا گیا ہے نظر انکی وہ ہے اور کام اسکا شغل ہے اور اللہ کے ساتھ
ہوتا ہے اور اللہ کے ساتھ جب رہتا ہے جیسا کہ حدیث میں آیا ہے ہمیشہ میرا بندہ میری
نزدیکی ڈھونڈھا کرتا ہے نفل عبادت ادا کر کے یعنی فرض عبادت [illegible] محبت محبوب
ہو اسکو نواز کرتا ہے اور میری نزدیکی کے شوق اور محبت کے جوش اور میری
لذت سے نفل عبادت جو اسپر واجب نہیں ہے ادا کیا کرتا ہے یہاں تک کہ میں
رکھتا ہوں اس بندے کو پھر جب میں اسکو دوست رکھتا ہوں تب ہوتا ہوں اسکا
کان اور آنکھ اور ہاتھ اور دل کہ مجھ سے سنتا ہے اور مجھ سے دیکھتا ہے بندہ میرے ساتھ
ساتھ بولتا ہے جب بولتا ہے اور دیکھتا ہے جب دیکھتا ہے آخر حدیث تک۔ پوری حدیث
مشکوٰۃ شریف میں باب ذکر اللہ عزوجل میں دیکھیں اور اس حدیث کے الفاظ
کی روایتیں مختلف ہیں پھر بعضے فرماتے ہیں کہ یہ شیخ مذکور دیتا ہے اللہ کے حکم سے
اور نہیں دیتا ہے اللہ کے حکم کے بغیر جو اسکو الہام ہوتا ہے اپنی ذات سے دینے نہ دینے کے خیال کی
اسکو دینے نہ دینے میں کچھ خواہش نہیں ہوتی بلکہ وہ حق کی مراد اور خواہش کا تابع ہوتا ہے
اور حق تعالیٰ اسکو اپنی مراد بخشوا دیتا ہے تب سب چیزوں میں اللہ تعالیٰ کی مراد کے
واسطے قائم اور مستعد رہتا ہے اور اسی کے واسطے سب کام کرتا ہے اپنی مراد کے
واسطے کچھ نہیں کرتا یعنی اسمیں نفس اور دل کی خواہش بالکل باقی نہیں رہی کہ دونوں
کی بندگی سے وہ آزاد ہو گیا ہے پھر اگر اس شیخ کے جانا کرے اللہ تعالیٰ عزوجل جانتا ہے
کہ وہ [illegible] ناقص [illegible] محبوب [illegible] میں داخل ہوگا اس سبب کی [illegible]

نے جاتا ہے اس سبب سے نہین کہ بضرورت نیکی ہو بخلاف خادم کے جو اللہ تعالی
کے بندون کی خدمت گزاری کے واجب ادا کرنے کے واسطے قائم اور مستعد رہتا ہے
اس فقیر نے معتبر اور ثقات لوگون سے اپنے مرشد حضرت سید احمد قدس سرہ
کا حال بہ سُنا اور صراط المستقیم سے دریافت کیا تو دل مین خوب جم گیا کہ حضرت مرشد
کو اللہ رب العالمین نے محبوب مراد پیدا کیا۔ فائدہ خادم تھا دم مستخدم
کے بیان مین جیسا کہ مرید کے تربیت و تعلیم کرنے والے کو مرشد کہتے ہین ویسا جو شخص
طالبون کے کھانے کپڑے وغیرہ ضروریات کی حاجت روائی مین خبرگیری
کرتا ہے اسکو خادم کہتے ہین تو ہمارے ملک مین جو بعضے اہل مقدور یا تاجر لوگ یا
متوکل درویش لوگ یا جاگیردار معافیدار درویش اور بزرگزادے لوگ طالبعلمون
اور درویشون کی جاگیر مقرر کر دیتے ہین یہ سب خادم ہین وہ لوگ اچھے لوگ ہین
بعد وہ لوگ ابرار مین داخل ہین وہ لوگ مرشدی کے رتبہ والے نہین ہین نیت کے
فرق سے ان لوگون مین بھی فرق ہو جاتا ہے جیسا کہ آگے معلوم ہوگا اور جسکو
مرشدی کا رتبہ حاصل ہے وہ مقربین مین داخل ہے اور خادم بھی بسبب نان کی
کے مقبول دلدار ہوتا ہے اور اسکا مرتبہ بادشہرۂ آفاق ہوتا ہے اور جو جب
مثل مشہور کے مصرع راحت جان رسان کہ ہمین مشرب است و بس یہ جو کہ
بعض لوگ جو مرشد ہین باطنی راحت رسانی سے خبردار نہین ہوتے کہ انکی تربیت
سے دل کو چین اور آرام حاصل ہوتا ہے اور بہشت مین ہمیشہ کی راحت پانے کے
قابل مرید لوگ ہو جاتے ہین اس سبب سے خادم کو جو مرشد جانتے ہین عجب
نہین کہ خادم سے بیعت ارادت کی کرلین اور اپنے مقصد سے محروم رہین اسواسطے
مصنف رحمہ اللہ نے خادم اور مرشد کا فرق بتایا جیسا باب مین بیان کیا اور دونو خادم
اور مرشد کے مشتبہ کا فرق بھی بیان کر دیا اب جو حدیث ہم لکھتے ہین اسکو سنو فرماتے ہین

اللہ تعالی نے داؤد علیہ السلام کے پاس وحی بھیجی کہ اے داؤد جب تو میرے بندون
مین سے کسیکو میرا طالب دیکھے تب تو اسکا خادم بن جا اور اسکی خدمت کر جیسا کہ خادم
کی خدمت خادم کرتا ہے تو خادم جو خدمت کرتا ہے ثواب کی خواہش سے
اور اس چیز کی خواہش سے جو اللہ تعالی نے اپنے بندون کے واسطے وعدہ
فرمایا ہے اور جو لوگ اللہ کی طرف متوجہ ہین ان کے مہم کو انجام دینے کے
اور انکی معاش کا سرانجام کرنے کے انکو راحت پہنچانے اور فراغ خاطر کر دینے
کی فکر مین لگا رہتا ہے اور خادم جو کرتا ہے ثواب کے واسطے کرتا ہے نیک نیت
کے ساتھ تو شیخ اللہ کا ارادہ پہنچانے بغیر کچھ نہین کرتا اور خادم بغیر نیک نیت
کے کچھ نہین کرتا تو خادم جو کچھ کرتا ہے ثواب کے واسطے کرتا ہے اور شیخ جو کچھ
کرتا ہے ثواب کے ساتھ کرتا ہے بلکہ مشاہدہ کے ساتھ اور اسکی مرضی کے ساتھ
کرتا ہے تو شیخ مقربین کے مقام مین قائم ہے اور خادم ابرار کے مقام مین تو خادم
اہل ایثار اور ... خیرات غیرون سے قبول کرتا ہے غیرون کیواسطے اور
ایثار کے معنے یہ ہین کہ بعضے اپنی حاجت پر دوسرے کی حاجت کو مقدم سمجھ کے دنیا
مین خادم وجہ مشروع کے ساتھ خلق سے لیتا ہے اور نیک نیت کے ساتھ خلق کو
دیتا ہے اور شیخ اللہ سے لیتا ہے اور اللہ کی مرضی کے ساتھ خرچ کرتا ہے اس بیان
سے خادم اور شیخ مین جو فرق ہے سو معلوم ہوگیا اور خادم کیوقت کا روز بروز اور
... اللہ تعالی کے بندون کی خدمت کی فکر مین لگے رہنا ہی اور ساعت مین ...
... فضیلت جانتا ہو اور اس خدمت گزاری کو اپنے نوافل سے بہتر جانتا ہے
مثل اشراق اور ضحی اور تہجد وغیرہ کے یہ خاکسار کہتا ہو کہ اگر خادم مرشد کے
فراغ خاطر کر دینے کی فکر مین لگا رہیگا تو دین کے باطن کی معرفت مین اسکو ذکر
اور ... ہدایت مین ... سے ... کیا ہے کہ ... ہو ...

مصنف فرماتے ہیں اور جو شخص خادم کو نہیں پہچانتا وہ شخص کسی خادم کو شیخ کے
مقام پر سمجھتا ہے اور کسی خادم کو اپنا حال نہ سمجھنے کے سبب سے اپنی نسبت شیخ
گمان کرتا ہے اسکا سبب یہ ہے کہ انکو علم کم ہے اور اس زمانہ میں صوفیہ کا علم
بہت جانے کے سبب سے اور مشائخ میں سے بہت سے مخبروں کے علم تصوف
اور دل کے حال کو چھوڑ کر کے ظاہر پر قناعت کرنے کے سبب سے ایسی سمجھ پیدا ہوگئی
ہے تو جو شخص کھانا خوب زیادہ کھلاتا ہے ان کے نزدیک وہی شخص شیخی
کے لائق زیادہ ہے اور اتنا نہیں جانتے کہ جو شخص کھانا بہت کھلاتا ہے سونا
ہے وہ شیخ نہیں ہے اور خادم کو کوئی کرنہ سمجھے وہ بھی اسکے مقام میں قائم ہے
اور اللہ تعالی نے اسکو بہت اچھا مرتبہ دیا ہے اور جنید بغدادی نے کہا کہ سری سقطی کو
میں نے سنا وہ کہتے تھے کہ میں مختصر اور صاف راہ بہشت میں پہنچنے کی خوب پہچانتا
ہوں تب میں نے کہا کہ وہ کون راہ ہے تب کہا کہ تو نہ مانگ کسی سے کچھ اور نہ لے
کسی سے کچھ اور نہ رہے تیرے پاس کچھ کہ اس میں سے کسیکو کچھ دیوے [illegible]
یہ شیخ کا حال ہے کہ وہ اللہ ہی سے لیتا ہے اور اسی کے دلوانے سے جسکو
وہ دلواتا ہو دیتا ہو اور اسکے پاس نیت کے رتبہ کے سوا کچھ نہیں اور یہی جنت
کی راہ ہے اور خادم جانتا ہے کہ جنت کی راہ بھی خدمت اور بذل اور ایثار ہے تو وہ
خدمت کو نمازوں پر مقدم کرتا ہے اور اسمیں بڑی فضیلت جانتا ہے اور حقیقت میں خدمت
کو نفلوں پر فضیلت ہے مگر ان نفلوں پر جنکو بسبب ثواب پانے کے واسطے ادا کرتا ہے
ان نفلوں پر فضیلت نہیں ہے جن نفلوں سے اللہ تعالی کے ساتھ اپنے دل کے حال کے
درست ہونے کا قصد رکھتا ہے مثل ان کا اور مراقبات کے اور سوا اسکے کہ اسکا درست
ہونا افضل ہے کیونکہ ابھی پہلے دنیا میں ثواب اور خدمت کے ثواب ملنے کا آخرت
میں وعدہ ہے [illegible] انکا [illegible] نوافل پر خدمت کی فضیلت کی دلیل والی حدیث

میں سے یہ حدیث ہے جو انس کی حدیث کی روایت سے مصنف نے سند مرفوع
کے ساتھ بیان کیا ہے کہا انس نے کہ ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ
سفر میں تھے پھر ہم لوگوں میں سے بعضے روزہ دار تھے اور بعضے افطار کیے ہوئے
تھے پھر ایک منزل میں ہم سب کوئی اترے اور وہ بڑی سخت گرمی کا دن تھا
پھر ہم لوگوں میں سے کوئی اپنے ہاتھ سے دھوپ کو بچاتا تھا اور اکثر ہم لوگوں
میں سے چادر والے تھے وہ اسی سے سایہ کئے تھے پھر روزہ دار لوگ سو گئے
اور افطار کرنے والے اٹھے اور خیمہ کھڑا کیا اور اونٹوں کو پانی پلایا تب فرمایا حضرت
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ آج کے دن افطار کرنے والوں نے بڑا ثواب پایا
اور یہ حدیث دلالت کرتی ہے نفل عبادت سے خدمت کے افضل ہونے پر اور
خادم کا بڑا مقام ہے خواہش کرنے کے قابل انتہی . اس بیان سے مرشد اور خادم
کا فرق خوب ظاہر ہوا اب اسکے آگے متخادم کو جو بیان کیا اسکا ذکر مختصر
ہم اسقدر کرتے ہیں کہ ان دونوں کو بھی لوگ پہچانیں فرماتے ہیں . اور لیکن
جو شخص کہ اپنی نیت کو نفس کی آمیزش سے خوب نہیں ہمیشہ زائل نہیں کرسکتا اور
مشابہت کرتا ہے خادموں کی اور فقیروں کی خدمت کی فکر میں لگا رہتا ہے اور بلا علم
کے خدمت میں داخل ہوتا ہے یعنی جیسے خدمت خادم کرتا ہے ویسی ہی یہ بھی کرتا ہے
اپنے ارادے کی خوبی کے سبب اور خادموں کی پیروی [illegible] کے سبب سے
اسکی خدمت اور پیروی کے ساتھ ملجاتی ہے [illegible] اور [illegible] سبب
اس خدمت کرنے میں صوفیہ کے گروہ کے خادم کا درجہ نہیں ہوتا [illegible]
اور درجہ نہیں ہے اسی سبب سے کہ اس خدمت میں کچھ خواہش نفسانی کی آمیزش ہے خواہش نفسانی کی
آمیزش کے سبب سے وہ اللہ تعالی کے بندوں کی خدمت کبھی فقیروں کو مقام خرچ کرتا ہے
اور کبھی اپنی خواہش کے موافق جہاں بھی جا پاتا ہے [illegible] زیادہ کرنے کی سستی [illegible]

اُنکو اور بعض وقت میں ایسے شخص کی خدمت کرتا ہو جو خدمت کرنیکے لائق ہو اور خلق کی حاجتی تھا
اور بعض اُنکو خدمت کرتا ہو اور اُسکے ساتھ دوستی رکھتا ہو ثواب اور اللہ تعالیٰ کی ... اگر کبھی
اور بہ نکار اُس میں خواہش نفسانی بھی تھی اس سبب سے جو اُسکی نا گوار ہو اُسکی خدمت کرنا
سنا اور جس سے بہ خوشی کا کام دیکھتا ہو اُسکی خدمت نہیں کرتا اور خوشی اور غصہ دونوں
حال میں خدمت کے واجب کی رعایت اور محافظت نہیں کرتا اسواسطے کہ خواہش
نفسانی کے سبب سے اُس کے دل کا مزاج برگشتہ ہو گیا اور بدل گیا ہو اور خادم
جو ہوتا ہے سو خوشی اور غصہ کے وقت خدمت کرنے میں نفس کی تابعداری نہیں
کرتا اور اللہ تعالیٰ کے کام میں کسیکی ملامت کرنے سے نہیں ڈرتا اور خرچ کی چیز کو
اُسکے مقام میں خرچ کرتا ہے سو جس شخص کا ہم نے بیان کیا سو وہ حقیقی خادم نہیں ہے
بلکہ ہمیشہ محنت کے ساتھ خادم بنتا ہے اور خادم کی مشابہت کرتا ہو وہ حقیقت میں
خادم نہیں ہے اور خادم اور متخادم میں فرق نہیں کر سکتا مگر وہی شخص جسکو چیزوں کے
درست کرنے اور خواہش نفسانی کی آمیزش سے چیزوں کے بچانے کا علم حاصل ہے
اور متخادم بھی ہے سو مرد واصل اور عجب ہے اپنی محنت سے خرچ میں
خادم کو ثواب پاتا ہے حال آنکہ خادم کے رتبہ کو نہیں پہنچتا
اسواسطے کہ خواہش نفسانی کی آمیزش کے موجود ہونے کے سبب سے
وہ خادم کے حال کے خلاف ہو اور لیکن یہ شخص کہ ازلی ... کہ ...
مقرر کیگے فقیروں کی خدمت کے واسطے مقرر کیا گیا ہے ... مشغول کیا گیا ہے اور
وہ خدمت کرتا ہے مال ملنے کے سبب سے ... [illegible]
سبب سے سو وہ شخص اپنے نفس کی خدمت کرتا ہے ... [illegible]
کرتا ہو ... [illegible]
خدمت کرتا ... [illegible]

خدمت اپنے نفس کی عزت کے واسطے کرتا ہے اور جسکی خدمت کرتا ہے اُس سے
جسبات کی حاجت رکھتا ہو اُسکے سبب سے خلقوں میں اُسکی عزت زیادہ ہو
اور تابعداروں کے زیادہ ہونے سے اُسکا مرتبہ زیادہ ہو تو ایسا شخص اپنی خواہش
نفسانی کا خادم اور اپنی دنیا کا طالب ہو دن رات وہ اسی چیز کے حاصل کرنے کی
حرص میں رہتا ہو جس سے اُسکا جاہ اور مرتبہ زیادہ ہو اور وہ اپنی تئیں اور اپنے
گھر والوں کی تئیں خوش رکھے اور دنیا میں فراخ دستی کے ساتھ اپنی گذران کرے
... خادم اور ... اپنی ... اور عیال کے خاطر اپنا ... اور عیال رکھتا ہے
اور اُسکا نفس مردوں کی طلب میں رکھا کرتا ہے اور ریاست کی محبت اُسپر غالب
رہتی ہے اور جسقدر اُسکا مرتبہ زیادہ ہوتا ہے اُسیقدر اُسکی خواہش نفسانی
زیادہ بڑھتی جاتی ہے اور فقیروں پر زبردستی کرتا ہے اور فقیروں کو اپنی نہایت محتاجی اور
چاپلوسی اور خوشامد کا محتاج بنا دیتا ہے تاکہ وہ لوگ اُسکی خوشامد اور چاپلوسی
کریں اُسکی خوشنودی کے واسطے اور اُسکے ظلم سے بچنے کے واسطے اور جبر
روز بروز وہ فقیر اگر دیتا ہو اُسکے پرورش کرنے کی قدرت ہو ... جسکا پیچھے سے
بیان ہوا اُسکے واسطے بہت مناسب ہو کہ اُسکا نام مستخدم یعنے اپنی خدمت کرانے
کا طالب رکھا جاوے اور یہ شخص نہ خادم ہے اور نہ متخادم ہے اور ابو عبد اللہ ... سبب
ذکر کرنیوالوں کے یہ شخص کسی مرتبہ کی برکت پاتا ہو اسواسطے کہ اُسنے صوفیوں کی خدمت
کو دوسرے لوگوں کی خدمت سے پسند کیا ہے اور صوفیوں کی طرف اپنی نسبت
کرتا ہو ... اور ... حدیث مسند کے ساتھ مروی ہے جس میں یہ عبارت
ہے ... گروہ ... اُن کے پاس کا بیٹھنے والا شقی اور بدبخت
نہیں ہوتا ...

[illegible]

پانچویں ہدایت مشائخ صوفیہ جو مرید کو خرقہ پہناتے ہیں اکثر آدمی ان میں اور مرید ہونے کے منکر ہیں اور مرید ہونے کے قائدے کے بیان میں پہلے ایک مضمون فرحت ہی جو قول الجمیل اور شمائل ترمذی اور تواریخ اور تفسیر کی معتبر کتابوں سے چن کے ہم لکھتے ہیں اسکا یاد رکھنا چاہیے کہ آگے جو مضمون بیان ہوگا سو آسانی سمجھ میں آجاوے وہ مضمون یہ ہے کہ جاننا چاہیے کہ کسی مضمون اکا قول دینا اسکو شریعت میں مبایعت اور بیعت کرنا کہتے ہیں قرآن شریف میں سورہ انا فتحنا اور سورہ ممتحنہ میں ساری قسم کی بیعت کا بیان عموماً اور بیعت جہاد اور بیعت توبہ کا بیان خصوصاً صریح کے ساتھ موجود ہی اور تفسیر مدارک اور رازی اور حسینی اور بیضاوی وغیرہ میں اس مضمون کی تفسیر بتصریح موجود ہی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت قولی اور فعلی دونوں سے یہ بیعت ثابت ہی اور بیعت کے بہت سے اقسام ہیں ان سب اقسام کا بیان قول الجمیل میں دیکھو اور خرقہ پہنا صوفیہ کی اصطلاح میں مرشد سے بیعت کرنے کو کہتے ہیں اور اس خرقہ پہننے اور ہاتھ ملانے سے مرید اور مرشد میں ایک علاقہ ہو جاتا ہی اور اہل سنت وجماعت میں سے کسی نے آج تک اس بیعت کا انکار نہ کیا اور جیسا کہ یہ بیعت کتابوں سے ثابت ہی ویسا اس بیعت کا سلسلہ اور سند اور شجرہ بھی مرشدوں کے پاس موجود ہی جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے علاقہ ملنا ثابت ہی تو جس کے پاس سند نہیں انکو آنحضرت سے کچھ علاقہ نہیں۔ اور اسکے اصل یہ ہی کہ ایک قسم کی جو بیعت اسلام ہی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں جاری تھی خلفای راشدین کے زمانے میں متروک ہوگئی تھی اسواسطے کہ انکے زمانے میں اکثر لوگوں کو دبا کے اور تلوار کے زور سے مسلمان کرتے تھے اور اسی طرح سے تقوی پر مضبوط رہنے اور باطن کی صفائی حاصل کرنے کی

بیعت بھی جسکو بیعت ارادت اور تائید عزیمت کہتے ہیں اُن کے زمانہ میں متروک ہوگئی تھی کیونکہ انکے زمانے میں صحابہ لوگ بہت سے موجود تھے جو حضرت صلعم کی صحبت سے نورانی ہو چکے تھے اور حضرت سے سارے آداب شریعت کے سیکھ چکے تھے تو انکو خلفاء راشدین سے اس بیعت کرنے کی حاجت نہ تھی ان بیعت خلافت کی صحابہ لوگ خلفای راشدین کے ہاتھ پر کرتے تھے اور خلفاء راشدین کے زمانے کے بعد دین کے امیروں کے ہاتھ پر لوگ بیعت امامت کی جو کرتے تھے اور وہ بیعت نابود ہونے اور جس سے بیعت کیا اسکو اپنا حاکم بنانے کی نشانی تھی اس سبب سے انکے زمانے میں صوفیہ لوگ اس ڈر سے کہ اگر ہم بھی لوگوں سے بیعت لینگے تو شبہ ہوگا کہ یہ لوگ اپنی جماعت علیحدہ تیار کرتے ہیں بادشاہ اسلام سے شاید باغی ہونگے تو اسباب میں فتنہ اور فساد ہوگا تب اس وقت میں صوفیہ لوگ بیعت کے قائم مقام خرقہ دینے کو کرتے تھے اور بجائے بیعت کے مرید کو خرقہ دیتے تھے یعنی کوئی کپڑا پہنا دیتے تھے۔ بعد صحابہ کے یعنی تبع تابعین کے زمانے کے بعد جب دنیا دار بادشاہ لوگ پیدا ہوئے تب انکے زمانے میں اس مسنون بیعت کی رسم اٹھ گئی یعنی وہ لوگ بادشاہت کے زور سے لوگوں کو دبا کے اور سزا دے کے اپنا تابعدار کرتے تھے اور اس سنت کے قائم کرنے کا انکو خیال نہ تھا تب حضرات صوفیہ نے فرصت کو غنیمت پاکر بیعت سنت پر عمل کیا اور اس مری سنت کو زندہ کیا اور پیران خرقہ کے زمانے کی طرح سے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کے بیعت کرنے لگے مگر آگلی بولی میں اس بیعت کا نام جو خرقہ پہنا مشہور ہوگیا تھا سو رہ گیا اس سبب سے عوارف وغیرہ میں مرشد سے بیعت کرنے کو خرقہ پہنا لکھا اب اس مضمون سے یہ بات صاف ظاہر ہی کہ فساد کے خوف سے بیعت کی اس سنت کو دین کے قدیم پیشواؤں نے

جو شخص کے مرشد ہیں سو اُن لوگوں نے فساد کے وقت میں سنت کے ترک
کرنے کی مصلحت پر عمل کر کے اس سنت کو موقوف رکھا جیسا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نے حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کی سنت کے موافق کعبہ کا دروازہ
بنانے کو موقوف رکھا جس کا بیان جامع ترمذی میں ہے تو جو لوگ اس وقت
میں مرشد ہیں کہ جس سے سنت باقی رہنے میں بھی کلام ہی جاری کرتے ہیں [illegible] دین
میں جھوٹ ڈالتے ہیں وہ لوگ اپنے رسول اور عالم مرشدوں کے خلاف ہیں
اور ان پیر گروہ والے تو باقی شریعت اللہ کے گروہ والے ہیں وہ لوگ جو ہاتھ
پر ہاتھ رکھ کے بیعت نہیں لیتے بلکہ [illegible] اور جو تمام اپنے مرشدوں کی
پیروی کر کے کھانے پینے کے مقصد میں بہت ہیں جان کر کے اور لوگوں کو ڈرا
اور دھمکا یا کرامات کرنے کے زور سے لوگوں کو اپنا تابعدار کرتے ہیں سو
[illegible] ہونے سے پیروی میں اللہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور دین کے
[illegible] اہل سنت وجماعت سے خارج ہیں خدا ہم کو اللہ تعالیٰ
[illegible] تعالیٰ رسوا اور خراب کرے آپ خرقہ پہننے کا بیان

[illegible] میں لکھا ہے اُسکا [illegible] فرماتے ہیں
خرقہ پہنانا ہے سو ایک علامت اور میل ہے مرشد اور مرید کے بیچ میں اور مرید کی
طرف سے مرشد کو اپنے دل میں حاکم بنانا اور مرشد پر نیک گمان کے سبب سے
[illegible] بیعت میں [illegible] دینی مسلمانوں کے واسطے حاکم بنانا [illegible]
[illegible] چیز کا [illegible] سلسلہ صادق کے خرقہ پہننے کا یعنی مرید ہونے کا
اور اپنی طلب میں سچا ہو اور نیک گمان اور نیک عقیدہ سے ایک شخص کو اپنا مرشد
مقرر کرتا ہو اور اپنے [illegible] میں اُسکو حاکم مقرر کرتا ہو دینی مسلمانوں کے واسطے تاکہ وہ مرشد
اسکو سیدھی راہ بتاوے اور اسکی اصلاح کرے یعنی اُسکے اخلاق اور چال کو

نیک بناوے اور اللہ کی طرف سے جو اُسکے دل پر احوال وارد ہوتے ہیں مثل محبت
وغیرہ اور انس و قرب اور حیا اور اتصال اور قبض اور بسط اور فنا اور بقا کے سو اُن
احوال کو اسکو جتلاوے اور نفس کی آفتوں کو اور اعمال کے فساد اور خرابیوں کو اور
دشمن یعنی شیطان کے داخل ہونے کی راہوں کو مرید کو دکھلاوے اور مرید اپنی تئیں
مرشد کے سپرد کرے اور مرشد کی رای اور اُسکے صواب دید اور پسند کا تابعدار ہوجاوے
اپنے سارے کاروبار میں اور مرشد مرید کو خرقہ پہناتا ہے مرید میں اپنے تصرف کے
ظاہر کرنے کے واسطے تو خرقہ پہنانا نمونہ اور نشان ہے یعنی مرشد کے ہاتھ میں اپنی تئیں سپرد
کرنے اور مرشد کے سارے حکم ماننے کی نشانی ہے اور مرشد کے حکم میں مرید کا داخل ہونا
اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم میں داخل ہونا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
سے بیعت کرنے کی سنت کا زندہ کرنا ہے انتہی۔ اس بیان سے صاف معلوم ہوتا ہے
کہ جو لوگ پیری بیعت کے منکر ہیں اگر اللہ اور رسول سے کچھ [illegible] تو نہیں جو اس کے ہیں
بیعت کے سنت ہونیکی دلیل میں جو حدیث مرفوع مصنف نے بیان کیا ہے وہ اسکا ہے جب
یہ کہ عبادہ ابن صامت نے کہا کہ بیعت کیا ہم لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ کے اس بات پر کہ [illegible] حکم سنیں اور مانیں [illegible]
آسانی اور خوشی اور ناخوشی میں اور اس بات پر کہ اولی الامر سے جھگڑا نہ کریں اور [illegible]
کہ ہم جہاں ہوں حق کہیں اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈریں [illegible]
لکھے ہیں تو خرقہ پہنے میں یعنی ہاتھ پر ہاتھ رکھ کے بیعت کرنے کے بارے حال [illegible]
یہی جو بات ہاتھ پر ہاتھ رکھ کے بیعت کرنے میں حاصل ہوتی ہے وہی
بات خرقہ پہننے میں حاصل ہوتی ہے کہ مرشد کا ہاتھ مرید
کے ہاتھ اور بدن کو چھوتا ہے اور ایک [illegible] پایا جاتا ہے اور خرقہ بہ مرشد کی صحبت
میں داخل ہونے کی [illegible] اور جو کچھ بات ہے وہ مرید کی پیری کے باب میں حاصل

مقصد صحبت ہی کا ہے اور مرشد کی صحبت سے مرید کو ساری نیکی کی امید ہے اور روایت
ہے ابی یزید بسطامی سے کہ انہوں نے کہا کہ جس شخص کا کوئی استاد نہیں ہو اسکا امام شیطان
ہے انتہی اور رسالہ مکیہ میں کہا کہ جس شخص کے شیخ نہیں تو اسکا شیخ شیطان ہے غرض استاد
اور شیخ دونوں ایک ہی ہیں مگر طریقت والے مرشد پر شیخ کا لفظ اکثر بولتے ہیں پھر مصنف
فرماتے ہیں اور نقل کیا استاد ابو القاسم قشیری نے اپنے شیخ ابو علی دقاق سے کہ انہوں نے
کہا کہ جب کوئی درخت جب بغیر بونے والے کے روئیدہ آپ ہی آپ اگتا ہے تو اسمیں
پتے نکلتے ہیں اور پھلتا نہیں اور ہو سکتا ہے کہ وہ درخت جنگلوں اور پہاڑوں کے درختوں
کی طرح سے پھلے لیکن انکے میوے میں بامزہ اور بدرد بے بھے درختوں کی سی مزہ
ہوگی اور جب کوئی درخت ایک مقام سے اوکھاڑ کے دوسرے مقام میں رویا جاتا
ہے تب خوب تر و تازہ ہوتا ہے اور اسکا پھل مزہ دار ہوتا ہے اور زیادہ پھلتا ہے
اسواسطے کہ اس درخت میں انکے مرشد باغبان کا تصرف پایا گیا حقیقت یہ ہے
ارشاد بیعت کے کمال علم نہ سیکھے ہوئے گئے ہیں تعلیم کے قبول کرنے کو مستحب جانا
اور کمال علم جس شکار کو مارا ہو اسے اسکا حلال فرمایا اور تمیز علم کتا جس نے تعلیم نہیں
قبول کیا اس کے مارے ہوئے کو حرام فرمایا انتہی سبحان اللہ جب کتا اور مرشد
کی تعلیم قبول کرنے سے کتے اور درخت کا ایسا درجہ ہوتا ہے تب آدمی کے
درجہ کا کمال کیا پوچھنا پھر مصنف فرماتے ہیں اور میں نے بہت سے مشائخ سے سنا وہ
لوگ فرماتے تھے جو شخص نجات پانے والے شخص کو دیکھیگا سو نجات
پاویگا یعنے نجات والے کی صحبت سے آدمی نجات پاتا ہے اور ہم سب مسلمانوں کے
واسطے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرنے اور چال سیکھنے کو اللہ تعالی
نے بہتر فرمایا ہے وہی حکم ہو جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب
لوگوں نے دین کے علوم اور آداب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سیکھا یہ کام

بعضے اصحاب سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا کہ سکھایا ہم سب لوگوں کو رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے سب چیزیں یہانتک کہ پاخانہ پھرنا سو مرید صادق جب شیخ کے
حکم میں اور اسکی صحبت میں داخل ہوا اور اسکے آداب یعنی نیک چال کو سیکھا جو حقیقت میں
آنحضرت کی چال ہے تب مرشد کے باطن سے مرید کے باطن میں ایک حال اثر کرتا ہے
جیسا کہ ایک چراغ سے دوسرا چراغ روشن کر لیا جاتا ہے انتہی یعنے اسی طرح کہ آنحضرت
سے صحابہ نے اپنا چراغ روشن کر لیا پھر صحابہ سے تابعین نے اپنا چراغ روشن کر لیا
اور تابعین سے تبع تابعین نے اپنا چراغ روشن کر لیا اسی طرح سے مرشدوں کے
سلسلہ اور رابطہ اور ارتباط اور میل کے وسیلہ سے خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے
باطن کی روشنی ہم لوگوں تک آپہنچی اگر وسیلہ اور رابطہ جو پیر اور مرید میں ہوتا ہے نہ ہوتا
تو اس روشنی سے محروم رہ جاتے اور یہ بات ہر خاص و عام پر ظاہر ہے کہ جب ایک
چراغ سے دوسرا چراغ روشن کرنے چاہتے ہیں تب جب تک کہ اس دوسرے چراغ
کو میل اور لگاؤ اس پہلے چراغ سے نہیں ہوتا تب تک اس پہلے چراغ کی آگ اس
دوسرے چراغ میں نہیں لگتی اسی واسطے فرمایا اللہ تعالی نے بائیسویں سیپارہ سورۂ
احزاب میں یَا أَیُّهَا النَّبِیُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِیرًا
وَدَاعِیًا إِلَى اللَّهِ بِإِذْنِهِ وَسِرَاجًا مُنِیرًا اے نبی ہم نے تجکو بھیجا بتانے
والا اور خوشی سنانے والا اور ڈرانے والا اور بلانے والا اللہ کی طرف اسکے حکم
سے اور چراغ چمکتا انتہی آنحضرت کو چراغ اسواسطے فرمایا کہ ایک چراغ سے دوسرا
چراغ روشن ہوتا ہے اسی طرح قیامت تک آنحضرت کی بیعت کا سلسلہ مرشدوں
کے وسیلہ سے جاری رہیگا۔ اور آفتاب نہ فرمایا کیونکہ ایک آفتاب سے دوسرا
آفتاب روشن نہیں کر سکتے پھر آگے مصنف فرماتے ہیں اور کلام شیخ کا مرید کے
باطن کو باردار کرتا ہے یعنے جیسا کہ عالم ملک یعنی ظاہری میں خرمے کے نر درخت

ہو یا درخت مین جوڑ لگانے سے نر درخت کی تاثیر سے نر کا مادہ درخت باردار ہوتا ہی اور اُسکے پھل ظاہر ہوتے ہین دنیا و عالم الملکوت یعنے باطن مین مرشد کے کلام کی تاثیر سے مرید کا باطن باردار ہوتا ہے اور نعمت اور نیک اعمال اور حال کو نور باطن کو حاصل ہوتا ہی ہر روز باطن سے اُسکے جوارح پر ظاہر ہوتا ہی اور مرشد کی بات مین اچھے اچھے حال بلند درجات کے ہوتے ہین تب ہی حال مرشد کی صحبت کے بوسیلہ اور مرشد کی بات سننے کے وسیلہ سے مرید مین آجاتے ہین۔ اور یہ بات حاصل نہین ہوتی ہے مگر اسی مرید کو جسنے اپنا ارادہ اور خواہش کو مرشد کے تابع کردیا ہے اور اپنے ہی کے ارادے سے نکل گیا ہے اور اپنے اختیار کو چھوڑ کے مرشد کے ارادہ مین فنا ہوگیا ہے تب اللہ تعالی کے اس میل کرانے کے سبب کو صاحب اور محبوب مین یعنے مرشد اور مرید کے درمیان مین ایک میلا اور علاقہ قدرت کا اور بیانتہی طہارت کا ہوجاتا ہے پھر مرید مرشد کے ساتھ بسطوح سے اپنا اختیار چھوڑنے کے ادب سیکھا کرتا ہی یہان تک کہ مرید کو شیخ کے ساتھ جو ترک اختیار حاصل ہوا ہے اس درجہ سے ترقی ہوتی ہی اور اللہ تعالی کے ساتھ اُسکو ترک اختیار حاصل ہوتا ہے اور اللہ تعالی سے سمجھنے لگتا ہی یعنے بسبب الہام کے جیسا کہ مرشد سے سمجھتا تھا بسبب صحبت کے اور ان سب نیکیون کا شروع مرشد کی صحبت کا اختیار کرنا ہی اور خرقہ پہننا یعنے مرید ہونا اس صحبت اختیار کرنے کا مقدمہ اور علامت ہی انتہی پھر آگے مصنف رحمہ اللہ نے خرقہ پہنانے کی دلیل مین وہ حدیث مرفوع لکھا جسمین ام خالد کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے چادر پہنانے کے قصہ کا بیان ہے بعد اسکے لکھا کہ یہ بات پوشیدہ نہین ہی کہ خرقہ کا پہننا جس شکل پر اس زمانے مین مرشد لوگ اعتماد کرتے ہین یعنے انکو ہاتھ پکڑ کے بیعت کرنیکے قائم مقام جانتے ہین کیونکہ اسمین بھی مرید اور مرشد سے ایک قسم علاقہ ہوتا ہے

اور خرقہ پہنانے وقت مرید کا مرشد کے کمر کو چھونا ہی اور چراغ سے چراغ بن جاتا ہے سو اس شکل پر خرقہ پہننا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے مین نہ تھا اور خرقہ پہننے کی تکمیل اور اس شکل کے خرقہ پہننے پر سب کا اتفاق کرنا اور اسکا اعتبار کرنا طریقت کے مجتہدون اور مرشدون کے استحسان سے ہی کہ مرشدون نے اسکو بہتر جانا انتہی یعنی یہ کام اب شریعت مین بھی درست ہوگیا اور بدعت باقی نہ رہا اسواسطے کہ حدیث مین وارد ہی کہ جس چیز کو مومن لوگ بہتر سمجھین اور بہتر جانتے اور کرین وہ اللہ کے نزدیک بہتر ہے اور اس حدیث مین مومن لوگون سے مجتہد لوگ مراد ہین کیونکہ غیر مجتہد کی سمجھ شرع مین معتبر نہین ہی فرماتے ہین سو اصل اس خرقہ پہننے کی اسی حدیث سے ہی جو کہ روایت کیا ام خالد کی حدیث اور اس خرقہ پہنے کی دلیل پر وہ مضمون بھی شاہد ہے جو کہ حاکم بنانے کا ذکر ہی کیا یعنے خرقہ پہنانا مرشد کا اپنے اوپر حاکم مقرر کرنے کی نشانی ہی اور ظاہر ہی کہ شریعت زمانے مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرنے سے دوسری کون پیروی بڑی کامل ہوگی اور بیشک اللہ تعالی نے اپنے کلام قدیم مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو امت کے حاکم مقرر کرنے کو ذکر کیا اور مرشد کو مرید کا حاکم مقرر کرنا اسی حاکم مقرر کرنے کی سنت کا زندہ کرنا ہی فرمایا اللہ تعالی نے پانچوین سیپارہ سورہ نساء مین فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتّٰى يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِي أَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ۝ سو قسم ہے تیرے رب کی انکو ایمان نہوگا جب تک تجھی کو منصف نہ جانین جو جھگڑا اٹھے آپس مین پھر نہ پاوین اپنے جی مین تنگی تیری چکوتی سے اور قبول رکھین مان کر اور اس آیت کے اترنے کا سبب یہ تھا کہ زبیر ابن عوام رضی اللہ عنہ اور ایک دوسرا شخص انصار مین سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک مقدمہ کے فیصلہ کرنے کو

آئے سنگستان مین سے نرم زمین کیطرف پانی جاری تھا اُسی سے وہ دونون
اپنے اپنے خرما کے درخت کو سینچتے تھے تب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے زبیر کو فرمایا
کہ اے زبیر تو پانی سینچ لے بعد اسکے پانی کو چھوڑ دے اپنے ہمسایہ کے واسطے تب
وہ انصاری خفا ہوا اور کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پھوپھیرے
بھائی کے موافق فیصلہ کیا تب اللہ تعالیٰ نے اس آیت کو اتارا اسمین رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ادب نگاہ رکھنے کی تعلیم کی اور صحابہ اور ساری امت کیواسطے
اس آیت مین ایمان کی شرط مقرر کیا تسلیم کر لینے حکم کو قبول کر لینا اور مان لینا اور تسلیم
ہوسے سو فرمانبرداری ظاہری ہے اور جی مین تنگی نہ پانے کو اور جی مین خفگی نہ پانا
ہوسے سو فرمانبرداری باطنی ہے اور یہی شرط مرید کیلئے ہے مرشد کے ساتھ مرشد کو
حاکم مقرر کرنے کے بعد تو بس خرقہ کا پہننا یعنے خرقہ مین یا ہاتھ پر ہاتھ رکھکے بیعت
کرنا ہوسے سو مرید کے دل سے مرشد کے سارے کاروبار مین تہمت رکھنے کو
دور کر دیتا ہے اور مرشد پر اعتراض کرنے سے مرید کو بچاتا ہے کیونکہ مرشد پر
اعتراض کرنا مرید کے واسطے زہر قاتل ہے اور ایسا کم ہوتا ہے کہ مرید اپنے
دل مین مرشد پر اعتراض کرے اور پھر وہ مرید نجات پاوے اور مقصد پاوے
اور مرشد کے کارخانے مین جس جس بات کا سمجھنا مرید کو مشکل ہو تب مرید موسیٰ کو قصہ
خضر علیہما السلام کے ساتھ جیسا گزرا اُسکو یاد کرے خضر سے جو کام صادر ہوئے تھے
اور موسیٰ اُس کام سے انکار کرتے تھے پھر جب خضر نے موسیٰ سے اُن سب کامون کے
معنی اور وجہ کو کھول دیا تب خضر کے اُن سب کامون مین صواب پر ہونے کی وجہ
موسیٰ پر ظاہر ہو گئی تو اسی طرح سے مرید کو لائق ہے یہ جاننا کہ مرشد سے جو کام ہوتا
ہے اور اُس کام کی صحت اور درستی کا سمجھنا مرید کو مشکل معلوم ہوتا ہے تو اُس کام کے
درست ہونے کا بیان اور دلیل مرشد کے پاس ہے اور مرشد کا ہاتھ خرقہ پہنانے

مین ہوا اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر [illegible] اور مرشد کی بھی مرید کو قبول کرنیوالا [illegible] ہے اور یہ بیان
کیا ہے کہ [illegible] فرمایا اللہ تعالیٰ نے جیسے چھبیسوین سیپارہ سورۂ فتح مین اِنَّ الَّذِيْنَ
يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا
يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ وَمَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا
جو لوگ ہاتھ ملاتے ہین تجھ سے وہ ہاتھ ملاتے ہین اللہ سے اللہ کا ہاتھ اوپر ہے اُن کے
ہاتھ کے پھر جو کوئی قول توڑے سو توڑے اپنے بُرے کو اور جو کوئی پورا کرے
جس پر اقرار کیا اللہ سے وہ دیگا اُسکو نیگ بڑا اور مرشد خرقہ پہنے یعنے مرید ہونے کی
شرطون کے ادا کرنے کا قول مرید سے لیوے اور مرید ہونے کے حق مرید کو
پہچنوا دے تھی۔ اور مرید ہونیکے حق قریب ہی اس ہدایت مین مذکور ہو چکے ابتدا اور
اور خواہش کو مرشد کے تابع کر دینا اور مرشد کو حاکم مقرر کرنا اور اسکے حکم کو مان لینا اور
دل مین تنگی نہ کرنا اور مرشد پر اپنے دل مین اعتراض نہ کرنا وغیرہ مضمون۔ پھر آگے جو
مضمون بیان کیا ہے اُسکا خلاصہ یہ ہے کہ مرید مرشد کا معنوی بچا ہے اور اُسکا مرید ہونا
معنوی ولادت ہے اور اُسکے دودھ پینے اور دودھ چھوڑنے کا وقت ہے اور مرشد
کی صحبت مین ہمیشہ رہنا بھی دودھ پینے کا وقت ہے سو مرشد مرید کو دودھ پلاتے اور
دودھ چھوڑنے کا وقت بتلاتے اور مرید کو لائق نہین ہے کہ بغیر حکم مرشد کے اُنکی صحبت
سے جدا ہو اور مرشد جدا ہونے کا حکم نہ دے مگر جب معلوم کرے کہ اب اُسکا
دودھ چھوڑنے یعنے مرشد سے جدا ہونے کا وقت آیا اور اب مرید بالاستقلال
آپ ہی اکیلا سلوک کر سکیگا اور مرید کا استقلال اس قسم سے معلوم ہوتا ہے کہ
مرید پر اللہ کی طرف سے علم کا دروازہ کھلا ہے پھر جب مرید اس رتبہ کو پہنچے کہ
اُسپر باطن سے علوم کا دروازہ اللہ تعالیٰ سے آپ عرفان کھلتا ہے اور اللہ سے بغیر
سے ہر کچھ [illegible] اور تنبیہین مرشد سے سائل محتاج کے حق مین ہوتی ہے [illegible]